CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم!!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

نوٹ:

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL

منتظرِ سزا

از قلم منزہ مرزا

وہ ساحل کی سفید ریت کو مٹھی میں جکڑے رکھنے کی ناکام کوشش کر رہی تھی۔

رات کے اندھیرے میں سفید ریت کے ساحل پر بیٹھی دائما پانی پر پڑتی چاند کی روشنی کی چمک کو دلچسپی سے دیکھ رہی تھی۔

اِس سحر انگیز منظر میں آنکھیں بند کئے ٹھنڈی ہوا اور پیچھے بیٹھے لڑکے کے گٹار کی دھنوں کی آواز اُس کانوں میں جا رہی تھی کہ اچانک فون کی بیپ کی آواز سے تسلسل ٹوٹا۔

ناگواری سے دائما نے آنکھوں کو زور سے بھینچ کر ناک سکیڑا مگر کال کرنے والا یہ نگواری دیکھ لیتا پھر بھی اُس پر اثر نہ ہوتا۔

دس منٹ تک ملسل بیپ بجنے سے اُسے اندازہ ہو گیا تھا کہ کال اٹھانی ہی پڑے گی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں سنی بولو۔

دائما کے انتہائی مصروف انداز میں بولنے پر بھی سنی نے کوئی توجہ نہ دی اور اپنے ازلی سست پن سے بولنا شروع کیا۔

یار دائما کہاں غائب ہو؟

سی ٹی وی نیوز (CTV news)

کی سب سے مقبول رپورٹر جس کے چرچے ہر جگہ ہو رہے ہیں کہاں چھپی بیٹھی ہے؟

تمھارے گرلز سمگلنگ کے متعلق شو نے تہلکہ مچا دیا ہے۔

تمھارے شو کی ریٹنگ سب سے اوپر جا رہی ہے۔

زبور کو بتا دو ہمیں کل نورتھرن ایریا)جنوبی علاقہ (جانا ہے میں نے اُن لوگوں کا ٹھکانہ ڈھونڈ لیا ہے۔ دائما نے اُس کے تعریفوں کے بندھے پُل کو یکسر نظر انداز کرتے ہوئے کہا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اولڈ پیلس)پرانے محل (کے بارے میں سنا ہے نہ تُم نے جسے پُر اسرار تصوّر کیا جاتا ہے۔

اُنہوں نے اس میں انڈر گراونڈ اڈّے بنا رکھے ہیں۔ جہاں مہینے میں سینکڑوں لڑکیوں کے سودے کیے جاتے ہیں جن میں بڑی تعداد انڈین لڑکیوں کی ہوتی ہے ۔

ہائے انڈین کیوں؟

وہاں کی غربت کی وجہ سے لڑکیاں بیچ دی جاتی۔ اور یہ چند پیسوں کے بدلے اغوا کرنے کی مشقت سے بچ جاتے ہیں۔

میں نے تو سنا ہے یہ گینگ بہت بڑی تعداد میں لڑکیاں اغوا کرتا ہے اور ان لوگوں کا شمار درجہ اول کے مفرور ملزموں میں ہوتا ہے۔ سنی نے بڑے جوش سے کہا جیسے دائما بکواس کر رہی ہو اور ساری انفارمشن صرف اُس کے پاس ہو۔

یہاں پر انڈین کمیونٹی کی تعداد کافی ہے ان کے لیے یہاں سے اغوا کرنا آسان ہے اور وہ مسلمان لڑکیوں کی طرح زیادہ مزاحمت بھی نہیں کرتیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر مسئلہ یہ ہے کہ یہ پاکستانیوں، بنگال اور سری لنکا جیسے ملکوں میں بڑی تعداد میں لڑکیاں سمگل کرتے ہیں۔ جو لڑکیاں یہ یہاں سے اغوا کرتے ہیں وہ سمگل کی گئی لڑکیوں کا دسواں حصہ بھی نہیں ھیں۔

یہ سب جو تُم مُجھے اتنی انفارمیشن دے رہی ہو میں اس کا کیا کروں گا؟

دائما نے غصے سے مٹھیاں بھینچی۔۔ واقعی اُس نے یہ سب اس احمق کو بتا کر وقت ضائع کیا تھا۔

کل ہم خُفیہ ریکارڈنگ کے لئے اُس علاقے میں جا رہے ہیں تُم اور زبور تیار رہنا میں تُم لوگوں کو کل آفس سے لے لوں گی اور جو جو چیزیں بتائی تھیں یاد سے رکھ لینا۔

لیکن ریکارڈنگ کیوں؟

جب تک ریکارڈنگ نہیں ہو گی کوئی یقین نہیں کرے گا ہماری بات پر اور ثبوت پیش کریں گے تو پولیس کو کارروائی میں آسانی ہو گی۔

ہم اپنی جان خطرے میں ڈال رہے ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انسان سب سے زیادہ آزمائش میں اپنی جلد بازوں کی وجہ سے پڑتا ہے کسی بھی کام کی حکمتِ عملی بنائی جائے تو ممکن ہے کام درستگی سے ہو گا۔

صرف میں اندر بھیس بدل کر جاؤں گی

تُم لوگ اُن کے علاقے سے دور گاڑی کھڑی کرو گے باقی میں سنبھال لوں گی۔ اور اگر میں تین دن تک واپس نہ آؤں تو تُم لوگ واپس آ جانا۔

سنی کا اُسکی اس بات سے دِل ڈوب گیا تھا۔

اُن کی ٹیم کی ایک ممبر کل لڑکیاں لے کر جائے گی بس جب وہ آئے گی اُسے ٹھکانے لگانا ہے اُس کی جگہ میں جاؤں گی اُسکی کارندہ بن کر اور اُن کا کام ختم یہ اس بار دائما حیدر کے ہتھے چڑھے ہیں۔ ہاتھ سے نکلنا مُشکل ہے۔

سنی کو یہ خطرے کے کھیل بلکل پسند نہیں تھے۔

ویسے تُم کہاں ہو؟

لٹل ہوائی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں؟ (Tribeun bay) مطلب ٹریبیون بے

رکھا ہے بہت (little Hawaii) "ہاں مگر جس نے بھی اس کا نام "لٹل ہوائی

خوبصورت رکھا ہے۔

اس سفید ریت کے چھوٹے سے ساحل کی مناسبت سے رکھا ہو گا۔

جزیرے کی جان کیوں نہیں چھوڑتی؟ (honrnbi) تُم اس ہورنبی

یہ سکون اور تنہائی پسند لوگوں کے لئے ہے اور اس کے ساحل کی

سفید ریت رات میں خوبصورت منظر بناتی ہے۔

سفید ریت، سفید پانی چاند کی روشنی صاف آسمان ٹھنڈی ہوا اور گٹار کی آواز سحر انگیز منظر ہے۔

گٹار کا بتاتے ہوئے دائما نے کال کاٹ کر فوراً پیچھے مڑ کے دیکھا تھا۔

گٹار کی آواز مدھم ہو گئی تھی اتنی مدھم کے اُسے خدشہ ہوا کے گٹار والے نے اُس کی باتیں نہ سن لی ہون۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دو لڑکے اُس سے کافی فاصلے پر بیٹھے تھے جس میں سے ایک گٹار بجا رہا تھا جب کہ دوسرا شاید باتوں میں مشغول تھا۔

اندھیرے کی وجہ سے شکلیں نظر نہیں آ رہی تھیں صرف سیاہ وجود لگ رہے تھے۔

وہاں پر سناٹا ہونے کی وجہ سے اتنی دور بیٹھے ہونے کے باوجود وہ لوگ سب سن چُکے تھے۔

بوس میں نے کہا تھا نہ پکی خبر ہے یہ لڑکی بہت عرصے سے ہماری معلومات لینے میں لگی ہے۔ ہاتھ دھو کر ہمارے پیچھے پڑی ہے اس نے اپنے پروگرام میں ہمارے کام کے بارے میں بہت سے انکشافات کیے ہیں۔

چلو چڑیا کل خود پنجرے میں قید ہونے آ رہی ہے۔

اور دونوں کے چہروں پر معنی خیز مسکراہٹ پھیل گئی۔

دائما جانے کے لئے اُن کے پاس سے گزری تو اُس کے ہاتھ کی جنبش کی وجہ سے اُس کے ہاتھ میں بندھے بریسلٹ کے موتیوں میں ارتعاش پیدا ہوا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل جو نظریں جھکائے گٹار بجانے میں مصروف تھا ایک نظر اُسکے بریسلٹ پر اور دوسری نظر اُسکے چہرے پر ڈالی۔

وہ اتنی قریب سے گزری تھی کہ صرف چاند کی روشنی میں بھی اُسکے چہرے پر گھیری خوشی نظر آ رہی تھی۔

باسل نے دِل میں کل اُسکے نہ آنے کی خواہش کی تھی۔ کیونکہ وہ خود غموں کے گھڑے میں پاؤں رکھنے جا رہی تھی۔ جس گھڑے میں گرنے کے بعد صرف موت کی راہ بچتی ہے۔

~~~~~~~~

سے برٹش (Tribune bay) دائما برق رفتار گاڑی چلانے کی وجہ سے ٹریبیون بے کولمبیا کے وسط میں موجود یونین کلب تک چھ گھنٹے کی بجائے چار گھنٹے میں پہنچ گئی تھی۔

رات کے دو بجے بھی اُس جگہ کو دیکھ کر کوئی بھی دِن کا گمان کر سکتا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

قمقموں نُما بتیوں سے سجایا کلب کا اندرونی حصہ ممکلّ طور پہ لکڑی سے بنا تھا۔

دیواروں سے لے کر وہاں موجود کرسیاں بھی لکڑی کے بنے شاہکار لگ رہے تھے۔

لکڑی کی اس قدر خوبصورت آمیزش پر دائما متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکی۔

دائما اُس سنیہا نامی عورت کو تلاش کر رہی تھی جسے کل ٹھکانے لگانے کے بعد اُس نے اولڈ پیلس میں داخل ہونا تھا۔

کلب میں اسٹریو کی آواز کے ساتھ ہلکی سی آواز گٹار کی دھنوں کی بھی آ رہی تھی مگر یہ دُھنیں تھوڑی دیر پہلے سنی گئی دھنوں سے مُختلف تھیں۔

دائما ہُڈ کے نیچے سے آس پاس کا جائزہ لے رہی تھی جب کسی کُرسی کی نوک بجنے پر چونکی۔

جلتی بُجھتی رنگین بتیوں میں وہ کُچھ بھی ٹھیک سے نہیں دیکھ پا رہی تھی جس کی وجہ اُس کا اس جگہ پر پہلی بار آنا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل جو گٹار کی دھنیں ترتیب دے دینے کی کوشش کر رہا تھا اچانک کسی کے کُرسی سے ٹکرانے کی وجہ سے بوکھلا گیا تھا۔

دائما نے اُس کی کُرسی سے ٹکرانے کے بعد بھی ایک معذرت بھری نظر ڈالنا بھی گوارہ نہیں کیا۔

ہُڈ میں سے نظریں اٹھائے وہ ملسل کسی کو تلاش کر رہی تھی مگر مطلوبہ انسان نہ ملنے پر اُس نے بغیر دیکھے باسل سے عجلت میں سنیہا الال کے بارے میں پوچھا۔

اور اشارہ ملنے پر اُس طرف لپکی۔

اُس کے تیزی سے چلنے کی وجہ سے اُسکے بریسلٹ)کڑے (کے سنہری موتیوں نے ارتعاش پیدا کیا۔

باسل کو لگا تھا اس ارتعاش کی آواز سے اُس کی دھڑکنوں میں بھی ارتعاش پیدا ہوا ہے۔

دائما جِس سنیہا کا سوچ رہی تھی یہ اُس سے بلکل مُختلف لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ستائیس،اٹھائیس سالہ دُبلی پتلی گندمی مائل سفید رنگت کی گہرے نقوش کی وہ عورت کم ٹین ایج لڑکی زیادہ لگ رہی تھی۔

تنگ قمیض شلوار ایسے لگ رہی تھی جیسے اُس کے جسم کے ساتھ چسپاں ہو۔

نفیس جیولری کولیکشن کے ساتھ وہ پیسے کی خوب نمائش کر رہی تھی۔

دوسروں کی عزتوں کو بیچ کھانے والوں کے پاس ایسے ہی بیش بہا حرام جمع ہوتا ہے۔

مگر یہ لوگ حرام حلال سے بلا تر سوچ کے لوگ تھے۔ ان کے نزدیک تو جائز نا جائز کی بھی کوئی وقت نہیں ہوتی۔

سنیہا انتہائی نزاکت سے ہاتھ ہلاتی کسی لڑکے سے بات کر رہی ہوں یا لوبھا رہی تھی۔

دائما چہرے پر مسکراہٹ کے ساتھ باہر نکلی اُس کے لیے کام آسان ہو گیا تھا اس نازک حسینہ کا سر پھوڑنا اُس کے بائیں ہاتھ کا کھیل تھا۔

سنیہا الال کے رنگ ڈھنگ دیکھ کر دائما کے چہرے کے تاثرات بدل رہے تھے۔

جنہیں دیکھ کر باسل محظوظ ہوا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما اس جگہ کے لذیذ کھانوں پر ہاتھ صاف کر رہی تھی اچانک میز پر نمودار ہونے والی پرچی کو دیکھ چونکی تھی۔

دائما نے آس پاس دیکھا مگر پرچی رکھنے والا یا تو ہوا سے تیز رفتار رکھتا تھا یا بھیڑ میں غائب ہونے کا ماہر۔

"don't do that"

(ایسا مت کرو)

عجیب بات ہے ایسا کیوں نہ کرو اتنے مشہور ہیں یہاں کے کھانے اب میں کھاوں بھی نا!

پرچی پر لکھے الفاظ وہ خاطر میں نہ لاتے ہوئے دوبارہ کھانے لگی۔

باسل کو جو تھوڑی دیر پہلے اُس کی بائیں جانب کی میز پر پُشت کیے بیٹھا تھا اُس کی بات سن کر سر پیٹ کے رہ گیا۔

یہ لڑکی سمجھنے والوں میں سے نہیں ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما یونین کلب سے نکلی تو باسل اور سناج اُسکے پیچھے ہو لئے۔

دائما نے پھر گاڑی کی سپیڈ بڑھا دی ۔

بوس اِس لڑکی کے ساتھ مسئلہ کیا ہے یہ گاڑی چلاتی کم دوڑاتی زیادہ ہے اس کا پیچھا کرنے کے چکروں میں میری ہڈیاں باہر آ جائیں گی۔

باسل نے ایک نظر سناج پر ڈالی جس کی صحت سے لگ رہا تھا کے چند گھنٹے مزید اسی رفتار سے گاڑی چلائی گئی تو واقعی اُسکی ہڈیاں گوشت پھاڑ کر باہر آ جائیں گی۔

گندمی مائل سیاہ رنگت کے ساتھ وہ صحت سے بھی خاصا کمزور تھا مگر بات ادھر سے اُدھر کرنے میں ایوارڈز کا مستحق تھا۔

باسل نے دائما تک وہ پرچی بہت مشکل سے پہنچائی تھی اگر سناج وہ دیکھ لیتا تو یہ ممکن نہیں تھا کے وہ شیکھ کو مطلع نہ کرتا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اُس گینگ کے سربراہ شیکر وشیاس عرف شیکھ کا بہت بڑا چمچہ تھا۔ شیکھ کی نظر میں اپنی ذرا سی عزت بڑھانے کے چکروں وہ کسی کی بھی جان کا نذرانہ آسانی سے دلوا دیتا۔

بوس ہم آرام سے چلتے ہیں اسے جانے دو سناج گاڑی میں بیٹھے ہوئے بھی ایسے ہانپ رہا تھا جیسے چل کر مسافت طے کر رہا ہو۔

باسل نے سپیڈ آہستہ کرتے ہوئے رستہ بدلہ مزید پیچھا کرنے کا فائدہ نہیں تھا اُنہیں شیکھ کو بھی جا کر آگاہ کرنا تھا۔

دائما نے گاڑی ایک گھر کے سامنے روکی اور کھلا دروازہ دیکھ کر دوڑتی ہوئی اندر گئی۔

سفید رنگت کا وہ دو منزلہ گھر کسی چھوٹے سے سفید محل کا ٹکڑا لگ رہا تھا۔

دروازے سے دیواروں اور گھر میں موجود آمیزش کے سامان تک میں سفید رنگ نمایاں تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جس کی وجہ دائما کا سفید رنگ پر مر مٹنا تھا وہ جہاں بھی کوئی سفید چیز دیکھتی تو وہاں سے لا کر اپنے سفید خانے میں اُٹھا لاتی۔

سامنے کھڑے حیدر علی س دائما کو اچانک دیکھ کر حیران ہوئے۔

ایک دن میں کیسے لوٹ آئی میری بیٹی۔۔ اب وہ دائما کو خود میں بھنچے ہوئے تھے۔

بس ڈیڈ آپکو پتہ ہے آپکی بیٹی کتنی فاسٹ ہے۔

یقینًا گاڑی چلائی نہیں دوڑائی ہو گی۔

ارے نہیں ڈیڈ میں نے گاڑی بھگائی ہے۔۔

دائما فخریہ انداز میں بتا رہی تھی۔

حیدر علی سر جھٹک کر رہ گئے جسکا مطلب تھا یہ کبھی نہیں سمجھے گی۔

ممی جلدی سے مل لیں مجھے جانا ہے۔

حسینہ حیدر کی سمجھ میں نہیں آتا تھا اُن کی یہ اک لوتی اولاد اتنی پھرتیلی کیوں ہے۔

اب کہاں جا رہی ہو؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خطروں سے کھیلنے۔۔ دائما نے انتہائی خوفناک آواز نکالنے کے بعد قہقہہ لگا کے ہنس پڑی کیونکہ وہ جانتی تھی یہ بات اُسکی ممی کو متاثر کرنے کے لئے کافی نہیں۔

کب آو گی واپس؟

آج، کل یا تین دن بعد یا کبھی نہیں۔

کبھی نہیں کہتے ہوئے دائما کا دل بھی بیٹھا تھا مگر وہ بہت ساری زندگیوں کو بچانے کی خاطر اپنی زندگی خطرے میں ڈالنے کا سوچ چکی تھی۔

اور فیصلے بدلنا اُس نے سیکھا ہی نہیں تھا۔

کیا مطلب کبھی نہیں؟

مذاق کر رہی ہوں۔۔ کہتی دائما باہر کی طرف دوڑی ابھی اُس نے زبور اور سنی کے ساتھ مغز ماری بھی کرنی تھی۔

~~~~~~~~~~

زبور اور سنی دونوں پیٹ پکڑے ہنس رہے تھے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

دائما جو تھوڑی دیر پہلے آفس آئی تھی اُن کے تماشے دیکھ کر سخت بے زار ہو رہی تھی۔

CSIS یار تُم تو

(Canadan security intelligence service)

کی سر گرم کارندہ لگ رہی ہو۔

ایجنٹ بناتا ہے؟ CSIS ایک ہڈ پہننیں سے کون

اب بک بک بند کرو اور ڈریس دو مُجھے

ڈریس کے نام پر دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا اور نظریں جھکا لیں۔

جسکا مطلب تھا کے اُنکے پاس کوئی ڈریس شریس نہیں ہے۔

اگر میں ایسے جاؤں گی تو سیکنڈوں میں پہچانی جاؤں گی احمقوں۔۔

ایک ڈریس ہے مگر بلیک میں ہے تُمہیں پتہ ہے انڈینز گہرے رنگ کے کپڑے پہنتی ہیں تُم اُس طرح بھی پہچانی جاؤ گی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جو بھی ہے لاؤ..اُن کی خبر لینے کا وقت نہیں تھا۔

سیاہ جوڑے میں اُسکا سیفد رنگ مزید نمایاں ہو رہا تھا ہمیشہ کی طرح میک اپ سے آری چہرہ جس پر پر ہزاروں سنجیدگی لیے وہ گاڑی میں بیٹھی۔

دِل میں ہزاروں وسوسے تھے مگر وہ زبان تک لانے والوں میں سے نہیں تھی۔

گاڑی میں موجود خاموشی کو توڑنے کی کوشش کسی نے بھی نہیں کی تھی۔

اپنا اور اپنے اس احمق کا خیال رکھنا۔

دائما زبور کے گلے لگتے ہوئے بولی

آنکھوں میں آنے والی نمی کو اُسنے اندر اُتار لیا تھا۔

یہ احمق تمھارا بھی ہو سکتا ہے سنی نے چھڑتے ہوئے کہا

مُجھے احمق نہیں پسند دائما نے آنکھ کا ایک کونے کو دباتے ہوئے کہا

دائما اگر تم واپس نہ آئی؟

سنی کی بات پر دائما کے چلتے قدم رک گئے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اللہ کی خاطر لڑو تو انسان نقصان نہیں اُٹھاتا یا جیت جاتا ہے یا شہادت پا لیتا ہے اور دونوں طرف سے صرف فائدہ ہے۔

وہ جانتے تھے یہ جواب نہیں اُنہیں حوصلہ دیا گیا تھا۔

دائما کو بیس منٹ چلنے کے بعد ایک گاڑی نظر آئی۔

جس کے باہر کھڑی سنیہا الال فون پر کسی سے بات کر رہی تھی

اِس سے اچھا موقع اُسے مل ہی نہیں سکتا تھا۔

دائما نے اپنی مخروطی اُنگلی میں پہنی واحد ہیرے کی انگوٹھی نکالی۔

جو اُس نے ہزاروں ڈالر لگا کر خریدی تھی۔

انگوٹھی نیچے گرائے بڑی پُر شوق نظروں سے انگوٹھی کو دیکھتے ہوئے سنیہا سے مخاطب ہوئی۔

Is this your ring?

اور سنیہا الال بغیر کُچھ سوچے سمجھے انگوٹھی اٹھانے کو نیچے جُھکی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُس نے اس بات پر بھی غور نہیں کیا کہ اس علاقے میں یہ لڑکی کیسے آئی۔

اُس کے نیچے جھکتے ہی اُسے سر پر کسی بھاری چیز کے بجنے کا احساس ہوا تھا۔

دائما پتھر سے اُسکا سر پھوڑے اب جھک کر اپنی انگوٹھی اُٹھا رہی تھی۔

ایک فاتحانہ نظر اُس حواس خمسہ نازک حسینہ پر ڈالتی اُسکی گاڑی میں بیٹھی۔

اُسے یقین تھا جب تک اُسے یہاں کوئی دیکھے گا اُس کا کام ہو چکا ہو گا۔

دوسری طرف کامل فون پر اس ہونے والی کروائی کی آوازیں سن چُکا تھا۔

سنیہا کو محتاط رہنے کے لئے فون کیا گیا تھا مگر وہ احتیاط نہیں برت سکی تھی۔

اور اب پتھروں کے بیچ اولڈ پیلس اور برٹش کولمبیا کے درمیان بے یارو مددگار زخمی حالت میں پڑی تھی۔

اُسے آواز صحیح نہ آنے پر باہر نکل کر فون سننا مہنگا پڑا تھا۔

دائما نے اولڈ پیلس کے سامنے گاڑی روکی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انتہائی بوسیدہ عمارت تقریباً پچاس سال پہلے کے طرزِ رہائش کا بنا وہ اب پیلس تو ہر گز نہیں لگتا تھا۔

اُس گینگ نے جان بوجھ کر بہت سی جھاڑیاں پیلس کے آس پاس اگائی تھیں ورنہ اُس پتھریلے علاقے میں اس تعداد میں جھاڑیوں کا اُگنا ممکن نہیں تھا۔

جھاڑیوں کی وجہ سے پیلس کا بایاں حصہ بلکل چھپا ہوا تھا یقیناً اُسی جانب اُسکا داخلی رستہ تھا۔

اُس جانب چند قدم چلنے پر ہی اُسے دو آدمیوں کے سر نظر آئے تھے۔

یہ یہاں کے سیکیورٹی گارڈ ہوں گے دی

اُنکے نزدیک پہنچتے ہی اُس پر یہ انکشاف ہوا جھاڑیوں میں چھپے سر کسی انسان کے نہیں بلکہ ربوٹس کے تھے۔

اس بوسیدہ دراڑوں سے بھرے آدھے مسمار پیلس میں اس طرح کے ایڈوانس انٹیلیجنس کا ہونا حیران کن تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور وہ اُسکا راستہ روکے کھڑے تھے اب نہ تو وہ اُنکو بات سمجھا سکتی تھی نہ سنیہا کی طرح اُنکا سر پھوڑ سکتی تھی۔

کُچھ یاد آنے پر اپنی پینٹ میں رکھی پرچی نکالی جو اُسے گاڑی سے ملی تھی۔

اور اُس پر لکھے حروف کو دہرانے لگی

Palace dwellers

(محل کے باسی)

روبوٹس پیچھے ہٹ گئے تھے مگر وہ اس کوڈ پر حیران ہو رہی تھی کہ اتنا آسان کوڈ تو وہ اپنے لاکر کا بھی نہ رکھے۔

کوئی یہاں پر آکر محل کے رہنے والوں کا کہہ سکتا ہے اور اندر جا سکتا ہے مگر وہ یہ نہیں جانتی تھی یہاں جانا آسان ہو سکتا مگر واپس آنا نہ مُمکن۔

دروازہ کھولتے ہی نیچے کی جانب سیڑھیاں اُترتی تھیں۔

پلیس کی حالت اندر سے باہر کی نسبت بہتر تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر سیڑھیوں پر پاؤں رکھتے ہی پیلس کی دراڑ زدہ دیواروں میں سے لال روشنیاں پھوٹنے لگیں۔

یقیناً کہیں کسی کمرے میں الرٹ کا سائرن بھی بجا ہو گا۔

اس با ظاہر خستہ حال نظر آتی عمارت میں جدید سیکورٹی سسٹم تھا۔وہاں شوز پرنٹس سکینر کا استمال کیا گیا تھا جس کی وجہ سے اُسکے پاؤں رکھتے ہی وہ کسی اجنبی کے آنے سے مطلع ہو چکے تھے۔

دائما سوچ رہی تھی اُسے کیا بات گھڑنی ہے کہ وہ کیوں اسپیشل شوز نہیں پہن سکی مگر اُسے اس سب کی ضرورت نہیں پڑی۔

دائما ابھی سیڑھیاں اُتری تھی کہ کسی نے زور سے اُسے اپنی جانب کھینچا تھا مگر اُسکے شدید مزاحمت کرنے پر اُسکا سر دیوار میں دے مارا تھا۔

دائما بند ہوتی آنکھوں سے بس اتنا دیکھ پائی کہ کوئی اُسے گھسیٹ رہا تھا۔

~~~~~~~~~~

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

بھاری سر اور ادھ کھلی آنکھوں سے وہ آس پاس کا منظر سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی۔

قبر سا اندھیرا تھا اُس جگہ پر وہاں روشنی کی ہلکی سی کرن بھی نہیں تھی۔

دیوار میں سر بجنے کی وجہ سے دائما کے سر میں شدید درد ہو رہا تھا۔

ہاتھ رسی سے اتنی مضبوطی سے بندھے تھے کہ رسیاں ماس میں دھنسی جا رہی تھیں۔ یقیناّ وہ کافی دیر سے بے ہوش اسی حالت میں بندھی پڑی تھی۔ اسی لیے اُسکی کلائی میں رسی بُری طرح دھنسی ہوئی تھی۔

اُسے اپنے آس پاس اور کسی کی موجودگی محسوس ہو رہی تھی۔ اُس نے سر کو اِدھر اُدھر جھٹکنا شروع کیا اور کُرسی سے آواز پیدا کرنی شروع کی۔

تھوڑی دیر بعد کرسیوں کی آوازوں سے کمرہ گونج رہا تھا۔

وہاں پر بہت ساری لڑکیاں بندھی تھیں۔ جنہیں یقیناً اغوا کیا گیا تھا ورنہ خریدی گئیں لڑکیاں نہ مزاحمت کرتی ہیں نہ اُنہیں باندھنا پڑتا ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آہستہ آہستہ کرسیوں کی آوازیں مدھم ہوتی گئیں۔ اُنکی طاقت ختم ہو رہی تھی وہ نا جانے کتنے دِنوں سے اسی حالت میں بندھی ہوئی تھیں۔

مگر ایک کُرسی کی آواز مسلسل آ رہی تھی۔ حالانکہ کمرے میں اٹھتی اشتعال انگیز بدبو اُسکے حواسوں پر اثر کر رہی تھی جس کا استمال بے ہوش رکھنے کے لیے ہی کیا جاتا تھا۔ مگر بھوک پیاس اور تکلیف کے آگے وہ دوا اُن پر اپنا اثر ٹھیک سے نہیں کر پا رہی تھی۔

دروازے سے ہلکی سی روشنی پھوٹی تو معلوم ہوا کہ اس جگہ سے نکلنے کا کوئی رستہ بھی ہے۔ دائما نے اپنے بندھے منھ سے آواز نکالنے کی بھر پور کوشش شروع کی۔

وہ اُنہیں اپنی طرف متوجہ کروانا چاہ رہی تھی جس میں وہ کامیاب ہو گئی تھی۔

اسے باہر لے کر آو یہ باقی سب کے بھی دماغ خراب کر رہی ہے۔ کوئی مردانہ آواز آئی۔

اُسے دوسرے کمرے میں لایا گیا مگر اُسکا سر چکرا رہا تھا چہرے دھندلے نظر آ رہے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پٹی اُتارو اسکے منھ سے وہ ہی مردانہ آواز آئی۔

پٹی کے کافی دیر سے بندھے ہونے کی وجہ سے پٹی زور سے کھینچنے پر اُسکے ہونٹ پھٹ گئے تھے اور خون بہنے لگا تھا۔

باسل نے آنکھیں بھینچتے ہوئے رُخ بدلا وہ ایسے مناظر برداشت نہیں کر سکتا تھا۔

میرا نام شیکر ویشاس ہے سب شیکھ کہتے ہیں۔

اگر کہہ سکو تو تُم بھی کہہ سکتی ہو۔

میں اس گینگ کا سربراہ ہوں اب کرو میرے خلاف کیا کرنا چاہتی ہو۔

مُجھے تم جیسے کتوں کو انجام تک پہنچانا آتا ہے۔

باسل نے سر جھٹکا وہ قید میں آکر پنجروں سے سر ٹکرا رہی تھی جس سے وہ خود ہی زخمی ہو سکتی تھی۔

بکواس بند کرو لڑکی تمھاری تو لاش بھی نہیں ملے گی تمھارے گھر والوں کو تمھارا حشر دیکھ کر کوئی اولڈ پیلس میں آنے کی غلطی کرنے کا سوچے گا بھی نہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسی اولڈ پیلس میں تُم سب کی قبریں بنواؤں گی تُم لوگوں کا انجام دیکھ کر کوئی ایسے کام کرنے کا سوچے گا بھی نہیں۔

سب پھٹی پھٹی آنکھوں سے اُس نڈر لڑکی کو دیکھ رہے تھے یہاں پر اُنہوں نے لڑکیوں کو رحم کی بھیک مانگتے دیکھا تھا بس اور یہ دھمکیاں دے رہی تھی۔

شیکھ غصے سے کانپا اور باسل کو اشارہ کیا۔

باسل نے اُس باہر سے کمزور اور اندر سے نڈر لڑکی پر ایک نظر ڈالی اور ایک زناٹے دار تھپڑ اُسکی سفید گال پر رکم کیا۔

دائما نے کہر آلود نظر باسل پر ڈالی۔

باسل اُسکی نظروں کی تپش برداشت نہیں کر پا رہا تھا۔

سر جھکائے رُخ بدل کر کھڑا ہو گیا۔

یہ پوری زندگی میں پڑے جانے والا پہلا تھپڑ تھا اور تھپڑ مارنے والے نے انتہائی بے رحمی سے مارا تھا کم از کم اُسے ایسا ہی لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو چڑیا ابھی بھی اُڑنے کے خواب آ رہے ہیں؟

زنانہ آواز پر دائما نے سر اٹھایا۔

سامنے نازک حسینہ سنیہا الال سر پر پٹی بندھے فاتحانہ نظروں سے اُسے دیکھ رہی تھی۔

دائما نے دانت بھنچے وہ فاتحانہ نظریں برداشت کرنے والی نہیں تھی۔

اوپر سے نیچے تک انتہائی گہری نظر اُس پر ڈالنے کے بعد آنکھ کا کونا دبایا)کمال لگ رہی ہو(۔

وہاں موجود سب نے باری باری ویسے ہی گہری نظروں سے اُسے دیکھا جو کے فطری عمل تھا۔

دائما نے وہاں موجود سب کا دھیان اپنے سے ہٹا کر سنیہا پر مبلوز کروا دیا تھا۔ اب فاتحانہ مسکراہٹ کے ساتھ سنیہا کو دیکھ رہی تھی اور سنیہا کا خون کھول گیا تھا۔

تھپڑ مارنے کے لئے ہاتھ اٹھایا اور ہاتھ کسی نے مضبوطی سے پکڑا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سنیہا نے حیرت سے باسل کو دیکھا۔

جو اپنی سرد آواز میں کہہ رہا تھا کہ یہ اُسکے کرنے کا کام نہیں۔

وہ خود تو دائما کو تھپڑ مار سکتا تھا مگر اپنے سامنے کسی اور کو نہیں مارنے دے سکتا تھا۔

آج تو میرا دِن ہی بُرا ہے جو کے اس لڑکی کی وجہ سے ہوا ہے ۔۔۔ سنیہا سوچ کے رہ گئی۔

میری نظروں سے دور کرو اِس لڑکی کو سنیہا چلائی وہ اُس گینگ میں لڑکیوں کو بیچنے کا بڑا ذریعہ تھی اُس سے شیکھ بھی بگاڑ نہیں سکتا تھا۔

اولڈ پیلس میں سنیہا نے اپنی دھاک بٹھا رکھی تھی۔ مگر وہ دھاک وہ چاہتے ہوئے بھی باسل پر نہیں بیٹھا سکی تھی۔

دائما بھی مزید اُنکی عدالت میں نہیں رہنا چاہتی تھی اُسے یہاں سے بھاگنے کا پلین سوچنا تھا مگر اُس کمرے کی اشتعال انگیز بدبو سوچنے کی صلاحیت شل کر دیتی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جب اُسے واپس اُس قبر نما کمرے میں لے جانے لگے تو اُس نے دور دروازے سے لوگوں کو آتا دیکھا جس میں سے اندر اسلحہ لایا جا رہا تھا یہ بیرونی رستہ تھا اور وہ یہی ڈھونڈھنا چاہتی تھی۔

رسیاں کھولنا اُس کے لیے مُشکل نہیں تھا مگر اِس قبر نُما کمرے کا دروازہ کھولنا مُشکل ہو سکتا تھا۔

پیچھے کھڑا باسل اُسکی نظروں کے تعاقب میں دیکھ رہا تھا وہ سمجھ گیا تھا اِس لڑکی کے ارادے ٹھیک نہیں ہیں۔

مگر یہاں پر صرف ارادے بنانیں سے کہاں کُچھ ہوتا تھا۔

مگر وہ جانتا نہیں تھا وہ دائما حیدر تھی خطروں کو بھی خطروں میں ڈالنے والی لڑکی۔۔

دائما نے نظریں اٹھائے باسل کو دیکھا جسکی نظریں اُس پر جمی تھیں۔

باسل نے اُسکے نظریں اٹھانے پر اپنی نظریں ہٹا لی تھیں۔

اُسکی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھنا اُس کے بس کی بات نہیں تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما نے تیوری چڑھائی۔

اُسے تھوڑی دیر پہلے اِس شخص سے پڑنے والا یاد گار تھپڑ یاد آیا۔

جو وہ اتنی آسانی سے نہیں بھلانے والی نہیں تھی۔

~~~~~~~~~

دائما رسی کو اندر کی جانب بل دے رہی تھی آخری بار بل دے کر رسی کو مخالف جانب جھٹکے سے کھینچا اور رسی کی مضبوط گانٹھ کھول گئی تھی۔

اس اندھیرے میں اُسے کُچھ نظر نہیں آ رہا تھا۔ کُچھ دبی دبی سسکیاں سنائیں دے رہی تھیں۔ دائما کا دِل کٹا تھا صرف وہ ہی تھی جو ان کے لئے کُچھ کر سکتی تھی۔ اِس لئے اپنی جان پر کھیلنے کا فیصلہ کر چُکی تھی یہاں سے نکل کر وہ ان کے اور آنے والی بہت سی لڑکیوں کی عزت بچانا چاہتی تھی۔

وہ عام لڑکیوں کی طرح سر پر پنیں لگانے والی لڑکی نہیں تھی۔ با مُشکل اپنی پینٹ میں لگی نوک دار پن جو ڈیزائین کے طور پر استمال کی گئی تھی کو دروازے کے لاک کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

ہول میں گھومانے لگی اور ایک منٹ سے کم میں وہ دروازہ کھول چکی تھی۔ شکر ہے یہ دروازہ کسی انٹیلیجس سے نہیں جڑا ہوا ورنہ میں کبھی نہ کھول پاتی۔ میں فضول میں خوف زدہ ہوئی یہ اتنے بھی سمجھدار نہیں ہیں۔

باہر نکلنے پر اُسے اور حیرت کا جھٹکا لگا جب وہاں کوئی بھی موجود نہیں تھا۔

اور بیرونی دروازے پر وہی انٹیلیجنس سسٹم اور وہی کوڈ تھا۔

یہ لوگ اتنے احمق ہو سکتے ہیں میں سوچ بھی نہیں سکتی تھی اپنا کوڈ بھی نہیں بدلہ اتنی بڑی گینگ کا یہ تو حال ہے۔ دائما کا قہقہ بلند ہوا جو کسی انسانی کان تک پُہنچ گیا تھا۔

باہر پتھریلی زمین کے سوا دور دور تک اور کوئی چیز دکھائی نہیں دے رہی تھی۔

دائما دیوانہ وار دوڑی کیونکہ وہ نہیں جانتی تھی کہ اُسے کتنی دیر بھاگنے کے بعد برٹش کولمبیا کا کوئی آبادی والا رستہ نظر آئے گا۔

اُس کے قہقہے کی آواز وہاں اچانک آنے والے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سناج نے سُنی تھی کیونکہ دائما دروازے سے باہر نکل گئی تھی تو سناج کو لگا اُسکا کوئی وہم ہے یہاں پر بھلا کیسے کسی کے قہقہے کی آواز آ سکتی ہے۔

مگر تصدیق کے لئے اغوا شدہ لڑکیوں کے کمرے کی طرف گیا اور دروازہ کھلا دیکھ کر سناج کے ہاتھ پاؤں پھول گئے اور دائما کو وہاں موجود نہ پا کر اُسے تو حیرت کا جھٹکا لگا ایسا کیسے ہو سکتا تھا کوئی معمولی سی لڑکی اُنہیں یہاں سے بھاگ جانے کی دھمکی دے اور اتنے آرام سے وہاں سے نکل بھی جائے۔

مگر وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ دائما کوئی اتنی عام لڑکی نہیں تھی۔ وہ کینیڈا کے مشہور چینل کی جرائم پر مبنی شو کرنے والی مشہور اینکر تھی۔ جسے اپنی جان کو دوسروں کی خاطر خطرے میں ڈالنے کا شوق تھا۔ چھوٹے موٹے مجرموں کے چُنگل میں پھس جانے کے بعد ایسے ہی دماغ لگا کر نکل جاتی تھی۔ مگر اس بار اُس نے دوسرے ملکوں تک پھیلے ملزموں سے پنگا لیا تھا۔

اور اپنے دو مضبوط نشانے بازوں کو ساتھ لے (BBM (body bilder man سناج کر دائما کے پیچھے جانے لگے جب باسل بھی اُنکے آگے بھاگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا کر رہے ہو باسل بوس؟

میں پکڑتا ہوں اُسے کافی آگے نکل گئی ہو گی تم لوگ سستی دکھاتے رہنا بس۔

شیکھ کو پتہ چلا تو تُم لوگوں کو اُلٹا لٹکا دے گا۔

بات سمجھتے ہوئے وہ لوگ بھی باسل کے پیچھے ہو لئے۔

اُنہیں دور بھاگتی دائما نظر آئی۔

باسل کے قدم اُسے دیکھتے ہی رکے باقی سب بھی ساتھ میں ہی رک گئے وہ سمجھے باسل کوئی پلین بنانیں لگا ہے۔ باسل اسکو یہاں پر موجود نہیں پانا چاہتا تھا۔ اُسے لگا تھا وہ پھرتیلی لڑکی اب تک بہت آگے نکل چُکی ہو گی مگر یہ ابھی تک اتنا کم فاصلہ کیوں طے کر پائی جب باسل کی نظر دائما کی لڑکھڑاتی ٹانگ پر پڑی۔

دائما کو بھاگتے ہوئے کسی زہریلے کیڑے نے کاٹ لیا تھا۔

اندھیرے میں نہ تو وہ کیڑے کو دیکھ پائی اور نہ اپنے زخم کو دیکھ پائی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شدید تکلیف میں بھی بس دیوانہ وار دوڑی گئی مگر لڑکھڑانے کی وجہ سے اُسکی رفتار بہت کم ہو گئی تھی ورنہ اب تک اولڈ پیلس والوں کی پُہنچ سے دور جا چُکی ہوتی۔

سناج نے اُسے بلند آواز میں پُکارا تھا اور دائما کے رہتے سہتے پاؤں بھی شل ہو گئے تھے۔دائما کو لڑکھڑا کر گرتا دیکھ کر باسل اُسکی جانب لپکا۔

اور باسل کے پیچھے ہی سناج نے اپنے ساتھ کھڑے لڑکے کو اشارہ کیا اور ہوا کی رفتار سے باسل کے پیچھے دوڑا۔

باسل نے دائما کو بازو سے پکڑ کر کھڑا کیا۔اُس کے کھڑے ہوتے ہی پیچھے سے آتے لڑکے نے اُس پر ہاتھ میں پکڑے چاقو سے ضرب لگائی مگر باسل کے دائما کے آگے آ جانے کی وجہ سے وہ ضرب باسل کو لگی۔ بازو کے گوشت کٹنے کی وجہ سے خون متواتر بہے جا رہا تھا۔

دائما بھاگ جاؤ ڈرو اپنے حشر سے اور بھاگو۔ باسل نے اپنے بازو کو پکڑے مدھم آواز میں کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما نے بے یقینی سے اس خوبرو نوجوان کو دیکھا جو اُس کی خاطر زخمی ہو کر بھی اُسے بھاگنے کا کہہ رہا تھا۔

دائما نے اپنے پاس آتے لڑکے کو دیکھ کر دوڑ لگا دی تھی۔ وہ لڑکھڑاتی گرتی پڑتی بھی بھاگ رہی تھی جب اُسے ایک کراہ کی آواز سنائی دی اور اُس نے مڑ کر دیکھا۔

باسل کھڑے ہوتے وقت شدتِ درد سے کراہا تھا۔ مگر خون بہنے کی وجہ سے کمزوری ہونے پر دوبارہ زمین پر ڈھ گیا۔

سناج کو پاس کھڑا دیکھ کر دائما کو لگا کہ سناج نے باسل پر حملہ کیا ہے۔

دائما نہ چاہتے ہوئے بھی باسل کی طرف دوڑی۔

کیا ہوا؟ اس نے آپ پر حملہ کیا ہے؟

اسکو تُو میں۔۔ دائما سناج پر جھپٹی تھی

لجب پیچھے سے سر پر کسی چیز کے بجنے کا احساس ہوا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سر پکڑے وہ باسل کے پاس گری تھی اور باسل حواس اس حواس خمسہ لڑکی کو دیکھ رہا تھا۔ جو اُس کی خاطر اپنی جان پر کھیل کر سناج کی جان نکالنے آئی تھی۔ اب خود ہی زخمی سر لیے بے ہوش پڑی تھی۔

وہ اس سے زیادہ اِس کی خاطر کُچھ نہیں کر سکتا تھا۔

دائما کو ہوش آیا تو خود کو شیکھ کی عدالت میں پایا۔

تو سر پھری لڑکی دھمکی تو تُم نے پوری کی اپنی اور خوش قسمتی سے تمھاری جان بھی بچ گئی۔

مگر اب یہاں کی سزا سے تُمہیں کوئی نہیں بچا سکتا۔

یہ رسی دیکھ رہی ہو۔

یہ لکڑی ہے رسی نہیں چوٹ میرے لگی ہے نظر تُمہیں ٹھیک سے نہیں آ رہا۔

اتنا سب ہونے کے بعد بھی دائما کی اس دلیری پر سب حیران رہ گئے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

۔ اس رسی کے بل جسم میں پیوست rope wood یہ لکڑی کی رسی ہے مطلب جیسا ہو۔ BBM ہوتے ہیں جب مارنے والا

BBM

فخریہ انداز میں آیا اور وہ لکڑی نُما رسی شیکھ سے لی اور دائما کے نازک بازوؤں پر پورے زور سے لگائی۔وہ انتہائی مضبوط جسمانی ساخت رکھنے والا باڈی بلڈر لگتا تھا۔ کیوں مشہور ہوا۔ BBM اُسکے پہلے ہی وار سے دائما کو اندازہ ہو گیا تھا کہ اُس کا نام

پہلی دس لکڑی کی رسیوں پر دائما کی ایک آہ کی آواز نہیں آئی۔

(rope wood stick) یہ وہاں کا سب سے حیران کن منظر تھا۔ اس لکڑی کی رسی کی دہشت سے یہاں بہت سے لوگ خوف کے مارے کسی کام سے انکار نہیں کرتے تھے۔ مگر دائما نے یہ دہشت بھی ختم کر دی تھی۔

ابھی اُسے مزید بیس ایسے وار اور سہنے تھے مگر اُسکا ضبط جواب دے رہا تھا۔

لکڑی کی رسی کے بل

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جسم میں پوری قوت سے بجنے کی وجہ سے جسم کے اندر تک کھبتے جاتے تھے۔ اور اپنے نشان رقم کرتے جاتے تھے۔

وہاں بڑی سزا کے طور پر بھی دس لکڑی کی رسیاں لگائی جاتی تھیں جو کے کسی کی حالت غیر کرنے کے لئے کافی ہوتی تھیں۔

مگر دائما نے غلطی نہیں کی تھی اُنکے سارے راز لیے بھاگنے کی کوشش کی تھی۔ اور یہ جرات آج تک کوئی نہیں کر پایا تھا۔

اس جرات کی سزا بھی عام نہیں ہو سکتی تھی۔

وہاں لڑکیاں ایک سے دوسرے وار میں بلک بلک کر روتی تھیں معافیاں مانگتی تھیں مگر آج تو منظر ہی مختلف تھا۔

کیوں کہ آج لڑکی بھی مختلف تھی۔

تُمہیں آج تُم میں بھی دم نہیں رہا۔ BBM کیا ہوا

نے پورا زور لگا کر وار کیا۔ BBM شیکھ تلملا کر یہ کہنا تھا کہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما کو لگا تھا جیسے اُسکے بازو کی ہڈی ٹوٹ گئی ہو۔

شدت تکلیف سے آنکھ سے آنسو کا ایک قطرہ ٹپکا تھا۔

اور اُس بہادر لڑکی کے ضبط ٹوٹنے پر وہاں موجود بہت سے سر جھکے تھے۔

دور زمین پر پڑے باسل نے اُسکا آنسو دیکھا تھا اور اُس کی آنکھ سے بھی ایک آنسو گرا اب اُس کا ضبط بھی ٹوٹ گیا تھا تکلیف نہ قابلِ برداشت ہو گئی تھی۔

باسل نے سر ٹانگوں کے بیچ گرا لیا تھا اُسے معلوم تھا یہ آنسو اب چیخوں میں تبدیل ہو گا۔

کانوں کو ٹانگوں کے بیچ وہ آواز نا سننیں کی کوشش کر رہا تھا۔ وہ چیخ چلا نہیں رہی تھی مگر اُس کے کراہنے کی متواتر آوازیں آ رہی تھیں۔

انتیس لکڑی کی رسیاں کھانے کے بعد وہ ذرا سا چھونا بھی اب برداشت نہیں کر سکتی تھی۔ جسم درد سے ٹوٹ رہا تھا۔ سارے ضبط ختم ہو گئے تھے۔ اُس کا دِل چاہ رہا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چیخے چلائے معافی مانگی بھیک مانگے کے اُسے یہ آخری ضرب نہ لگائی جائے۔ وہ بھی نازک سی لڑکی ہے حساس سی لڑکی جو اونچی آواز میں بات برداشت نہیں کرتی۔

مگر آس پاس کھڑی بہت سی لڑکیوں پر نظر پڑیں جنہیں اِس عبرت کا نشان بننیں والی لڑکی کو دکھانے کے لئے اکھٹا کیا گیا تھا۔

وہ انکی وجہ سے ضبط کئے ہوئے تھی وہ عبرت کا نشان نہیں تھی۔ غلط کرنے والوں کو عبرت کا نشان بنایا جاتا ہے مگر اُس نے مذہب مُلک ہر چیز کو بالائے طاق رکھ کر لوگوں کی زندگیوں کو اذیت سے بچانے کی کوشش کی تھی۔ تو اللہ تعالیٰ نے اُسے اتنے سارے لوگوں کے سامنے سر خرو کر دیا تھا۔ جو چیخ و پکار وہ سننا چاہ رہے تھے ویسا کُچھ بھی نہیں ہوا تھا۔ بلکہ اُنکی سزا کی اہمیت کم ہو گئ تھی۔

آخری ضرب پڑنے پر "یا اللہ "کی آواز گونجی تھی۔

باسل کی بند ہوتی آنکھیں یا اللہ کی بلند آواز پر کھلی تھیں ایک نظر دائما پر ڈالی جو اب اُس کی طرف دیکھ رہی تھی۔ اُس کی سُرخ آنکھوں کو دیکھ کر باسل نے آنکھیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بند کر لی تھیں۔ وہ مزید نہ اُسکی تکلیف دیکھ سکتا تھا نہ اپنی تکلیف برداشت کر سکتا تھا۔

دائما کی سُرخ آنکھیں بھی بند ہو رہی تھیں اُسے آخری ضرب پر باسل کی بات دماغ میں گھومی کے وہ اپنے حشر سے ڈرے۔ اب اُسے اپنے آس پاس نہ کُچھ سنائی دے رہا تھا نہ سمجھ آ رہا تھا۔

اذیت نا قابلِ برداشت ہو رہی تھی۔

وہ حواس کھو رہی تھی۔ حالت قابلِ رحم تھی مگر عزائم ابھی بھی پُختہ تھے۔

* * * * * * * * *

دائما نے آنکھ کھولی تو خود کو ایک خالی کمرے میں پایا۔ خالی اس لئے کے وہاں سامان نام کی کوئی چیز موجود نہیں تھی۔ اُسے لگا شاید اُسکی پچھلی جانب کوئی سامان ہو۔ کیونکہ وہ کمرہ بہت وسیع لگ رہا تھا۔ جو اُسے بندھے ہونے کی وجہ سے مکمل نظر نہیں آ رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رسیوں میں جکڑی کُرسی سے بندھی اِدھر اُدھر نظریں دوڑا رہی تھی جب مردانہ آواز پر چونکی۔

باسل دور بیٹھا کافی دیر سے اُس کی آنکھیں بند کی لڑکی کو ہی دیکھ رہا تھا۔ وہ سیاہ قمیض اور پینٹ پہنے اُسے کہیں سے بھی عام لڑکیوں جیسی نہیں لگی۔ سیاہ رنگ میں اُسکا سفید چہرہ دمک رہا تھا۔ میک اپ سے عاری بلکل سادہ وہ خوبصورت لگ رہی تھی۔ جو چیز باسل کو اُس کے چہرے پر بری لگی وہ اُسکے چہرے پر رکم تکلیف تھی۔

آپ ٹھیک ہیں؟

ہم یہاں کیسے آئے؟

دائما نے اُسے دیکھتے ہی پوچھا۔

پتہ نہیں میں خود دواؤں کے زیرِ اثر سو رہا تھا۔ شاید اگلا دِن شروع ہو چکا ہے۔

انہوں نے مُجھے دوائیں کیوں دیں۔

تا کہ آپ مریں نہ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تا کہ یہ مزید اذیتیں دے سکیں؟

بات یہی تھی مگر باسل نے تصدیق نہیں کرنا چاہی۔

باسل کی اُمید کے مطابق وہ تکلیف سے نہ کراہ رہی تھی نہ آنسووں بہا رہی تھی۔ وہ ہمیشہ اُسکی اُمید کے بر عکس کام کرتی تھی۔

دائما اب بھی کمرے کی دیواروں کو دیکھ رہی تھی اُسے بہت عرصے بعد کوئی مکمل روشن جگہ دکھی تھی۔ ورنہ زِندگی اندھیروں میں ہی ڈوبی ہوئی تھی۔

کیا دیکھ رہی ہیں بہادر لڑکی؟

کمرہ۔۔

کیسا لگا؟

یہاں کی ہر چیز کی طرح فضول۔۔ دائما اپنے اوپر ہوئے مظالم کے بعد یہاں پر کسی چیز کو اچھا نہیں کہنا چاہتی تھی۔

آپ میرے ہی سامنے میرے کمرے کی توہین کر رہی ہیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس میں کمرے جیسا کُچھ ہو تو اسکی توہین ہو۔ دائما باز آنے والی نہیں تھی

شیکھ ٹھیک کہتا ہے آپ زیادہ ہی سخت ہڈی کی بنی ہیں اتنی تکلیف سہنے کے بعد بھی یہاں کی برائیاں ختم نہیں ہو رہیں۔

شیکھ کی تو ساری ہڈیوں کا میں سُرمہ بنا دوں گی۔

باسل نے مسکراتے ہوئے سر جھٹکا)یہ واقعی ڈھیٹ ہڈی ہے(۔

وہ مسکراتے ہوئے مزید خوبصورت لگتا تھا۔ صاف رنگت ، چوڑے شانے،خوبصورت نقوش اور دلفریب مسکراہٹ کا مالک وہ ہر طرح سے خوبصورتی کے معیار پر پورا اترتا خوبرو نوجوان تھا۔

اچھا بھلا خوبصورت لڑکا ان انڈینز گینگ کے ہتھے کیسے چڑھ گیا دائما سوچ کر رہ گئی۔

سر جھٹکنے کی وجہ سے اُسکے زخم میں کھچاؤ پیدا ہوا اور درد سے ہلکی سی کراہ نکلی۔

دائما نے اُسکے بازو پر بندھی پٹی دیکھی۔

یہ پٹی کس نے باندھی ہے؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے خود

تبھی اناڈیوں کی طرح باندھی ہے۔

مقصد زخم ڈھانپنا تھا میں نے پٹی باندھ کر کیٹ واک کرنے نہیں جانا۔

دائما نے اُس کی بات پر منہ بسورا۔

نام کیا ہے آپکا؟

باسل حسان دھانی

دھانی مطلب پٹھان ہیں؟

نہیں بلوچ

قبائلی ہیں؟

ہاں

قبائلی تو بہت روایات پسند اور وفادار ہوتے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھے نہیں اب بھی ہوتے ہیں۔

پھر آپکو کیا ہوا؟ روایات وفاداری سب بھول گئے؟

اپنے ملک سے غداری کر رہے ہیں۔ اپنے مُلک کی عزتوں کو نیلام کروا رہے ہیں۔ اپنے مُلک کی ساخت دوسرے ملکوں میں خراب کر رہے ہیں۔ آپ قبائلی کہنے کے قابل ہیں؟

اگر تو آپ مجھے اپنی باتوں سے جذباتی کر وفاداریوں کے سبق پڑھا کر یہاں سے نکلنا چاہتی ہیں تو بھول جائیں۔۔ باسل نے پیشانی پر بل سجائے کہا۔

ویسے بھی آپ کے لئے ایک بہت بُری خبر ہے۔

میرے لئے یہاں پر کُچھ اچھا ہو بھی نہیں سکتا۔ دائما تپے ہوئے لہجے میں بولی۔

آپکے ساتھی پکڑے گئے ہیں۔

دائما بے یقینی سے باسل کا چہرہ دیکھ رہی تھی۔

کیا؟ زبور اور سنی پکڑے گئے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُنکو تو میں نے صرف تین دِن ٹھہرنے کا کہا تھا۔

اتنے دِن تو میں اُس کمرے کی بدبو کے زیرِ اثر بے ہوش رہی۔

اُن احمقوں کو مزید انتظار کرنے کی کیا ضرورت تھی۔

دائما کے چہرے پر صاف پریشانی رکم تھی۔

وہ ٹھیک ہونگے۔ باسل نے حوصلہ دینے کی کوشش کی۔

جیسے میں ٹھیک ہوں ویسے ہی وہ بھی ٹھیک ہونگے۔ جو حشر میرا ہوا وہ ہی اُن کا ہو گا۔ وہ لوگ میری طرح یہ سب برداشت نہیں کر سکیں گے۔ وہ لوگ کبھی بھی ایسے حالات سے نہیں گزرے۔ وہ دونوں بہت نازک مزاج ہیں۔ میری غلطی ہے مُجھے اُنہیں ساتھ لانا ہی نہیں چاہئے تھا۔ دائما کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے تھے۔

اگر وہ سوچ رہا تھا کہ دائما کا ضبط تب اُس آنسو کے قطرے پر ٹوٹا تھا تو ایسا نہیں تھا ضبط تو اب اُسکا ٹوٹا تھا متواتر آنسووں تو اب بہہ رہے تھے۔ ضبط تو اُسکا اپنے ساتھیوں کی تکلیف کا سوچ کر ٹوٹ رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگر وہ لوگ تمھاری طرح ہڈ دھرمی نہیں دکھائیں گے تو اُن کا حشر تُم سے کم بُرا ہو گا۔

اور پھر اُس کے کپڑوں پر کُچھ لگا نظر آنے پر اُس کے قریب آیا۔

دائما اُسے قریب آتا دیکھ کر حیران ہو رہی تھی۔

اور باسل نے اپنا زخمی بازو سائڈ پہ کیے دوسرے ہاتھ سے جھٹکے سے اُسکی قمیض کے رنگ کے ساتھ میچ ہوتا مونو کیمرہ جھپٹا تھا۔

یہ مونو کیمرہ اتنا چھوٹا تھا کہ اس کے پکڑے جانے کے بہت کم چانسز تھے۔

یقین وہ ایسی انٹیلیجنس کے متعلق بہت معلومات رکھتا تھا تبھی اُسے دور سے اندازہ ہو گیا تھا کہ یہ کیا چیز ہے اور کس کام کے لیے لگائی گئی ہے۔

دائما انتہائی حیرت سے باسل کو دیکھ رہی تھی جو مونو کیمرے کا جائزہ لے رہا تھا۔

تو اتنے ٹائم سے اِس میں سب کُچھ ریکارڈ کرتی رہی ہو۔

باسل نے مونو کیمرہ جیب میں ڈالا اور اطمینان سے کھڑا ہو گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

واپس دو میرا ہے یہ

دیکھو پلیز واپس دے دو یہ واحد ثبوت ہے میرے پاس اگر یہ بھی نہ رہا میں کیا کروں گی یہ میری آخری اُمید ہے۔ میری ساری اُمیدیں ختم ہو جائیں گی۔

باسل کا دِل پسا تھا مگر وہ یہ دائما کو نہیں دے سکتا تھا۔

میں یہاں سے نکلنے کے بعد تُمہیں پھانسی پر لٹکاواوں گی۔

دائما منتوں سے بات نہ بننیں پر اب دھمکیوں پر آ گئی تھی۔

دھمکیاں مُجھ پر اثر نہیں کرتیں۔ باسل سرد لہجے میں بولا۔

دائما اب سر جھکائے آنسووں بہا رہی تھی۔

اُسکے ساتھی پکڑے گئے تھے۔ ثبوت وہ گوا چُکی تھی۔ اُسکا سارا بنا ہوا پلین برباد ہو چُکا تھا۔ ساری اُمیدیں دم توڑ رہی تھیں آنسووں کا آنا فطری تھا۔

باسل اُسکے آنسووں سے نظریں چراتا رُخ بدل کر بیٹھ گیا تھا۔

....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جب سے آئے ہیں کیا شیکھ شیکھ لگا رکھی ہے زبور انتہائی بے زاری سے بولی

ہاں نہ۔۔ چھوڑو شیکھ کو تُم لوگ کوک لے آؤ ہمارے لئے

(rope wood Stick) سب حیرت سے سنی کو دیکھ رہے تھے کہ یہ کون آ گیا جو کھانے کے بعد بھی کوک مانگ رہا ہے اور اُنکے سردار کے نام کا آخری "ہ" کھا کر شیک بنائے بیٹھا ہے۔

شیکھ آ گئے۔۔ کامل نے اونچی آواز میں کہا۔

کہاں ہیں شیک؟؟

بابا جی آپ شیک نہیں لائے؟

شیکھ بابا جی کے الفاظ سن کر غصے سے کانپا۔

اتنی گرمی ہے اور انہیں سردی لگ رہی ہے یہ لگتا ہے یہ ہمارا شیک پی آئے ہیں۔

سب نے با مُشکل اپنی ہنسی دبائی تھی۔

شیکھ نے سب کو گھوری سے نوازا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بوس کیا کرنا ہے انکے ساتھ؟ عبداللہ نے پوچھا۔

جو سب کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

نہیں پلیز وہ نہیں ماریے گا پلیز۔۔ زبور بلک کر بولی

وہ بہت نازک قسم کی لڑکی تھی۔

اپنے ماں باپ کی ایک لوتی لاڈلی اولاد۔ زبور، سنی اور دائما تینوں ہی اپنے ماں باپ کی اک لوتی اولاد تھے۔ دائما کو تو نہ لاڈ اٹھانا پسند تھا نہ اٹھوانا۔ اُسکے ڈیڈی نے اُسے مضبوط اور مستحکم لڑکی بنانیں کی کوشش کی تھی اور وہ کامیاب بھی رہے تھے۔

دائما، سنی اور زبور بچپن سے ساتھ رہے تھے۔

اکھٹے پڑھے اور ایک ہی شعبے میں آئے۔ بلکہ وہ تینوں ایک ہی شو چلاتے تھے۔ دائما فرنٹ پر کام کرتی تھی اور وہ دونوں مجرموں کے بچپن تک کی معلومات کھنگالنے میں ماہر تھے۔ مگر دائما اُنکو مجرموں سے نپٹنے کے معاملات سے دور رکھتی تھی۔ اس بار بڑے مجرموں کے خلاف پلاننگ میں اُسے ان دونوں کا ساتھ لینا پڑا تھا جو خوش

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئند ثابت نہیں ہوا تھا۔ خود بہت بار مجرموں کے خلاف بول کر اُنکے ہتھے چڑھی تھی۔ دائما حیدر کا معمولی قسم کے مجرم ویسے ہی کُچھ نہیں بگاڑ سکتے تھے۔

ان حالات میں بیش بار پڑنے کی وجہ سے وہ واقعی ہی ڈھیٹ ہڈی بن چُکی تھی۔ بچپن سے ہی پسٹل سے کھیلنے والی لڑکی پسٹل کو اب پپیتا سمجھتی تھی۔ اُسے ڈرایا دھمکایا جاتا سنائی جا رہی ہو۔ ABC تھا تو اُسے لگتا تھا اُسے

کے آفس میں بھی اُنکی دوستی مشہور تھی۔ اُن تینوں کی CTV سکول،کالج یونیوسٹی اور ایک دوسرے کے ساتھ کمال کی بانڈنگ تھی جسکی وجہ اتنے عرصے سے ساتھ رہنا بھی تھا۔

جس کی وجہ سے اُن پر ایک دوسرے کی شخصیات کا اثر ہوا تھا۔

تینوں میں سے کوئی بھی مجرموں سے ڈرنے والا نہیں تھا۔

ان تینوں نے سینکڑوں مجرموں کے کرتوت دیکھا کر اُنہیں انجام تک پہنچایا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر مجرموں سے براہِ راست پالا نہ پڑنے کی وجہ سے سنی اور زبور کی نازک مزاجی عروج پر تھی۔ دائما حیدر کا ایک تھپڑ اُنہیں گھنٹوں رولا سکتا تھا۔ اور وہی تھپڑ دائما کو اُنکی حالت کی وجہ سے گھنٹوں ہنساتا تھا۔

زبور تو اپنے کپڑوں پر شیکن تک برداشت نہیں کرتی تھی۔ یہاں کی سزائیں کیسے برداشت کر سکتی تھی۔

شیکھ نے اُس خوبصورت لڑکی پر نظر ڈالی اور نظر جم گئی تھی۔ انتہائی وجیہہ و خوبصورت چہرہ۔

اِس کو کُچھ بھی کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔ شیکھ زبور پر سے نظریں ہٹائے بولا۔

شیکھ کی نظروں کو دیکھ کر سنی کے جبڑے کس گئے۔

بی بی ایم (BBM)

اِس لڑکے پر تُم اپنی طاقت آزما سکتے ہو شیکھ معنی خیز مسکراہٹ کے ساتھ بولا۔

اور اُس نے اپنی لکڑی کی رسی پکڑتے ہوئے زور دار وار سنی کی پُشت پر کیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زبور نے آنکھیں بھیچ لیں وہ یہ نہیں دیکھ سکتی تھی۔

یار بڑا زور ہے تمہارے پاس بڑی باڈی شاڈی بنائی ہے۔

کیسے بنائی ہے؟

مُجھے بھی بنانی ہے مُجھ سے تو کوئی لڑکی ہی نہیں ایمپریس ہوتی باڈی شاڈی دیکھ کر شاید کوئی ہو ہی جائے۔

تُم سے لڑکیاں ایمپریس ہوتی ہیں؟ یا بس ان بابا جی کے لئے اتنی محنت کی ہے؟

بابا جی کہنے پر شیکھ کی رگیں تنی۔

شیکھ نے ہاتھ کر کے مزید وار کرنے سے روکا تھا۔

میں اِس لیے بول رہا تھا کہ بولنے سے تکلیف کم ہوتی ہے۔ سنی نے اپنے خرگوشی دانتوں کی نمائش کرتے کہا۔

اُسکو اِس سزا کے بعد ہنستا دیکھ کر سب اُسے آنکھیں پھاڑے دیکھ رہے تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما نے اگر اس سزا کی اہمیت ختم کی تھی تو سنی نے تو مُسکرا کر اِس سزا کی اوقات ہی دیکھا دی تھی۔

بوس یہ تو دائما کی دوسری بہن لگتا ہے اوہ میرا مطلب بھائی کامل مسکراہٹ دباتے بولا

کو ایسا باتوں میں لگایا (BBM) سنی کو صحیح وار لگے بھی نہیں تھے اُس نے بی بی ایم تھا کہ اُس نے یہ وار اپنی زِندگی کے سب سے کمزور وار لگائے تھے۔

زبور بھی سنی کے خرگوشی دانت دیکھ کر مسکرائی۔

کسی کے سامنے اُس کی اِس قدر تعریف اور لڑکیوں کے متاثر ہونے کی باتیں کی

کا دماغ بہکا دیا۔ (BBM) جائیں اُسکا دماغ تو بہکے گا سنی نے بھی بی بی ایم

باتوں سے دوسروں کے دماغوں سے کھیلنا اور بدلہ لینا وہ خوب جانتا تھا۔

جِس کا استمال اُسے یہاں عمدگی سے کرنا تھا۔

.....

مسٹر ڈین فیکلٹی آپکو ہر صورت میں میری بیٹی کا پتہ لگانا ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پچھلے پانچ دن سے وہ اپنے ساتھیوں سمیت غائب ہے میں یہاں کے چکر کاٹ رہا ہوں اور آپ کہہ رہے ہیں کوئی جانتا ہی نہیں کے وہ تینوں کہاں گئے۔

ہو سکتا ہے وہ لوگ کہیں گھومنے گئے ھوں۔

آپکو بات کیوں نہیں سمجھ آ رہی۔ کینیڈا کا سب سے مشہور کرائم شو کرتے ہیں وہ لوگ اگر وہ مجرموں کی طاق میں بیٹھے رہتے ہیں تو مجرم بھی اُنکی طاق میں ہوتے ہیں۔ وہ لوگ کسی مصیبت میں ہیں۔ آپ جانتے ہیں مجرم اُن کے ساتھ کیا کر سکتے ہیں۔

ہمم۔۔ معاملہ اتنا سیدھا نہیں ہے پولیس ہینڈل نہیں کر سکتی۔

آپ یہ کارڈ لیں اور رابطہ کریں ان سے یہ (canidan security intelligence service) CSiS

میں پاکستانی ہیں یہ کھوج لگانے میں ماہر ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مردوں کا بھی پتہ لگوا لیتے ہیں۔ انکی جڑیں بڑے مجرموں تک ہیں۔ یہ آپکی بیٹی کا پتہ لگا سکتے ہیں۔ اور ہماری اسپیشل فورس اُنکی مدد کرے گی۔

وہ تینوں ہمارے اور آپکے مُلک کا اثاثہ ہیں ہم اُنہیں کُچھ نہیں ہونے دیں گے۔

مشتاتر زریی ۔۔ حیدر علی نے نام بڑبڑایا

~~~~~~~

زبور اور سنی کیسے ہیں؟

بھائی وہ سنی تو بہت ہی مذاق کرتا ہے میرے تو ہنس ہنس کر آنکھوں میں آنسو آ جاتے ہیں۔ کامل ابھی بھی بتیسی نکالے سنی کی تعریفوں کے پُل باندھ رہا تھا۔

کامل میں نے اُنکی خیریت دریافت کی ہے اُنکی خصوصیات نہیں پوچھیں۔

ٹھیک ہیں بھائی سنی کو چھ،سات لکڑی کی رسیاں لگی تھیں مگر وہ پھر بھی دانت نکال رہا تھا اور زبور کو تو شیکھ نے ہاتھ نہیں لگانے دیا۔ بس جب وہ لوگ آئے تھے تب ایک سے اُن کی تواضع کی تھی۔ ایک rope stick

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~

کامل انتہائی روانی سے بتاتا گیا۔

دائما آنکھیں سکیڑے مشکوک نظروں سے کامل اور باسل کو راز دارانہ طریقے سے باتیں کرتا دیکھ رہی تھی۔

مگر کمرے کی وُسعت اور اُنکی چیاگونہ انداز میں بولنے کی وجہ سے کُچھ بھی سمجھ نہیں پا رہی تھی۔

بھائی زبور کے معاملے میں شیکھ کی نیت مُجھے ٹھیک نہیں لگتی۔

ہو سکے تو شیکھ کو زبور سے دور رکھنا

بھائی آپ شیکھ کو۔۔

جانتا ہوں یہ اتنا آسان کام نہیں ہے۔ باسل کامل کی بات کاٹتے ہوئے بولا۔

اور کامل کیا میں نے ٹھیک سنا ہے کہ جب دائما آئی تھی تو اُس کا سر تُم نے زخمی کیا تھا؟

ہاں بھائی دیکھیں میں نے اِس جیسی فراٹے لڑکی کو کیسے قابو کیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چوہا تک تُم سے پکڑا نہیں جا سکتا اب لڑکیاں قابو کرنے چلے ہو۔

سب سناج کی صحبت کا اثر ہے آئندہ کے بعد اُسکے پاس نہ دیکھوں تُمہیں۔

اور زیادہ اترانے کی ضرورت نہیں ہے۔ تُم سے اچھا تو یہ دائما سر پھوڑ لیتی ہے سنیہا پٹیاں کرواتی پھرتی تھی۔

اور تُم نے جو سر پھوڑا تھا اسکا مجال ہے ایک قطرہ خون کا بہا ہو۔

سنیہا کو ایمپریس کرنے کی کوششیں چھوڑ دو ویسی لڑکیاں صرف مطلب پورا ہونے تک انسان سمجھ کر بات کرتی ہیں بعد میں انسان بھی نہیں سمجھتیں۔

موبائل پر نمبر ملاتے ہوئے اُس کے چہرے پر سارے جہاں کا رعب آ چکا تھا۔

مجرموں کے لئے اُس کا لہجہ تلخ اور رعب دار ہوتا تھا۔

رعب اُس کی شخصیت کا خاصہ تھا اور اُس پر خوب جچتا تھا۔

مگر اُسکا سارا رعب اپنوں کے سامنے دھول ہو جاتا تھا خاص کر جب وہ پاکستان اپنی فیملی کے پاس جاتا تھا۔

شیکھ کے موبائل پر متواتر بیپ بج رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پریشانی میں وہ اِس مطلوبہ انسان کی کال اُٹھا کر مزید پریشانی مول نہیں لینا چاہ رہا تھا۔

وہ اپنی کنٹپتی مسل رہا تھا۔

اگر وہ لوگ اُس کے کارندوں کے ہاتھ نہ لگے تو اُس کا کام تمام ہونے والا ہے۔

شیکھ جانتا تھا اگر وہ لوگ بچ کر نکل گئے تو اُس کا اور اُسکے اس دھندے کا یہ آخری دِن ہو گا۔

اُن کی صلاحیتوں پر اُسے کوئی شک نہیں تھا بلکہ اُسے یقین تھا کہ اُنہوں نے کوئی بہترین پلین بنایا ہو گا۔

ایسے ہی وہ لوگ اتنا مشہور کرائم شو نہیں کرتے اور اُن کا مجرموں کو پکڑنے کا ریکارڈ خاصہ اچھا تھا۔

اگر یہ بڑی گینگ تھی تو وہ بھی کبھی کسی معمولی مجرموں کے پیچھے نہیں پڑے تھے۔

مگر جتنے لوگ وہ اُن کے پیچھے بھیج چُکا تھا اُسے یقین تھا وہ تین اُن کا مقابلہ نہیں کر سکے گئے مگر اُن کے ہاتھ سے نکل جانے کا خوف بھی تھا وہ لوگ حیران کن حد تک چالاک تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شیکھ نے کوفت سے موبائل کو دیکھا جہاں پچھلے پندرہ منٹ سے بیپ بجے جا رہی تھی۔

مگر وہ سکرین پر نظر آتے نام کی وجہ سے اُسے نظر انداز کر رہا تھا۔

ڈینجر۔۔

اُسے پہلے اپنا دھندا خطرے میں لگ رہا تھا اب یہ نیا خطرہ پتہ نہیں کیا چاہتا تھا۔

جیسے مسلسل کال آ رہی تھی لگ رہا تھا مطلوبہ انسان ہر صورت بات کرنا چاہتا ہے۔

انتہائی کوفت سے کال اٹھائی گئی۔

لگتا ہے شیکر وشاس آپکو خطرے پسند نہیں۔ متھاشر کی آواز میں طنز تھا۔

آپکی تعریف؟

شیکھ نے لہجے میں مٹھاس بھرتے کہا وہ سیکیورٹی فورسز والوں سے بگاڑنا نہیں چاہتا تھا اِس خطرے کو اپنے قابو میں کرنا چاہتا تھا۔ اسے اپنے ساتھ ملا کر وہ سب کا مقابلہ کر سکتا تھا۔

مگر یہ خطرہ نہ تو اُس کے قابو میں آنے والا نہیں بلکہ اِس کو قابو کرنے والا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

متھاشر زریی نام ہے کینیڈین سیکیورٹی کا پاکستانی آفیسر ہوں۔

آپکا کیس مُجھے ملا ہے۔

آپ کون سے کیس کی بات کر رہے ہیں؟

شیکھ معصوم بننے کی بھرپور کوشش کر رہا تھا۔

میرے سامنے یہ ڈھونگی بننے کی ضرورت نہیں ہے تُمہیں لگتا ہے مُجھے استمال کروگے یا خود کو مظلوم ثابت کروگے اور میں تمھاری اِس جھوٹی میٹھی زبان کے اثر میں آجاؤں گا۔

سوچنا بھی نہ میں اپنے کام کے معاملے میں جتنا کھرا ہوں تمھیں جلد اندازہ ہو جائے گا۔

متھاشر زریی سے کوئی مجرم بھیک میں بھی رعایت مانگے تو بھی نہ دوں۔

متھاشر زریی تُم نے اپنا اصلی نام اور کام بتا کر بہت بڑی غلطی کی ہے اب تم اپنا انجام دیکھو گے۔

شیکھ صاحب آپ بھڑکیں نہ مُجھے پتہ ہے خوف سے آپ کے ہاتھ پیر پھول رہے ہیں اب کُچھ الام شلام بول کر آپ اپنی باتوں کی ووقت کم کر رہے ہیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور خود کو مزید مصیبت میں ڈالنے کا سامان بنائیں گے۔

"اِنسان جب اِنسان سے ڈرنے لگ پڑتا ہے تو اِنسان نہیں رہتا۔"

تُم مُجھے خود سے خوفزدہ نہیں کر سکتے متھاشر ذریِ کسی مُجرم سے کبھی نہیں ڈر سکتا۔

تمھارے گھر میں گھس کر تُمہیں مرواوں گا۔

شیکھ تم میری فکر چھوڑ دو نہ ب اپنی فکر کرو کیونکہ تُم ہر طرح سے میرے قابو میں آ چکے ہو

تمھاری ہر کمزوری میرے ہاتھ میں ہے۔

اور اگر تم سمجھتے ہو کہ موت میری کمزوری ہے تو تم سب سے پہلے یہی غلط فہمی دماغ سے۔ نکالو۔

مسلمان ہر وقت تُم جیسوں سے مرنے کے لئے تیار ہوتے ہیں اُنہیں تو ایسی موت کا شوق ہوتا ہے

اور اگر وہ مسلمان اپنے مُلک کا نمائندہ اُسکا محافظ اُس کی عوام کا محافظ ہو تو یہ شوق ہزار گنا بڑھ جاتا ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُمہیں ایک ہفتے کی ڈیڈ لائن دے رہا ہوں ایک ہفتے کے بعد یہاں اولڈ پیلس کا نام و نشاں نہیں ہو گا۔

بھاگ سکتے ہو تو بھاگ لو مگر اپنے اگلے ٹھکانے تک پُہنچ کر تُم متھاشر زریی کو وہاں پہلے موجود پاؤ گے۔

اور اتنی جلدی تُم اولڈ پیلس خالی کر بھی نہیں سکتے۔

میں یہاں موجود ساری لڑکیوں کو آگ لگا کر بھاگ جاؤں گا۔

شیکھ نے

یہ شوق بھی پورا کر لو مگر تُم متھاشر زریی کی نظر سے بچ نہیں سکتے۔

جہاں جاؤ گے میرے ہتھے تو چڑھو گے اور پھر تُم جانتے ہو سیکیورٹی فورسز والے کیسی سزائیں دیتے ہیں۔

ڈائریکٹ کام کرنا اُنہوں نے سیکھا ہی نہیں ہوتا مجرموں کو ایک ہی بار گولی سے اُڑا کر قصہ ختم نہیں کرتے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تب تک تڑپاتے ہیں جب تک وہ خود طبی موت نا مرے۔

تُم میرا کُچھ نہیں بگاڑ سکتے سمجھے۔

شیکھ کی آواز خوف سے لرز رہی تھی۔

میں تمھارا کُچھ نہیں بگاڑ رہا بس تمھارے پاس کُچھ چھوڑنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔

تمھارا کام تمھارا ٹھکانہ تمھاری زندگی میرے نشانے پر ہے۔

اِسے دھمکی نہ سمجھنا کیونکہ متھاشر زریں نے کبھی دھمکی نہیں دی کام کو انجام دینے کے بعد وارننگ دیتا ہوں جِس کا مقصد صرف تُم لوگوں کے اوسان خطا کرنا ہے۔

تُم ذرا سا ہلو گے بھی تو مجھے پتہ چلے گا مُجھے یقین ہے تم کُچھ اُلٹا سیدھا کر کے اپنی جان کو خطرے میں ڈالنے کا رسک نہیں لو گے۔

متھاشر ٹانگ پر جمائے چائے پیتا شیکھ کے خوف زدہ لہجے سے محظوظ ہو رہا تھا۔

تُم مرو گے اور بہت بُرے مرو گے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شکیر وشاس میں تُمہیں آخری بار کہہ رہاہوں میری زِندگی موت کی فکر تمھاری زمہ داری نہیں۔

اور تُم کال بند کر کے اپنے ماتھے سے پسینہ صاف کرو باقی سب مُجھ پہ چھوڑ دو۔

شیکھ نے ماتھے پہ ہاتھ پھیرا جو واقعی پسینے سے تر ہو چکا تھا بلکہ ایک دو قطرے اُسکی قمیض پر بھی گرے پڑے تھے۔

شیکھ نے کال کاٹی وہ مزید اِس کی باتیں سُن کر ہارٹ اٹیک نہیں کروانا چاہتا تھا۔

اُس نے سامنے پڑی میز سے سگریٹ اٹھائی اور سلگا کر کش لینے لگا۔

اِس کے علاوہ وہ کُچھ کر بھی نہیں سکتا تھا۔

اب جو بھی کرنا تھا اُس کے کارندوں نے ہی کرنا تھا۔

جتنے یقین سناج اُسے دلا کر گیا تھا اگر خالی ہاتھ آتا تو شیکھ سب سے پہلے اُس کا قتل کرنے کا ارادہ رکھتا تھا۔

.....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زبور مُجھے ہنسی آرہی ہے۔

تُمہیں تو مرتے ہوئے بھی ہنسی آرہی ہو گی۔

زبور بُری طرح ہانپ رہی تھی۔

تپتی دھوپ اور اُس میں دوڑنا خاصہ صبر آزما کام تھا۔

اوپر سے سنی کی مسلسل پٹر پٹر چلتی زبان زبور کا خون کھولا رہی تھی۔

یار کامل لڑکیاں تو بھاگتی ہیں ہم لڑکے ہو کر بھاگ رہے ہیں۔

ہم مجرموں سے اپنی جان بچاتے بھاگ رہے ہیں نہ کہ اپنے محبوب کی خاطر بھاگ رہے ہیں۔

ویسے زبور میں تمھاری خاطر بھی بھاگ سکتا ہوں۔

اور مزے کی بات ہے وہ بھی چکما دے کر بھاگتی ہیں اور ہم بھی ایسے ہی بھاگے ہیں۔

اُن کی بھی جان پر بنی ہوتی ہے ہماری بھی بنی ہے۔

زبور میں تو کہیں غیرت کے نام پر قتل ہی نہ ہو جاؤں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُم غیرت پر نہیں بغیرتی کے نام پر قتل ہو گے۔

زبور منہ بسورے بولی۔

سنی کا قہقہ گونجا۔

یار میں نے کون سی بغیرتی کر ڈالی۔

کامل اور زبور نے ابرو اٹھائے پیٹ پکڑے ہنستے سنی کو دیکھا۔

سنی زمین پر لیٹے ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو رہا تھا اُنہیں سمجھ نہیں آئی اِس میں اتنا ہنسنے والی کیا بات تھی۔

کامل اور زبور نے ایک دوسرے کو دیکھا اور شانے اچکا کر آگے چل پڑے۔

شیکھ کے کارندے۔۔

سنی کا کہنا تھا کہ زبور اور کامل سر پیٹ دوڑ پڑے۔

کافی فاصلے تک دوڑنے کے بعد اُنہیں احساس ہوا کہ سنی تو پیچھے نہیں تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کامل اور زبور نے ایک دوسرے کو خوف زدہ اور خدشات بھری نظروں سے دیکھا اور پھر رُخ موڑ کر پیچھے دیکھا۔

اور پیچھے کا منظر دیکھ کر دونوں کا منھ کھلا رہ گیا۔

سنی اب بھی پیٹ پکڑے ہنسی سے لوٹ پوٹ ہو رہا تھا۔

کامل اور زبور کے تو مظلومیت سے ہونٹ نکل آئے تھے سنی نے اُنہیں اچھا خاصا بیوقوف بنایا تھا وہ اندھا دھند اتنی گرمی میں دوڑے تھے اور اب بُری طرح ہانپ رہے تھے۔

زبور اور کامل پتھریلی دھوپ سے گرم ب ہوتی زمین پر بیٹھے پانی پی رہے تھے جب سنی اُن کے سروں پر کھڑا پُر اُمید نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

زبور اور کامل نے اپنی پانی کی بوتل فوراً اپنی پشتوں کے پیچھے چھپائی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سنی جو اپنی بوتل خالی کر کے پیچھے پھینک آیا تھا اب اُنکے پانی پر نظر رکھے کھڑا تھا۔

سوچنا بھی مت بدتمیز انسان پہلے تُم نے دوڑا کر ہماری ساری طاقت ضائع کروادی اب پانی بھی سکون سے نہیں پینے دے رہے ہو۔

کامل تپا ہوا بولا۔

سنی گرنے والے انداز میں سر جھکائے بیٹھا۔

زبور کو اُسکا انداز تھکا ہوا لگا اُس نے اپنی آدھ بجھی پیاس کے باوجود بوتل سنی کو تھمادی۔

اور اُس نے بوتل پکڑتے ہی دوڑ لگادی۔

زبور نے سر جھٹکا۔

یہ بندہ کبھی سیریس نہیں ہو سکتا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شیکھ کے کارندے۔۔

کامل اور زبور کی باہم آواز پر سنی نے قہقہہ لگایا۔

اب تُم لوگ سنی سن لائٹ کو اُلّو بناؤ گے۔

مگر اُس کے پیچھے دیکھنے سے پہلے کامل اور زبور اُس کے سامنے سے گزر کر دوڑتے ہوئے آگے نکلے۔

اب تم لوگ ایکٹنگ کر کے مجھے ڈرانا چاہتے ہو۔

یار ہم مذاق نہیں کر رہے جان پیاری ہے تو بھاگو۔

سنی نے حیران ہوتے ہوئے پیچھے دیکھا اور سناج اور اُس کے آگے پیچھے آتے تیس، چالیس لوگوں کو دیکھ کر سر پیٹ دوڑا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ممی جی یہ کیا ہو گیا میں نے مذاق کیا تھا مذاق نے حقیقت کا روپ دھار لیا۔

اور اتنی بد صورت حقیقت کا روپ ہی دھارنا تھا۔

زبور اور کامل اُس سے کافی آگے نکل گئے تھے مگر سنی کی ٹانگوں سے زیادہ دماغ چل رہا تھا جس کی وجہ سے اُس کی رفتار کم تھی۔

زبور اور کامل نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو سنی اُنہیں اشارے کر رہا تھا جو دور ہونے کی وجہ سے صحیح نظر نہیں آ رہے تھے۔

یہ کیا کہہ رہا ہے؟

کامل نے نہ سمجھی میں زبور سے پوچھا جو سنی سے اشاروں میں بات کر رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب یہ انہیں یہ زبان بھی آتی ہے باسل بھائی نے ہزار بار کہا کاش میں اشاروں کی زبان سیکھ لیتا۔

زبور نے کامل کا ہاتھ پکڑا اور مخالف سمت میں دوڑنے لگی اور دوڑنے کی وجہ سے پتھر لگنے پر گر پڑی سنی کا اُسے دور سے گرتا دیکھ کر دل مُٹھی میں آیا تھا۔

زبور سنبھل کر کھڑی ہوئی اور ایک بڑے پتھر کی اُڑ میں چھپ گئی۔

اور سنی کا کیا ہو گا؟

کامل نے تشویش ناک لہجے میں پوچھا۔

کُچھ نہیں ہو گا اُسے۔

تُم لوگ اتنے یقین سے کیسے بات کہتے ہو۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صحافی حقائق کو مانتا ہے تخلیقاتی باتوں پر یقین نہیں کرتا اور صحافی جو کہتا ہے، کرتا "
"ہے یقین سے کرتا ہے اُسے بے یقینی کی تلوار پر لٹکنا نہیں سکھایا جاتا۔

ٹھیک ہے تُم لوگوں کو جو بگاڑنا ہے بگاڑ لو میرا لیکن میرے ساتھیوں تک تُم لوگ نہیں پہنچ سکتے۔

خوش قسمتی سے کامل اور زبوران کو دور سے دیکھ کر بھاگ کھڑے ہوئے تھے اور اس چھوٹے بڑے پتھروں کی سرزمین اور سخت دھوپ کی وجہ سے اُن کی آنکھوں سے اوجھل ہو گئے تھے۔

تُمہیں ایک گولی بجے گی اور وہ باہر آجائیں گے۔

مُجھے ہزار گولیاں بھی لگیں گی تو وہ لوگ نہیں آئیں گے وہ لوگ دور جا چُکے ہیں وہ لوگ تُم لوگوں کو انجام تک پہنچائیں گے۔

تُم لوگوں کو نام و نشاں نہیں بچے گا تُم لوگوں کے ساتھ ساتھ تُم لوگوں کے مظالم بھی ختم ہو جائیں گے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بہت ساری عزتیں بچ جائیں گی اور مستقبل میں کوئی بھی عزت اولڈ پیلس میں نیلام نہیں ہو گی کسی بھی لڑکی کا سودا اولڈ پیلس میں نہیں ہو گا کوئی بھی لڑکی اپنی عزت فروشی کے لئے اولڈ پیلس سے نہیں نکلے گی۔

وہ لوگ تُم لوگوں کو انجام تک پہنچائیں گے۔

سنی بُلند آواز میں بول رہا تھا اُس کا اصل مقصد زبور اور کامل کو سنانا تھا۔

جن تک اُس کی آواز جا رہی تھی اور اُنہیں لگ رہا تھا کانوں میں سیسہ اُڑھیلا جا رہا ہے۔

وہ اُنہیں اُسے چھوڑ کر جانے کی تلقین کر رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جو اُن کے بس کی بات نہیں تھی وہ اپنی رونق کو اتنی بڑی تعداد میں مجرموں کی موجودگی میں اِس پتھریلی زمین میں کیسے چھوڑ جاتے مگر ایک حقیقت یہ بھی تھی کہ اگر وہ باہر نکلتے تو بچ وہ بھی نہیں سکتے تھے اتنے لوگوں سے مقابلہ اُن کے بس کی بات نہیں تھی۔

پھر اِن مجرموں کو انجام تک پہنچانے کا خواب اسی پتھریلی زمین کی نظر ہو جاتا یہی دب جاتا۔

وہ چاہ کر بھی کوئی ایک فیصلہ نہیں کر سکتے تھے۔

مگر وہ اِس بات سے لاعلم تھے کہ فیصلہ خُدا کر چُکا ہے اور اب اُس فیصلے کو بس اُنہیں دیکھنا ہے۔

ڈھونڈو اُن لوگوں کو ہماری پُہنچ سے نہ نکل پائے یہ ہمیں باتوں میں لگا کر اُن کو بھاگنے میں مدد دے رہا ہے اِس کا بھی کُچھ کرنا پڑے گا بہت بول لیا اِس نے اِس کی زندگی میں بس اتنا بولنا ہی تھا۔

اور گولی کی زوردار آواز پر کامل اور زبور کے دِل حلق میں آ گئے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سنی کے بازو پر گولی لگی تھی۔

خون دھار کی صورت میں بہنے لگا۔

کامل زبور کے منہ پر ہاتھ رکھے ہوئے تھا کیونکہ زبور کی چیخوں کی آواز اُن کا پتہ بھی منٹوں میں صاف کر سکتی تھیں

پھر شیکھ کا انجام کیا اُن سب کا انجام ہی ہو جانا تھا۔

مگر دونوں کی آنکھوں سے آنسو چھلک رہے تھے۔

یارا تیری جدائی کا سوچ کر دل ڈوب جاتا ہے...

یارا تیری جدائی پر یہ دِل تو رُک ہی جائے گا...

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک گولی کی آواز نے اُس پتھریلی زمین پر سناٹا پھیلا دیا تھا۔

سنی اپنی جگہ پر چٹان کی طرح کھڑا تھا محسوس ہی نہیں ہوتا تھا کہ ابھی ابھی اِس کے جسم میں گولی پیوست ہوئی ہے۔

اگر تو تُم لوگ سمجھتے ہو کہ مُجھے موت سے ڈرا کر کُچھ اُگلواؤ گے تو بھول جاؤ۔

تُم لوگ مُجھے مارنے کے علاوہ اور کچھ نہیں کر سکتے تُم لوگوں کو میری لاش کے علاوہ کچھ نہیں ملے گا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہزادے تُم لوگوں کی ساری پلاننگ کا بھی مُجھے پتہ چلے گا اور صرف تمھاری نہیں باقی دونوں کی لاشیں بھی ہمارے ساتھ جائیں گی تمھارے ساتھی زیادہ دور نہیں گئے ہونگے اور چلے بھی گے تو میرے کارندے آگے بھی ان پر دھاک لگائے بیٹھے ہیں۔

اولڈ پیلس سے نکل کر تُم لوگوں نے بہت بڑی غلطی کی ہے۔

تُم لوگوں کا قصہ آج ختم ہو گا یہی پر اسی گرم زمین پر تُم لوگوں کا خون بہے گا۔

مسلمان کو شہادت کی موت سے ڈرانے سے پہلے تُمہیں ڈوب مرنا چاہیے۔ مسلمان کو" اور چاہیے ہی کیا کے اُسے زندگی میں ہی آخرت کے سنور جانے کی نوید سنا دی جائے۔ اُسے اور کیا چاہیے کہ اُسے اللہ تعالیٰ کے سامنے سر خرو ہونے کی اُمید کی جگہ یقین ہو جائے۔ ایک مسلمان کو ایک اچھی موت کے علاوہ اور زِندگی سے چاہیے کیا "ہوتا ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چلو پھر تمھارا شوق پورا کر دیتا ہوں تُمہیں اچھی موت دے دیتا ہوں۔

اور گولی کی آواز نے اِس بار سناٹا نہیں پھیلایا تھا کہرام پھیلایا تھا۔

سنی۔۔۔

زبور چیختی ہوئی پتھر کی اوڑھ سے نکلی اور سنی کے جِسم سے بہتے خون کو دیکھ کر اپنی جگہ پر منجمد ہو گئی۔

اِس بار خوش قسمتی کام نہیں آئی تھی گولی پیٹ میں لگی تھی۔ سنی گھٹنوں کے بل زمین پر گرا اور ہتھیلیاں زمین پر ٹکائے اپنے دھار کی صورت میں بہتے خون کو گھورنے لگا۔

تکلیف اپنی کم اور پیچھے سے چلانے والی لڑکی کی زیادہ ہوئی تھی وہ حماقت کر چکی تھی اور اُسے یقین تھا اُس کو تکلیف میں چھوڑ کر وہ نہیں جائے گی چاہے وہ جتنا مرضی سمجھا لے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زبور تُمہیں میری قسم بھاگ جاؤ۔

تُم میری خاطر خود کو اور کامل کو خطرے میں نہ ڈالو۔

میں ویسے بھی نہیں بچو گا۔

کامل اسے لے جاؤ جہاں تک بھاگ سکتے ہو بھاگو جہاں تک بچ سکتے ہو بچو ہو سکتا تُم لوگوں کے ہاتھوں اِن کا اختتام ہو گا۔

زبور چلو کامل نے زبور کا ہاتھ تھامے اُسے کھینچا مگر وہ اپنی جگہ منجمد تھی اُس کی زمین پر مضبوط گرفت سے لگتا تھا کہ وہ سامنے موت کے منہ میں کھڑے شخص کے بغیر اپنی جگہ سے نہیں ہلے گی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک دوبار کھینچنے کے بعد کامل نے ہاتھ چھوڑ دیا۔اُس کے سامنے سب بیکار تھا اُس کی آنسوؤں سے بھری آنکھوں نے اُسکا دِل پگھلا دیا تھا اگر وہ اِن کو انجام تک پہنچانے کے لیے خود غرض ہو بھی رہا تھا تو مزید نہیں ہو سکتا تھا۔

وہ سنی اور زبور کے ساتھ مرنے کا فیصلہ کر چُکا تھا۔

مگر ہم جو چاہتے ہیں وہ کب ہوتا ہے اور ہو بھی جائے تو اُس میں ہمارا کمال کہاں ہوتا ہے۔

کامل تُم لوگ چلے جاؤ۔

سنی نے مریل سی آواز میں ہاتھ باندھے کہا۔

یہ ضد کرے گی تُم زبردستی لے جاؤ اسکو تکلیف میں دیکھ کر میں ویسے ہی مر جاؤں گا۔

نہیں یار تُم مرو گے تو زندہ ہم بھی نہیں رہیں گے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور میدان سے بھاگ جانے والے کبھی فاتح نہیں ہوتے۔وہ بُزدل ہوتے ہیں اور حالات کا مقابلہ کرنے والے مر بھی جائیں تو فاتح کہلاتے ہیں۔

زبور کے منجمند قدم حرکت میں آئے وہ قدم قدم سنی کی جانب بڑھ رہی تھی۔

سناج نے پستول کا رُخ زبور کی طرف کر دیا تھا۔

مگر کامل دوڑ کر اُس کے آگیا تھا اور گولی اس کے بازو پر لگی تھی۔

زبور نے حیرت سے کامل کو دیکھا اُسے اپنے حواس کھوتے محسوس ہو رہے تھے۔

اپنے دونوں ساتھیوں کو خون میں نہلا دیکھ کر اُسے کچھ سُجھائی نہیں دے رہا تھا۔

یہاں سے بھاگنا اور زِندہ رہنا نہ ممکن لگ رہا تھا۔

اور اب اُسے اِن دونوں چیزوں کی چاہ بھی نہیں رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُم مرے نہیں ابھی تک چلو تمھاری اذیت کم کر دیتا ہوں۔

چوتھی گولی چلی مگر نشانہ پھر صحیح شخص پر نہیں لگا۔

سنی کے حصے کی گولی زبور نے کھالی تھی۔

اُس کے دِل پر لگنے والی گولی اپنے پیٹ میں پیوست کرلی تھی۔

کیسے ہونے دیں تیرے دل کو سنسار...

ہم نے اپنا ٹھکانہ تھوڑی اجاڑنا ہے...

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زبور یہ کیا کر لیا؟

ہم بچپن سے اکھٹے رہے ہیں اور مرنے تک اکھٹے رہیں بلکہ مرنے کے بعد بھی اکھٹے رہیں گے۔

زبور مسکراتے ہوئے بولی۔

تکلیف میں مسکرانا کوئی اُن سے سیکھتا۔

زبور میں موت سے لڑ رہا ہوں مگر میں خوش ہوں کے تُم میرے ساتھ ہو۔

سنی کی آواز اب سننا بھی مُشکل ہو رہا تھا مگر انداز اب بھی دلفریب تھا اور اِس دلفریب انداز پر ساتھ لیٹی لڑکی اب بھی جان قربان کرنے کے لئے تیار تھی۔

دیکھو تمھارے حصے کی گولی کھا کر پھر بھی میں خوش ہوں میرے تو دانت بھی اندر نہیں جا رہے۔

زبور نے اپنے چمکیلے دانت نکالے جو خوبصورت تھے مگر اُن خرگوشی دانتوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شادی پہ کس رنگ کا جوڑا پہنو گی ہم آسمانوں پر شادی کریں گے۔

سنی کی آواز مر چکی تھی زبور اپنی بند ہوتی آنکھوں سے اُس کے ہونٹوں کی جنبش سے اُسکی بات کا اندازہ لگا رہی تھی۔

لال رنگ کا۔۔

ٹیپیکل دلہن۔

دونوں کے زرد پڑتے چہروں پر مسکراہٹ پھیلی۔

یہ بندہ کبھی سیریس نہیں ہو سکتا مرتے وقت بھی نہیں۔

تیری خوش مزاجی کی تفسیر یہ ہے کہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

موت بھی تُجھ کو ہنسائے گی۔

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ

آواز تھی کہ دِل دھلا گئی تھی زبور نے اپنے ساتھ لیٹے شخص کو دیکھا جو شائد مر گیا تھا۔

اُس کے کلمہ پڑھنے سے یہی معلوم ہوتا تھا۔

اُس کی آنکھیں بھی اب بند ہو رہی تھیں جینے کا جواز تو ختم ہو گیا تھا۔

جِس کے ساتھ جینے مرنے کا کہا تھا اُس کے ساتھ کیسے نہ مرا جاتا۔ اسے ہی تو وفا کہتے ہیں محبوب کا آخری سانس تک ساتھ دینا اُس نے بھی دیا تھا۔ مگر اُس کے آخری سانس کے بعد اُس کے ساتھ کیے وعدوں کے ساتھ بھی تو وفا نبھانی تھی۔

دوسری بار کلمے کی آواز آئی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ﷺ۔۔۔کامل نے آخری الفاظ مکمل کیے کیونکہ پڑھنے والی بات ادھوری چھوڑے آنکھیں بند کر چکی تھی۔

آنکھیں کھولو زبور اللہ سے آدھی بات کر کے آنکھیں کیسے بند کر سکتی ہو اُس کے نبی ﷺ کی تعریف کیے بغیر اُس پر سلام بھیجے بغیر کیسے آنکھیں بند کر سکتی ہو۔

ہم بات ادھوری چھوڑ آئے

نہ جانے کہاں تکمیل ہو گی

کامل کی آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑی بہہ نکلی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سامنے پڑے دو زرد وجود دیکھ کر اُس میں ملنے کی ہمت نہیں رہی تھی۔

وہ زمین پر ڈھ گیا تھا۔

گرم زمین پر جو جسم کی چمٹی ساتھ چپکا رہی تھی مگر اُسے اپنی پرواہ نہیں تھی۔

اُس نے اپنے ساتھی کھو دیئے یہ اُس کے لیے نہ قابلِ یقین تھا۔

دِل ابھی بھی نہیں مانتا تھا کہ دو مسکراہٹوں بھرے چہرے چلے گئے۔

وہ مضبوط دوستی ختم کر کے چلے گئے اتنی جلدی سفر میں اکیلا چھوڑ کر چلے گئے۔

بوس اِس کا کیا کرنا ہے؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چھوڑ دو اسے کوئی رونے والا بھی ہو اِن پر ویسے بھی قبیلوں کو اِس کی لاش بھیج کر اتنی جلدی اُن سے دشمنی نہیں موڈ لے سکتے۔

اسے تہہ خانے کی کوٹھڑی میں بند کر دیں گے جب تک وہاں زندہ رہ سکتا ہے رہ لے۔

اٹھاؤ اسے اور لاشیں ٹھکانے لگاؤ۔

خبر دار جو کسی نے انہیں ہاتھ لگایا اِنہیں جلانے نہیں دوں گا۔

کامل کی آنکھوں کی سُرخی خوفزدہ کرنے والی تھی۔

پیچھے ہٹو۔۔۔

بی بی ایم نے اُسے سنی کے سینے سے الگ کیا مگر کامل نے اُس کے ہاتھ میں پکڑی پستول چھین کر اُس پہ تان دی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے کہانہ یہ ہندووں نہیں ہیں تم لوگ انہیں جلاؤ گے نہیں میں اپنے ہاتھوں سے دفناوں گا۔

مٹی کے بنے مٹی میں ہی جائیں گے اُن کا آگ سے کوئی تعلق نہیں۔

دفنانے دو بلکہ اولڈ پیلس میں دفنائیں گے اِن کی دائما بھی تو دیکھے کہ کس کی قبریں اولڈ پیلس میں بنی ہیں۔۔

سناج نے انتہائی ہمدردانہ لہجہ اپنائے کہا۔

اٹھاؤ لاشیں۔۔

نہیں میں اٹھاؤ گا تمھارے غلیظ ہاتھ ہیں ان لوگوں کے خون سے رنگے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُم لوگ اِن پاکیزہ وجودوں کو ہاتھ لگانے کے قابل بھی نہیں ہو۔

اولڈ پیلس کی زمین اُکھیڑتے کامل کی شرٹ آنسوؤں سے بھیگ چکی تھی۔

زخمی بازو اور زخمی دِل کے ساتھ وہ کیسے سب کر رہا تھا وہ خود بھی سمجھ نہیں پا رہا تھا۔

جب اُس کے بازو پر پٹی بندھ رہی تھی اُسے تب بھی کسی چیز کا احساس نہیں ہو رہا تھا دماغ تکلیف جِسم کو محسوس کروا ہی نہیں رہا تھا کیونکہ وہ مفلوج ہو چکا تھا کُچھ بھی سمجھنے سے قاصر تھا۔ صدمے میں جا چکا تھا۔

وہ بس ہاتھ میں موجود مائکرو کیمرے کو دیکھ رہا تھا جو اُس نے سنی کی بند مُٹھی سے نکالا تھا۔

یہ کیا ہے؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈاکٹر نے تجسس سے پوچھا۔

ہماری زندگی کا مقصد اور اِن کی سزا کا پروانہ۔

کامل کے بے تاثر لہجے میں کہے گئے الفاظ ڈاکٹر کے سر کے اوپر سے گزرے اور وہ دوبارہ پٹی باندھنے میں مشغول ہو گیا۔

کامل دائما اور باسل کے سامنے کسی مجرم کی طرح کھڑا تھا اُس کی لاکھ منتوں کے بعد اُسے یہ خبر خود اُن تک پہنچانے کی اجازت دی گئی کیونکہ وہ جانتا تھا وہ کسی اور سے سُن کر یقین نہیں کریں گے اور کر بھی لیا تو سہہ نہیں پائیں گے۔ کیونکہ اُسے اِس کے بعد موت کے انتظار میں کوٹھڑی میں رہنا تھا تو اُس کی یہ خواہش آخری خواہش کے طور پر پوری کی گئی تھی۔

کامل کُچھ بولو کیا ہوا ہے وہ دونوں کہاں ہیں؟

تمھارے بازوں پر کیا ہوا ہے؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمھاری آنکھیں کیوں سُرخ ہیں؟

اور کپڑے سارے کیسے سُرخ ہیں اتنا خون کیسے بہہ گیا؟

باسل سوال پر سوال کیے جا رہا تھا اور کامل سر جھکائے بت بنے کھڑا رہا۔

کہاں ہیں وہ؟ زِندہ ہیں؟

اِس بار باسل نے اُسکے زنجیروں سے بندھے بازوں کو جھنجھوڑا۔۔

اور کامل کا نفی میں ہلتا سر دیکھ کر جھٹکے سے پیچھے ہوا اور ایک نظر پیچھے بیٹھی دائما پر ڈالی جو بے یقینی سے کامل پر نظریں گاڑے ہوئے تھی۔

کیسے؟

باسل کی بامُشکل آواز نکلی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پیٹ میں گولیاں ماری انہوں نے آواز بھیگ گئی تھی شاید آنکھیں بھی مگر وہ سر جھکا کر کھڑا تھا جیسے وہ مزید جُھکا رہا تھا۔

خود کو نااہل ثابت کر رہا تھا۔ ساتھیوں کی حفاظت نہ کر سکنے پر زمین میں گڑھنا چاہ رہا تھا۔

لاشیں؟

دائما کی رندھی ہوئی آواز اُن کے کانوں میں گئی وہ ری ایکشن کے طور پر اِن الفاظوں کی توقع نہیں کر رہے تھے۔

دفنا دی ورنہ وہ جلا دیتے۔

چلیں قبریں دیکھا دوں۔

اور دائما میکنکی انداز میں چلنے لگی باسل نے بھی اپنے بھاری ہوتے قدموں کو بامُشکل اُٹھایا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قبریں دیکھ کر دائما حیدر پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔ ساری بہادری خاک ہو گئی تھی اُس کا غرور مان مٹی تلے چلا گیا تھا۔

کسی نے دائما حیدر کو ٹوٹا ہوا دیکھنا تھا تو آج دیکھتا۔

اُس کی فلک شگاف چیخیں اور آہو پکار دِل دہلا رہے تھے۔

باسل نم آنکھوں سے اُس کی حالت دیکھ رہا تھا۔

حوصلہ دینے کا اُس میں خود حوصلہ نہیں تھا۔

وہ چیخ نہیں رہا تھا مگر دِل کر رہا تھا۔

دائما قبر کی مٹی ہاتھ میں لیے چوم رہی تھی۔

ایسا کرتے وہ کوئی پاگل معلوم ہو رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر اِس جدائی نے اُسے پاگل ہی کر دیا تھا۔

وہ اگر مضبوط دائما حیدر نہیں لگ رہی تھی تو وہ رہی بھی نہیں تھی۔

اپنے دونوں بازوں کھونے کے بعد کون مضبوط رہتا ہے۔

پیچھے کھڑی سنیہا الال کے چہرے پر ہنوز مسکراہٹ تھی وہ اپنا کہا پورا کر چکی تھی۔

مگر کھیل تو ابھی باقی تھا۔ جس کھیل کی ابتدا قربانی دے کر ہو اُس کا انجام یاد گار ہوتا ہے۔

ملزوم کے آنسو ختم ہوتے ہی ظالم کا انجام شروع ہو جاتا ہے۔

جو قریب تر ہو رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما کھڑی ہو جاؤ۔۔

وہ پچھلے گھنٹے سے وہیں بیٹھی آنسو بہا رہی تھی اور کہیں سے بھی نہیں لگتا تھا کہ وہ اُن دو مٹی کے ڈھیروں پر سے کبھی اُٹھے گی۔

باسل اُس کے ساتھ بیٹھ گیا تھا اُسے پتہ تھا وہ رات تک سونے کے بعد شاید اُسے یہاں سے لے جا سکے۔

ورنہ وہ تو اسی مٹی میں دفن ہونے کی دعائیں مانگ رہی تھی۔

آہیں بد عائیں دیتی تھک نہیں رہی تھی۔

وہ ان لوگوں کو ہر وہ بد عا دے چکی تھی جس سے کوئی بھی سکھ کی زندگی نہیں گزار سکتا۔

کامل زنجیروں سے بندھا بی ایم کے پیچھے پیر گھسیٹتا جا رہا تھا۔

اُس نے اپنے ہاتھوں کو دیکھا جو اب خالی تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اِن ہاتھوں میں سونپی گئی امانت کسی کو سونپ آیا تھا اور اب اُسے اُس امانت کے محفوظ رہنے کی دعا کرنی تھی۔

سناج تُم میرے پاٹنر بن گئے ہو دِل خوش کر دیا۔

میرے سر سے سارے خطرے ٹال دیئے۔

شیکھ کے چہرے پر مسکراہٹ تھی اب وہ مطمئین تھا۔

وقتی مطمئن۔۔۔

اب بس اِن دونوں کا پتہ صاف کرو اور جلد از جلد اولڈ پیلس سے نکلو۔

مگر دائما حیدر اور باسل حسن پتے نہیں تاش کے پتے تھے جو اُس کو ہرانے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں چاہتے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک ہفتے کے اندر اندر ہمیں اولڈ پیلس سے کسی محفوظ جگہ جانا ہے۔

ہمیں برٹش کو لمبیا چھوڑنا ہو گا یہاں وہ سیکیورٹی فورسز والا متھاشر ہمارے پیچھے پڑ گیا ہے۔

مگر وہ جانتا نہیں تھا متھاشر زریی

کسی کے صرف پیچھے نہیں بلکہ آگے دائیں بائیں ہر جانب سے اُسے اپنے شکنجے میں لیتا تھا پھر اُس کے شکنجے سے انجام یا موت کے بعد ہی کوئی نکلتا ہے۔

وہ مجرموں کو پکڑنے میں پکے کھلاڑیوں کا بھی استاد تھا۔

یہ رات سب پر بھاری تھی سب کی آنکھوں سے نیند غائب تھی۔

باسل، کامل اور دائما جن کے غم میں گھل کر سو نہیں پا رہے تھے اُن پر بھی یہ رات بھاری تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور شیکھ اور اُس کے کارندے سو نہیں پا رہے تھے تو اُس کی وجہ وہ دو مٹی کے ڈھیروں پر بیٹھی ایک ٹوٹی ہوئی لڑکی کی آہیں بد عائیں اور سسکیاں تھی جو اُس نے زِندگی میں پہلی بار دی تھیں۔

وہ پہلی بار اِس طرح ٹوٹی تھی اُس نے پہلی بار اپنے کھوئے تھے۔

باسل اُس آنکھیں موندے مٹی کے ساتھ لگی لڑکی کو دیکھ رہا تھا۔ جس کی مٹی پر گرفت ڈھیلی کرنے کی وہ ہر ناکام کوشش کر چُکا تھا۔

مگر نہ اُس کو صبر آ رہا تھا نہ آنسوؤں تھم رہے تھے۔

اُسکی خود کی آنکھیں سُرخی لیے ہوئے تھیں اُس کا حوصلہ ٹوٹ چُکا تھا وہ دائما حیدر کو حوصلے کا ایک لفظ نہیں دے سکا تھا۔

کیونکہ اُس کی زبان سے الفاظ ادا نہیں ہو رہے تھے۔

پاس پڑے چند خون کے قطروں کی طرح اُس کی زبان دِل سب منجمند ہو چُکے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جنہیں کیسے حرکت میں لانا تھا یہ جدوجہد باقی تھی۔

~~~~~~~~~~

زبور اور سنی کی موت کی خبر ہیڈ لائنز پر چل رہی تھی۔

خبر آگ کی طرح بھڑکی تھی اور یہ آگ متھاشر

زریی کی لگائی گئی تھی۔

ہر طرف مظاہرے ہو رہے تھے۔

صحافیوں کی موت پر شور شرابہ ہوتا ہے مگر اِس غیر معمولی شور کے پیچھے متھاشر تھا۔

ایک چینل کے صحافیوں کی کینیڈا کے ہر چینل پر خبر چل رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

جگہ جگہ مظاہرے ہو رہے تھے جن میں سے کچھ متھاشر نے خود ارینج کروائے تھے وہ بات کو ہوا نہیں دے رہا تھا شیکھ کے خلاف طوفان کی تیاری کر رہا تھا۔

.....

وہ کُرسی پر ٹانگ پر ٹانگ چڑھائے بڑی شان سے بیٹھا تھا۔

ڈین کلفٹن اُسے مسلسل گھورے جا رہا تھا مگر اُس پر رتی برابر فرق نہیں پڑ رہا تھا۔

وہ اِنتظار کر رہا تھا کہ ڈین کُچھ بولے اور وہ اُسے مزید نظر انداز کرے۔

اُسے مزا آ رہا تھا اِس طرح اُس کی نظروں میں

رہ کر اُس سے نظر تک نہ ملانا۔

تُم اپنا لاح عمل بتانا پسند کرو گے متھاشر زریِ۔۔

نہیں۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سپاٹ لہجے سے کہا گیا ایک لفظ ڈین کلفٹن کے چہرے پر گہری ناگواری چھوڑ گیا تھا۔

وجہ پوچھ سکتا ہوں؟

میں نے کُچھ بھی پوچھنے سے منع کب کیا۔

تو مجھے کیوں نہیں بتا رہے کہ آگے کیا کرنا ہے اُن دونوں کے مرنے کے بعد دائما کے مرنے کا اِنتظار ہے کُچھ کرو گے یا ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے رہو گے۔

سیکرٹ ایجنٹ کا کام ایک راز ہوتا ہے اور وہ اپنے راز کام کے لوگوں کے سامنے ہی کھولتا ہے۔ مُجھے پتہ ہے کیا ہو رہا ہے کیا ہونا ہے اور مُجھے کیا کرنا ہے۔

میں بھی پولیس والا ہوں میرا کام بھی تمھارے والا ہی ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمھارا کام میرے کام جیسا ہو گیا تو میں سیکیورٹی فورسز چھوڑ دوں گا اور تمہیں کچھ بتانے کا رسک نہیں لے سکتا پولیس والوں کو ویسے ہی ذرا سی بات کا ڈھنڈورا پیٹنے کی عادت ہوتی ہے۔

ذرا سی بات؟ تمھارے اوپر اُن کی موت کا کوئی اثر نہیں ہوا؟

نہیں وہ میری زمہ داری نہیں تھے مُجھے دائما حیدر کو بچانے کا ٹاس دیا گیا تھا اور ویسے بھی جب کسی کی موت لکھی ہوتی ہے آجاتی ہے۔

تُم بے حس ہو متھاشر زریی۔

میں ایک کھرا انسان ہوں حقائق پر چلتا ہوں اور میری بے حسی دیکھنی تو ابھی باقی ہے۔

تیار رہو ڈین کلفٹن۔۔

کالر جھاڑتے اپنے الفاظ کہتا بارُعب انداز میں اُٹھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خلیق اسے اٹھواؤ اور اگلے آدھے گھنٹے میں یہ میرے گھر کے سیکرٹ روم میں موجود ہو سمجھے؟

متھاشر باہر نکلتے خلیق سے مخاطب ہوا جو اُس کے کہنے پر باہر رکا تھا۔

کیا؟ سر اِنہیں کیسے؟ سر یہ بہت با اثر ہیں ہم لوگ مُشکل میں پھنس جائیں گے۔

اِس کے سارے اثر میں نکال لوں گا جو کہا ہے وہ کرو۔

لیکن سر۔۔

متھاشر نے زوردار مُکا خلیق کی کمر میں مارا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سیکرٹ ایجنٹ نہ لیکن کہتا ہے نہ لیکن سنتا ہے۔

اب سمجھ آرہی ہے میری بات؟

جی سر جی سر۔۔

اتنے زوردار انداز میں اندر تک ہلا دینے والے گھونسے نے سارا کُچھ سمجھا دیا تھا۔

.....

متھاشر سیڑھیاں اُترتا سیکرٹ روم کا دروازہ کھولے اندر داخل ہوا۔

شاہانہ ارائش سے مزین کمرہ جو کہیں سے بھی مجرموں کو سزا دینے کا ٹھکانہ نہیں لگتا تھا۔

توڈین کمرہ پسند آیا؟

ہم مجرموں اور غداروں کو بھی اتنی آرائشوں میں رکھتے ہیں مگر پھر بھی تُم مُجھے بے حس کہتے ہو۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

متھاشر صوفے پر ٹانگ پر ٹانگ چڑھائے فاتحانہ نظروں سے ڈین کو دیکھنے لگا جس کے منھ سے خون بہہ رہا تھا۔

یقیناً خلیق کے مضبوط ہاتھوں سے دھلائی کروا چُکا تھا۔

متھاشر نے ہاتھ کے اشارے کے ساتھ ڈین کے منھ پر بندھی پٹی کھولنے کا کہا۔

تُم مرو گے میرے ہاتھ سے پولیس کے اعلیٰ افسر کو اِس طرح اُٹھالانے اور تشدد کرنے کے جُرم میں تُمہیں پھانسی کرواؤ گا۔

تمھاری ہمت کیسے ہوئی ڈین کلفٹن کو ہاتھ لگانے کی تمھیں میرے اثر و رسوخ اندازہ نہیں ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمھارے اثر ورسوخ کا اندازہ ہوا ہے تبھی یہاں لایا ہوں اور اب تُم کوئی پولیس کے اعلیٰ افسر نہیں رہے غدار ہو اِس مُلک کے یہاں سے نکلتے ہی جیل جاؤ گے اور پھر پھانسی بھی چھڑ سکتے ہو۔

کیا بکواس کر رہے ہو۔

ڈین دھاڑا۔

مگر سامنے بیٹھے شخص کے چہرے کے تاثرات میں ذرا فرق نہیں پڑا۔

مجرموں کے لئے وہ بلا کا سخت مزاج شخص تھا۔

تمھارے بڑے خاص بندے نے تمھارے کرتوتوں کی ویڈیوز بھیجی ہیں جو کہ میں نے اپنے پاس رکھ کے کون سا اچار ڈالنا تھا اِس لیے میں نے وہ میئر کو بھیج دی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُنہوں نے نوٹس لیا اور تُمہیں بر طرف کر دیا۔

ہے نہ دھماکے دار خبر؟

متھاشر اُس کے سر پر دھماکہ پھوڑ کر تصدیق کروا رہا تھا کہ دھماکہ صحیح سے پھوٹا ہے یا نہیں۔

مگر کوئی جواب نہیں آیا۔

متھاشر نے ایک نظر اُس پچاس ساٹھ سالہ سابق پولیس آفیسر پر نظر ڈالی جس کی زبان سے الفاظ ادا نہیں ہو رہے تھے چہرے سے پریشانی عیاں تھی ماتھے سمیت سر پر بھی پسینہ نمودار ہو چکا تھا جو بال نہ ہونے کی وجہ سے نظر آ رہا تھا۔

غداروں کا یہی حشر ہوتا ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور تُم مکرنے کا تو سوچنا بھی نہ میں تصدیق کروا چکا ہوں وہ کسی نے تمھارے ساتھ دشمنی میں نہیں بنوائی فوٹو شاپ نہیں ہے۔

اپنی مُلک مخالف بکواس دیکھو اور سنو متھاشر نے موبائل پر چلتی ویڈیو اُس کے سامنے کرتے کہا۔

یہاں پر دھندے چلا رہے ہو لڑکیوں کو اغواء کروا کر اُن کے گھر والوں کو جھوٹی تسلی دے کر خود مجرموں کے ساتھ پارٹنر شپ کرتے ہو آدھے پیسے بٹورتے ہو۔

اِس عمر میں پیسے کا ایسا ہوس ہے۔

ساری زندگی پولیس میں رہ کر پتہ نہیں کیا کیا گُل کھلائے ہونگے۔

ہر جگہ پر تُم جیسے ہوس پسند ہوتے ہیں۔

کسی کو عورت کا ہوس کسی کو پیسے کا ہوس ہوتا ہے۔

ترقی یافتہ ملک ہو یا ترقی پذیر تُم جیسے پسماندہ ذہنیت کے لوگ ہر جگہ ہوتے ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مُجھے شیکھ نے ورغلایا تھا ورنہ میں نے ساری زندگی اپنے فرائض بڑی جانفشانی سے نبھائے ہیں۔

چلو پھر اُس غدار کے بھیت تو کھولو۔

پھر تُم مُجھے بچالو گے ؟

ڈین کے انداز میں جوش اُبھرا

سوچو گا۔

مگر سامنے والے کے سپاٹ لہجے نے سپاٹ ہی رہنا تھا۔

دیکھو میری غلطی نہیں تھی۔

میں بے قصور ہوں تُم عدالت میں میری بے گناہی کی گواہی دو گے تو میں بچ جاؤں گا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈین کلفٹن ایسے ڈھیلا پڑ گیا تھا جیسے گوشت سے ہڈی نکلے تو کہیں بھی مڑ تا جاتا ہے۔

شیکھ کا اگلا ٹھکانہ کیا ہے؟

میں نہیں جانتا اب تک اُس نے مُجھے اِس بارے میں مطلع نہیں کیا تھا۔

متھاشر کی غصے سے بھنویں تنی اور جوتے کی نوک ڈین کے پیٹ میں لگائی۔

میں سچ کہہ رہا ہوں اُس نے مُجھے نہیں بتایا مگر اگر وہ گیا تو ٹورانٹو جائے گا اکثر ذکر کرتا تھا۔

اور دائما کیسی ہے؟

زندہ ہے بس اپنے ساتھیوں کی موت پر افسردہ ہے شیکھ نے کال کر کے آج ہی بتایا ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہمم۔۔۔

اور میرا رابطہ دائما کے والد سے کیوں کروایا؟

تاکہ کسی کو مُجھ پہ شک نہ ہو کہ میں دائما کے مطلق معلومات شیکھ کو دینے میں ملوث ہوں۔

میرے اُس کے والد کے ساتھ اچھے تعلقات تھے میں اُس کے گھر گیا اور اُسکو کسی سے اولڈ پیلس کا ذکر کرتے سُن لیا اِس سے پہلے کے وہ ہمارے لیے خطرہ بنتی اُسکی ساری معلومات اور روٹین میں نے شیکھ کے ایک کارندے کو بتادی مُجھے لگتا اُس نے اُسکے اوقات کا جائزہ لیا اور پکڑوایا ہے۔

اُسکا نام؟

سناج نام ہے اُسکا ہندو ہے۔

ڈین مصیبت میں پھنسا فر فر سب بتا رہا تھا۔

وہ تو نہیں بچتا اب میرے ہاتھ سے۔

آگے بولو۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور ڈین رٹی رٹائی تحریر کی طرح پھر سب اگلنے لگا۔

میں سمجھا تُمہیں میں ورغلا کر اپنے ساتھ کرلوں گا کیونکہ شیکھ کے دوسرے ساتھیوں کی طرح تُم بھی مسلمان ہو اور نہیں تو اپنا سارا لاح عمل بتادیا کروگے اور ہم ہر بات سے آگاہ رہ سکے گے۔

اور دائما کے باپ کو مُجھ پہ شک تو کیا ہونا وہ میرا احسان مند رہے گا کہ اُسے اتنے قابل انسان سے ملوایا مگر نہ جانے کیوں میں نے تمھاری پچھلی پرفارمنس کو پیشِ پُشت ڈال کر یہ سب سوچا اور پلین کیا۔

میں نے یہ کیس متھاشر زریں کو دے کر غلطی کی زندگی کی سب سے بڑی غلطی۔

چلو تُم نے غلطی تو مانی۔

متھاشر نے لینی کو اشارہ کیا جس کی نظریں اُس پہ ہی جمی ہوئی تھیں۔

اور لینی نے ڈین پر اندھا دھند ٹانگیں اور بازوں چلانے شروع کر دیے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

متھاشر ڈین کی لڑکی سے اِس طرح دُرگت بنتے دیکھ کر محظوظ ہوا۔

اسے تو آپ نے لڑکیوں کی دُرگت بنانے کے لئے نہیں رکھا تھا؟

پاس کھڑے خلیق کو ڈین کی دھلائی کا موقع نہ ملنے پر اعتراض تھا۔

یہ اِنہی کا مُجرم ہے اِنہیں ہی سزا دینی چاہیے۔

ویسے سر یہ لینیی آپ پر لائن مار رہی تھی۔

لینیی کی متھاشر پر جمی نظریں خلیق باغور دیکھ چُکا تھا۔

وہ میرے آرڈر کا انتظار کر رہی تھی۔

متھاشر زریِ پر لائن مارنے کا کوئی لڑکی سوچ بھی نہیں سکتی کیونکہ اُنہیں پتہ ہے لائن کاٹ دی جائے گی۔

سر ویسے یہ مسلمان ہے؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں کیوں؟

سر پھر آپ اِس سے شادی کر سکتے ہیں۔

بکواس بند کرو تُم سے کسی نے مشورہ مانگا ہے۔

سر میں تو اِس لیے کہہ رہا تھا کہ اِس نے اچھی خاصی لمبی ہیل پہنی ہوئی ہے یہ مُجھے ہیل پہننا سیکھا سکتی ہے۔

تُم ہیل کی ٹریننگ چھوڑو کسی سے اِنسان بننے کی ٹریننگ لو۔

سر لگتا ہے آپ نے کسی سے لی تھی۔

متھاشر نے اُسے گھوری رسید کی۔

مُجھے کیوں اپنے ساتھ گھسیٹے ہو۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سوری سر۔۔

ویسے سر اِسکا کیا کرنا ہے۔

خلیق ڈین کی طرف اشارہ کرتے بولا۔

یہ ہمارے لیے بہت کام کا بندہ ہے۔

یہ اولڈ پیلس جائے گا اور اولڈ پیلس کی تباہی کا سامان کر کے آئے گا۔

دُشمن کے خاتمے کا سبب دُشمن ہی بنے گا۔

واؤ سر کیا پلین ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُمہیں میں نے کوئی پلین بتایا ہے؟

نو سر۔۔

پھر اپنی زبان بند رکھو۔

او کے سر۔۔

خلیق اِس بے عزتی پر بُری طرح کھجل ہوا کیونکہ لیني مسکراہٹ دباتی اُسے دیکھ رہی تھی۔

اور خلیق نے تہیہ کر لیا کہ اسے تو بھا بھی ہر گز نہیں بنائے گا

.....

اُس چھوٹے سفید محل میں کہرام مچا ہوا تھا۔

تعزیت کرنے والوں کا تانتا بندھا ہوا تھا۔

ہر طرف سوگ کا عالم تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زبور اور سنی کے والدین دائما کے گھر ہی موجود تھے کیونکہ اُن کے پاس اپنی اک لوتی اولادیں کھونے کے بعد بس حیدر علی اور حسینہ بیگم کا ہی سہارا تھا۔

وہی اُن کی تکلیف کو سمجھ سکتے تھے کیونکہ وہ بھی اسی تکلیف سے گزر رہے تھے۔

اگر اُنہوں نے اپنے بچوں کو آخری بار دیکھے بغیر الوداع کہا تھا تو اُن کو تو دائما کے زِندہ یا مردہ ہونے کی خبر تک نہ تھی

اگر اُنہیں اُن کے بچوں کی موت کی خبر ملی۔ تھی تو وہ بھی ایسی ہی خبر کے لئے خود کو تیار کر رہے تھے۔

اگر وہ اُنہیں حوصلہ دے رہے تھے تو مُردہ دِل کے ساتھ اُنہیں خود اپنی بیٹی کی موت کا دھڑکا لگا ہوا تھا۔

اس چھوٹے سفید محل کی دائما کے ہاتھ سے لی گئی ہر سفید چیز سے اُنہیں خوف آرہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سفید رنگ اور اُس میں لپٹا دائما کا تصوراتی چہرہ دماغ کے پردوں کے سامنے جھٹکنے کے باوجود نظر آ رہا تھا اور اُنہیں موت سے خوف دلا رہا تھا۔

مگر وہ ایک بہادر بیٹی کے ماں باپ ہونے کی وجہ سے دوسروں کو حوصلہ اور خود کو صبر دینے کی ہر ممکن کوشش کر رہے تھے۔

.....

دائما تُمہیں صبر کرنا ہو گا۔

نہیں ہو گا دائما حیدر اب کُچھ نہیں کر سکتی۔

اگر کُچھ کر سکتی ہے تو وہ صرف دائما حیدر ہے۔

ایسے روتی تڑپتی رہی تو یہیں اولڈ پیلس میں ایک دائما حیدر کی قبر کا تختہ بھی لگے گا۔

اور وہ بھی بہت جلد۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر کیا کروں بھول جاؤں اِن کی موت کو؟

دائما نے سامنے دو مٹی کی ڈھیروں کی طرف اشارہ کیا۔

یہی تو کہہ رہا ہوں بھولو مت ہمت کرو بدلہ لو اِن کے مجرموں کو معاف مت کرو۔

یہاں رہ کر یہ سب کیسے کروں؟

تو یہاں رہنے کا کون کہہ رہا ہے۔

ہم لوگ کل یہاں سے نکل جائیں گے۔

اتنے بڑے نقصان کے بعد پھر نکل جانے کی بات کر رہے ہو۔

مجاہد ہار نہیں مانتے اپنے آخری سانس تک لڑتے ہیں اور ہم بھی لڑیں گے ہمارا مقصد اپنی جان بچانا نہیں ہے ہمارا مقصد بہت سی عزتوں کی حفاظت کرنا ہے ہمارے عزیزوں کے مجرموں سے بدلہ لینا ہے ہم ہار کے بیٹھ نہیں سکتے ہمیں پلٹ کر وار کرنا ہے۔

اُنہیں اُنکی جیت کی نوید نہیں سنوانی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور کامل؟

وہ بھی ہمارے ساتھ جائے گا۔

لیکن وہ تو تہ خانے میں ہے۔

تو وہاں سے نکل بھی سکتا ہے۔

لیکن کیسے وہ لوگ ہمیں وہاں بھٹکنے بھی نہیں دیں گے۔

ہم نہیں جائیں گے عبداللہ جائے گا۔

اُس کے لیے چابیاں چُرانا اور کامل کو نکالنا مُشکل نہیں ہے اور وہ راضی بھی ہو گیا ہے۔

بس تُمہیں ہمت کرنی ہے اپنے اندر چھپی بہادر دائما کو باہر لاؤ۔

لاؤ گی نہ؟

باسل نے پُر اُمید لہجے میں پوچھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما نے اثبات میں سر کو ہلکی سی جنبش دی۔

باسل نے اُسکا چہرہ دیکھا جو زرد پڑ چکا تھا آنکھوں کے پپوٹے اتنی دیر روتے رہنے کی وجہ سے بُری طرح سوجے ہوئے تھے۔

تاثرات سے عاری چہرہ باسل کا اُسکی اِس حالت پڑ دِل ڈوب گیا۔

~~~~~~~~~~

بھائی آپ کے لئے ایک بُری خبر ہے۔

کامل ٹھیک ہے نہ؟

باسل کو پہلا خیال کامل کا ہی آیا تھا۔

وہ ٹھیک ہے مگر۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

مگر؟

مگر آپکی جان کو خطرہ ہے۔

شیکھ کا اگلہ شکار آپ ہیں۔

اور۔۔

اور کامل نے ایک راز سونپا ہے آپکو۔

عبداللہ باسل کے کمرے میں موجود واحد الماری کی جانب بڑھا اور اُس میں سے کامل کا زیرِ استعمال لیپ ٹاپ نکالے اُس میں یو ایس بی لگانے لگا۔

اور چند بٹن دبانے کے بعد ایک ویڈیو سکرین پر چل رہی تھی۔

باسل نے تھوک نگلا اُسکا گلہ بُری طرح خشک ہو رہا تھا۔

باسل نے حیرت سے عبداللہ کو دیکھا۔

یہ راز ہم تینوں کے علاوہ کسی کو نہیں معلوم اور ہونا بھی نہیں چاہیے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل دائما کو سوتا دیکھ کر سرگوشی کے انداز میں بولا۔

اور دائما کو بھی اِس مسئلے سے دور رکھیں اور اُسے یہاں سے بھیج دیں کیونکہ آپکے بعد اُس کی موت کے پروانے تہ کیے جائیں گے۔

تُم کامل کو لے آؤ اور احتیاط برتنا ہم لوگ ویسے ہی اِن کی توپوں کی زد میں ہے اِنہیں ہمارے نکلنے کی ذرا سی بھنک پڑی تو ہم لوگوں کو اُڑا دیا جائے گا۔

میں اسے اُٹھاتا ہوں۔

باسل دائما کی طرف متوجہ ہوا جس کا زرد چہرہ مزید زرد ہو رہا تھا کُچھ نہ کھانے کی وجہ سے کمزوری سے اُس کے جبڑے تک نمایاں ہو رہے تھے وہ کہیں سے بھی وہ دائما حیدر نہیں لگتی تھی جسے اُس نے پہلی بار ٹریوبن بے میں دیکھا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگر وہ خوبصورت تھی تو ساری خوبصورتی ماند پڑ چکی تھی اُس کو مزید اِس حالت میں وہ نہیں دیکھ سکتا تھا۔

دائما اُٹھو تمھیں یہاں سے نکلنا ہے۔

آدھ کھلی آنکھیں سکیڑے اب باسل کی طرف متوجہ تھی۔

کیا مطلب تُمہیں؟

وہ آنکھیں رگڑتی بولی۔

میں وہاں سے پکڑا گیا تو لاش دفنانے کے لئے بھی نہیں ملے گی تُم اور کامل نکل جاؤ۔

میں یہاں کی بہت سی جگہوں کو جانتا ہوں جہاں میں چھپ سکتا ہوں۔

چند دن خود ساختہ قید میں رہ سکتا ہوں۔

کیسے رہو گے تُم اگر مارے گئے تو؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مُجھے کُچھ نہیں ہو گا بس تُم جاؤ۔

اکیلا کر دو گے مُجھے؟

کامل ہو گا تمھارے ساتھ۔

باسل بغیر نظر ملائے بات کر رہا تھا ان آنکھوں میں اب ویسی تپش نہیں رہی تھی کہ کوئی اُس کی آنکھوں میں آنکھیں نہ ڈال سکے مگر وہ اُس کی آنکھوں میں موجود پانی اور بے بسی کے سامنے پگھل نہیں سکتا تھا۔

دائما نے رُخ موڑے کھڑے باسل کو بازو سے پکڑ کر اپنے مقابل کیا۔

مگر اُس کی نظریں ہنوز زمین پر گڑھی تھیں۔

تُم بھی مُجھے چھوڑ رہے ہو تم بھی مر گئے تو؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما نے اُس کے چوڑے سینے پر ہاتھوں سے بنے کمزور مکے برسائے۔

مگر وہ اُسکے بازو پیچھے دکھیلتا کمرے سے یہ کہتا نکل گیا کہ کامل آئے تو تمیز سے اُس کے ساتھ چلی جانا اگر تُمہیں مرنے کا شوق نہیں ہے۔

دائما حیرت کا مجسمہ بنے اُسے جاتا دیکھتی رہی۔

اگر وہ خود بہادر اور ضدی تھی تو اُسے اپنی زندگی میں بھی ویسے ہی لوگ ملے تھے۔

عبداللہ کچن میں کھانا کھاتے بی بی ایم کو کڑی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

اس کا بس نہیں چل رہا تھا بھاگ کر اُسکی جیب سے چابی نکال لے۔

مگر وہ اپنے ازلی ٹوٹ پڑنے والے انداز میں کھانا کھانے میں مصروف تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عبداللہ کے پاس کھانے کی زمہ داری تھی وہ آدھا گھنٹہ پہلے بی بی ایم کو کھانا دے کر گیا تھا اور وہ اب تک مُسلسل ٹھونس رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہلکی بارش تیز بارش میں بدل رہی تھی۔

ہوا کے پانی سے ملے تھپیڑے اُس کے چہرے پر تھپڑوں کی مانند پڑ رہے تھے۔

آنکھوں کے سامنے سیاہ جوڑا پہنے ہاتھ چھڑواتی لڑکی گھوم رہی تھی۔

ذہن اپنے اوپر برستی بارش کو محسوس کرنے سے قاصر تھا کیونکہ اُس پر کسی اور غلبہ تھا۔

"ہاتھ چھوڑیں متھاشر"

سماعتوں میں الفاظ گونجے اور جھٹکے سے آنکھیں کھولیں۔

دائما حیدر تُم نے میرے بارے میں کبھی سوچا بھی ہو گا یا نہیں۔

میں فقط اِس بات پر کیسے خوش ہو سکتا ہوں کہ تُم مُجھے پہچانتی ہو۔

صرف پہچاننا تو ضروری نہیں ہوتا۔

کیا شناسائی کافی ہوتی ہے؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خُدا جانے کیوں تُم ایک ملاقات میں میرے دماغ پر اتنے گہرے اثرات چھوڑ گئی ہو۔

تُم ہی کیوں۔۔

کوئی اور کیوں نہیں۔۔

کوئی ایسی کیوں نہیں جو میرے بارے میں ویسے ہی سوچے ویسے ہی اپنا قیمتی وقت اپنی نیند مُجھے سوچنے میں وقف کرے جیسے میں کرتا ہوں۔

عجیب اصول ہیں پسندیدگی کے بھی آس پاس موجود ہمارے آگے پیچھے ہوتے لوگوں کو چھوڑ کر ہمیں وہ پسند آجاتا ہے جِسے ہم میں دلچسپی نہیں ہوتی۔

اُس کے لیے ہم اہم نہیں ہوتے لیکن ہم باقی سب کو نظر انداز کر کے اُسے سب پر فوقیت دیتے ہیں۔

اِنسان بھی نہ قدر کرنے کی قدر کر نہیں سکتا۔

لوگ پسندیدگی کا دائرہ بنائے ہوئے ہیں۔

جس میں کوئی اپنے پیچھے دیکھنا پسند نہیں کرتا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپنے آگے چلتے شخص کے ساتھ چلنے کی خواہش میں اپنے پیچھے مرتے شخص کی طرف ہم مڑ کر نہیں دیکھتے اور ہم سے آگے چلتا شخص ہمیں دیکھنا پسند نہیں کرتا۔

جہاں اپنے پسند کے شخص سے ملی نظر اندازی دھتکار اور یکسر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔

اندر بیٹھا خلیق اُس کی ہونٹوں کی جنبش کو باغور دیکھ رہا تھا مدھم آواز میں بولنے اور پُرزور بارش کی آواز میں متھاشر کی آواز اُس تک پہنچنا ناممکن تھا۔

مگر اُس کا دِل للچا رہا تھا۔

اُسے جاننا تھا کہ اُس کا بوس اتنی تیز بارش کو نظر انداز کیے کس دھن میں بیٹھا ہے۔

سر مُجھے لگتا ہے ڈین اتنی بارش میں راستے میں ٹانگیں پھیلائے بیٹھ گیا ہو گا۔

اُس پیٹو سے اتنی بارش میں کہاں چلا گیا ہو گا۔

خلیق نے جیپ کی فرنٹ سیٹ کا شیشہ کھولے اونچی آواز میں متھاشر کو کہا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

متھاشر اُس کی بات پر مسکراتا ہوا اُسے گاڑی سے آدھا باہر نکلا دیکھنے لگا۔

وہ بہت ڈھیٹ چیز ہے زِندہ سلامت اولڈ پیلس پہنچ جائے گا۔

لیکن سر بیگ میں موجود سامان تو بھیگ گیا ہو گا۔

خلیق کو نئی فکر لاحق ہوئی۔

بھیگ جانے دو۔

واہ۔۔

مشترکہ آواز گونجی۔۔

متھاشر کے اِس لاپرواہ انداز پر وہاں موجود سب لوگ اش اش کر اُٹھے۔

اُن کے واہ پر متھاشر نے کوئی ردِ عمل دینا بھی ضروری نہیں سمجھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سر مُجھے آپ کے پلین کا کوئی سر پیر نہیں لگ رہا۔

اگر سامان بھیگ گیا اور ڈین اپنا کام نہیں کر سکا تو ہم لوگوں کو شیکھ کے کارندے حلال کر دیں گے۔

حلال ہی کریں گے نہ حرام تو نہیں کرتے۔

اور کُچھ نہیں ہوتا تُم جیسے ڈھیٹ کو۔۔

سر آپ نے مجھے ڈھیٹ کہہ کر ڈین کے ساتھ شامل کر دیا ہے۔

تو ڈین بھی ہمارے ساتھ ہی شامل ہے۔

سب نے حیرت سے اُس شخص کو دیکھا جو لاپرواہی کی انتہا پر اپنی ہی دھن میں لگ رہا تھا۔

سر وہ ہماری چمڑی اُدھیڑ دیں گے۔

اندر بیٹھی لینیی کی آواز آئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایسی ہی بات میں نے ابھی کی تھی جِس کا خوبصورت جواب بھی سر دے چکے ہیں۔ تُم نے ضرور ٹانگ اڑانی ہے۔

ہنہہ۔۔

لینیی نے غصے سے رُخ پھیرا اور جیپ کے دروازے سے باہر نظر آتی بارش کو بدمزہ ہو کر دیکھنے لگی۔

اگر میں نے سوال پوچھ ہی لیا تھا تو اِس گدھے نے ضرور ٹانگ اڑانی تھی۔۔

لینیی سوچ کر رہ گئی۔

اُن میں اتنی ہمت نہیں۔۔

میں جانتا ہوں تُم لوگوں جیسے بہادر لوگ اُنکی چمڑی اُدھیڑنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔

اور سب اپنی اِس اچانک ہونے والی تعریف پر خاموش ہو گئے تھے۔

وہ جانتے تھے یہ تعریف نہیں اُنکے سربراہ کی طرف سے دیا جانے والا اعتماد ہے۔

اُن کو مقابلے کے لیے تیار کرنے کی کوشش ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عبداللہ جو کام تُمہیں کہا ہے وہ کرو۔

اور جب کر لو تو اِس وائرلیس سے مُجھے بتا دینا۔

پھر دائما تُم نے اپنا کام کرنا ہے۔

سمجھ گئے ہو نا تُم لوگ؟؟

جی بوس۔۔

اور دائما کے بوس کہنے پر کامل کے ساتھ باسل بھی چونکا۔۔

غلطی سے کہہ دیا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما نے کندھے اچکائے۔۔

عبداللہ تُم جاؤ۔۔

باسل عبداللہ کو بھیج کر دائما کی طرف متوجہ ہوا۔

ابرو سوالیہ انداز میں اٹھائے اُسے دیکھنے لگا۔

کیا ہوا کیوں گھور رہے ہو؟

دائما حیدر آپ دِن بادِن غیر سنجیدہ ہوتی جا رہی ہیں۔

مُجھے آپ کے ذہن پر اثر ہوا لگ رہا ہے۔

جس دن سے زبور اور سنی کی قبروں سے تُمہیں لایا ہوں تمھارا یہی حال ہے سوچنا تو گھنٹوں سوچو میں محو رہنا غُصہ کرنا تو بغیر کسی خاص موعدے کے لڑتے جانا اور سنجیدہ موقعوں پر مذاق کرنا اور مذاق کرو تو سنجیدہ ہو جانا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُمہیں پھر یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ تمھاری یہ باتیں بھی میں سنجیدہ نہیں لوں گی۔

دائمالاپرواہی سے کہتی جانے لگی۔

باسل نے اُسے جاتا دیکھ کر اُس کی کلائی پکڑ لی۔

کہاں جا رہی ہو۔

دماغ ٹھیک ہے تمھارا۔۔

ابھی نہیں جانا عبداللہ کھانے میں دوائی ڈالے گا۔

وہ لوگ کھائیں گے اور عبداللہ نے وائرلیس سے بتایا پھر جانا۔

ہاتھ چھوڑیں باسل حسن۔۔

مگر وہ متاثر زرہی نہیں تھا جس نے پہلی بار دائما سے اپنا نام سنا تھا ہاں اتنے احترام سے پہلی بار سنا تھا۔

گرفت مضبوط تھی اُسے چھڑوانے کی کوشش بے کار لگ رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

غور سے بات سنو دائما سنجیدگی سے لو یہ معمولی مسئلہ نہیں ہے۔

تُم نے ساری لڑکیوں کو آزاد کروانا ہے۔

انتہائی احتیاط سے سب کی نظروں سے بچ کر اور تُم پر حملہ ہو سکتا ہے۔

ایک دو گولیاں کھا کر زِندہ بچ جاؤ گی نہ؟

مر بھی گئی تو افسوس نہیں ہو گا۔

پوری کوشش کروں گی سب کو باحفاظت باہر نکال لوں۔

یہ لو۔۔

باسل نے سر پہ لگانے والی پن دائما کے سر پہ لگائی۔

دائما نے سوالیہ ابرو اٹھائی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ دس کمروں کے دروازے کھولنے میں کام آئے گی۔

دس؟

کم ہیں نہ؟

نہیں تو۔۔۔

دائما نے ناک اوپر کرتے منہ بسورا۔

ایسی حرکتیں نہ کیا کرو تُم پہ پیار آجاتا ہے۔

میں نے سنا ہے جب کسی نے بچھڑنا ہوتا ہے تو اُس پہ زیادہ پیار آتا ہے۔

دائما حیدر سے کسی اچھی بات کہے جانے کی مجھے اُمید بھی نہیں تھی۔

باسل کو اپنی بات پر اِس جواب کی اُمید نہیں تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھے لوگوں کو اچھی باتیں کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی اُن کی ہر بات اچھی لگتی ہے۔

نہیں جو اچھا لگتا ہے اُس کی ہر بات اچھی لگتی ہے۔

تو میں تمہیں اچھی لگتی ہوں نہ۔۔

میں نے یہ کہنے کی غلطی کب کی؟

باسل نے لاعلمی کا اظہار کیا۔

تُم نے کہا تھا تُمہیں دائما حیدر سے محبت ہے۔

تو تمھیں پتہ چل گیا دائما حیدر کون ہے؟

باسل مسکراہٹ دبائے بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میرے علاوہ دُنیا میں کوئی دائما حیدر نہیں پائی جاتی۔

دائما نے فخریہ انداز میں شانے اٹھائے۔

تو لازمی نہیں جس سے محبت میں وہ اچھا بھی لگتا ہو۔

اکثر زہر لگنے والوں سے بھی بہت ہو جاتی ہے۔

باسل حسن کی باتوں کی منطق مُجھے سمجھ نہیں آتی۔

چلو تُم منطق چھوڑو۔۔

یہ بتاؤ اِس کے بعد مُجھ سے کہاں ملو گی۔

اب اِس بات کا کیا مطلب ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جب یہاں سے جاؤ گی واپس تُمہیں اِس جگہ نہیں ملوں گا شاید کبھی نہ ملوں۔

اگر کبھی ملا تو ٹریبیون بے پر ملوں گا۔

مُجھے بہت سے کام ہیں اور اُن کاموں میں زِندہ رہنے کے چانسز بھی کم ہیں۔

کیا یہ ہماری آخری ملاقات ہے؟

ہو سکتی ہے۔

پھر محبت کا اظہار کرنے کی ضرورت کیوں پڑی؟

تاکہ مر بھی جاؤں تو کسک نہ رہ جائے کہ زندگی کے کسی مقام پر بزدلی دیکھائی چاہے وہ محبت کے اظہار کا معاملہ ہی کیوں نہ ہو۔

جِس واحد لڑکی کو چاہا اُسے بتا دیا۔

اپنے باسل (بہادر) ہونے کا مان بھی تو رکھنا ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ویسے تمھارا انداز آگاہ کرنے والا ہی تھا۔

بلکل میں نے نہ تُم سے جواب مانگا نہ رائے اور نہ ہی پابند کیا ہے صرف بتایا ہے تاکہ تُمہیں پتہ کوئی تُمہیں چاہتا ہے۔

تُم جیسی فراٹے لڑکی کو بھی کوئی چاہ سکتا ہے۔

باسل نے آنکھ کا کونہ دباتے کہا۔

مُجھے بھی بہادر لوگ پسند ہیں۔

مطلب اِن ڈائریکٹلی تُم کہنا چاہ رہی ہو کہ میں تمہیں پسند ہوں۔

خوش فہمیاں اچھی ہوتی ہیں تُمہیں پالنے کی اجازت ہے۔

خوش فہمیوں میں کسی کی اجازت کہاں سے آگئی؟

مگر دائما حیدر کے بارے میں کُچھ بھی سوچنے سے پہلے اجازت لی جاتی ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیوں پرمیٹ کارڈز کا بزنس کرتی ہو؟

بھاڑ میں جاؤ دور والی۔۔

جانے لگا ہوں جلد ہی۔۔

باسل کی آواز بھر آئی تھی۔

دائما نے اُس کا جھکا چہرہ دیکھا اور آنکھیں موندے دیوار کے ساتھ سر ٹکا لیا۔

اُسے عبداللہ کے گرین سگنل کا انتظار تھا۔

آگے کیا ہونے والا تھا اُس سے لاعلم وہ صرف لڑکیوں کو آزاد کروانے کا لاح عمل عمل سوچ رہی تھی۔

تیری جدائی سے لا علم

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُجھ کو چاہنے کا سوچنے لگے

~~~~~~~

عبداللہ دم سادھے دیوار کے ساتھ تقریباً چپکنے والے انداز میں کھڑا تھا۔

اُسے کچن سے سب کے نکل جانے کا انتظار تھا وہ نہیں جانتا تھا اُس کے بعد کھانے کی زمہ داری کسے دی گئی ہے۔

وہ وہاں سے کسی کے نکلنے کا انتظار کر رہا تھا۔

تا کہ دروازہ کھلے اور وہ چھپ کر دیکھ سکے کہ اندر کتنے لوگ موجود ہیں۔

تین چار کو تو وہ با آسانی چیت کر سکتا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~

مگر اگر کھانے کی ٹائمنگ بدل دی گئی ہوتی اور اندر شیکھ کے کارندوں کا انبار ہوتا تو وہ اِنتظار ہی کر سکتا تھا۔

عبداللہ کی نظریں کچن کے دروازے پر تھیں جب اُس کے کندھے پر کسی نے ہاتھ رکھا اور اُس نے جھٹکے سے دائیں جانب رُخ موڑا اور

زبان سے بے ساختہ نکلا

"راشق"

مُجھے پہلے ہی پتہ تھا تُم لوگ بھاگے نہیں ہو۔

اتنا آسان نہیں یہاں سے نکلا۔

کہاں چھپے ہوئے تھے۔

عبداللہ کی سانس اٹک گئی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اتنا احمق نہیں تھا کہ رکنے کی جگہ بتا کر اپنے ساتھ ساتھ دائما اور باسل کو بھی خطرے میں ڈالتا۔

عبداللہ کو خاموش دیکھ کر راشق نے آنکھیں سکیڑیں اور باغور عبداللہ کا چہرہ دیکھا۔

جہاں صرف خوف تھا پکڑے جانے کا خوف یہاں سے نکل نہ پانے کا خوف پلین کے فلاپ ہونے کا خوف۔۔

کیا سوچ رہے ہو عبداللہ مُجھ سے بھی خوف زدہ ہو گے۔

راشق نے دوستانہ انداز لیے کہا۔

وہ یہاں پر عبداللہ کا واحد دوست تھا۔

وہ ایک دوسرے کے ہر راز سے واقف تھے۔

مگر عبداللہ نے روپوش ہونے سے پہلے اُسے آگاہ نہیں کیا تھا کیونکہ باسل نے آگاہ کرنے سے روکا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُس کا کہنا تھا رسک نہیں لینا چاہیئے اگر اُنہیں راشق کے بارے میں کُچھ معلوم ہو گیا تو وہ اُس سے سب کُچھ اُگلوا سکتے ہیں اور ہم خطرے میں پڑ سکتے ہیں۔

عبداللہ نے بھی مُکمل احتیاط کی تھی۔

نہیں یار میں تو خوش ہوں تُم ٹھیک ہو۔

بس سانس رُک گیا تھا تمھارے اچانک آنے سے مُجھے توقع نہیں تھی کہ تُم اب تک آزاد ہو گے۔

ہاں بس مُجھے غیر مسلم ثابت کرنے والی ہم لوگوں کی پلاننگ کام آگئی۔

شیکھ نے مُجھے ہندو سمجھ کر چھوڑ دیا لل۔

ورنہ شیکھ نے تُم لوگوں کے فرار ہونے کے بعد اپنے تمام مسلمان ساتھیوں کو قید کر دیا ہے اور اُن پر بہت ظلم ہو رہا ہے جو مُجھ سے مذید نہیں دیکھا جا رہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُسے کسی مسلمان پر یقین نہیں رہا۔

تمھارے پاس اُن کے قید خانے کی چابی ہے؟

بلکل میرے پاس ہر جگہ کی چابی ہے میں چرا چُکا ہوں۔

تُمہیں پتہ ہے میں چوری میں ماہر ہوں۔

یہ فخر سے بتانے والی بات نہیں۔

عبداللہ ایسی بات فخریہ انداز میں بتانے پر مسکراتے ہوئے بولا

بس تو اُنہیں آزاد کروانے کا کام تمھارا۔۔

آج ہی۔۔؟//

راشق چہکا۔۔

ہاں آج ہی اُنہیں تکلیفوں سے رہائی ملے گی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُم یہاں کیوں آئے؟

ایسا خطرہ مول لینے کی ضرورت کیوں پڑی؟

اِن سب کو نیند کے آغوش میں بھجنا تھا پھر ہی ہم لوگ آسانی سے کام کر سکیں گے۔

لاؤ کہاں ہے بے ہوشی کی دوائی میں ڈال دوں گا۔

تُم چھپ جاؤ جا کر وقت آنے پر تُمہیں بلالوں گا۔

مگر کیسے بلاؤں گا؟

اِس وائرلیس سے عبداللہ نے وائرلیس راشق کو پکڑایا۔

اور میں نے جو کام سونپا تھا؟

کام باخوبی کر رہا ہوں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور پوچھنے کے بعد وہ منٹوں کی بجائے سیکنڈوں میں وہاں سے غائب ہو گیا۔

وہ اِس طرح دیوار کے ساتھ رینگتے ہوئے جانے میں ماہر تھا۔

اور راشق وائرلیس اور دوائی پُشت کے پیچھے چھپائے فوراً کچن میں گھسا۔

وہ لوگ پکڑے جانے کا رسک نہیں لے سکتے تھے۔

راشق نے وائرلیس الماری میں چھپایا اور دوائی کھانے میں ڈالنے لگا۔

عبداللہ کے بعد کھانے کی زمہ داری اُس کے سپرد کی گئی تھی۔

شیکھ نے ایک بار پھر ہندو کے روپ میں چھپے مسلمان پر یقین کر کے غلطی کی تھی۔

عبداللہ کو اتنی جلدی واپس لوٹ کر آنے پر وہ دونوں

حیرت سے اُسے دیکھ رہے تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُم اتنی جلدی کیسے آ گئے؟

اور واپس آنے کو کب کہا تھا اگر وہ لوگ تمھارے پیچھے ہوئے اور یہاں تک آ گئے تو ہمیں گولیوں سے بھون دیں گے۔

وائرلیس پر بتا دیتے اگر کُچھ ہوا تھا۔

باسل پریشان لگ رہا تھا۔

وہ سمجھ رہا تھا کہ عبداللہ کسی سے بچتا یہاں واپس آ گیا ہے۔

اتنا اناڑی نہیں ہوں بھائی۔۔

وہ مُجھے پکڑنے تو کیا دیکھنے کی اہلیت بھی نہیں رکھتے۔

پھر واپس کیوں آئے؟

باسل کو ابھی بھی تشویش ہو رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

راشق مل گیا تھا اُس نے کہا وہ کام کر دے گا میں چلا جاؤں میں نے بھی آنا بہتر سمجھا۔

اور کیا کہہ رہا تھا؟

باسل مزید رپورٹ لینا چاہتا تھا۔

شیکھ نے تمام مسلمان ساتھیوں کو قید کر لیا ہے راشق کے پاس قید خانے کی چابی ہے میں نے کہا ہے اُن سب کو بھی آزاد کر دے۔

عبداللہ نے مختصر انداز میں تفصیل بتائی۔۔

اور دائما کی آنکھیں پوری کھل گئیں۔

تُم لوگ کر کیا رہے ہو۔

اتنے سارے لوگ بچ کر جائیں گے کہاں؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُم اولڈ پیلس باراستہ برٹش کو لمبیاٹرین منگوارہے ہو جس پر سب بیٹھ کر باحفاظت اپنے گھروں تک پُہنچ جائیں گے۔

دائما کو اب اُن کی بلکل سمجھ نہیں آرہی تھی۔

بہت خوب اور قید میں رہ کر جو لوگ اُس کے ساتھ تھے وہ بھی خلاف ہو گئے ہونگے۔

شیکھ اعلیٰ قسم کا احمق اِنسان ہے۔

باسل نے دائما کی بات نظر انداز کیے مزید پُر سکون انداز میں کہا۔

اور احمق لفظ سے دائما کو فوراً سنی یاد آیا۔

ساری زندگی اُسے احمق کہتے گزاری تھی اُس نے اور آخر میں بھی وہ حماقت دیکھا گیا تھا۔

دائما حیدر جتنے لوگ زیادہ ہونگے شیکھ کے کارندوں سے لڑنے میں اُتنی ہی زیادہ آسانی ہو گی۔

اور ہمیں یہاں سے بھاگنا نہیں ہے مقابلہ کرنا ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر ہم چھپ کیوں رہے ہیں؟

دائما ابھی بھی ٹھیک سے نہیں سمجھی تھی۔

ابھی ہم کم ہیں۔

کمزور ہیں۔

جب اُن سب کو آزاد کروایں گے تو ایک طاقت بن کر لڑیں گے۔

اُن کے اندر شیکھ کے لئے مزید غیض و غضب ہے۔

جنگ ہو گی دو طرفہ لڑائی۔۔

دیکھتے ہیں کون جیتتا ہے۔

حق یا باطل۔۔

اور اب تُم جاؤ۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما تُم پر بہت بڑی زمہ داری ہے اُمید ہے تُم اُمیدوں پر پورا اُتروں گی۔

اُمید نہیں یقین کرو پھر کُچھ کروں گی۔

اُمید اور یقین کے بیچ میں لٹکنے والے مُجھے نہیں پسند۔۔

مجھے یقین ہے دائما حیدر میدان مار کر آئے گی۔

اور پھر ملیں گے۔۔

باسل چہرے پر مسکراہٹ لیے بولا۔

دائما جواباً مُسکرا دی۔

باہر نکلتے ہی اُس کا پالا شیکھ کے کارندوں سے پڑ گیا۔

وہ خود کو چھپانے میں ماہر نہیں تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بلکہ وہ تو دان دناتے ہوئے اولڈ پیلس میں چل رہی تھی۔

دائما کے پاس باسل کا دیا سفیدی مائل سلور پسٹل تھا۔

مگر وہ اُس کا استعمال کرتی تو گولی کی آواز سے وہاں موجود دو لوگوں کے ساتھ دس بیس اور اکھٹے ہو جاتے۔

دائما نے اپنی طرف آتے شخص کے سامنے ٹانگ اڑا کر اُسے زمین بوس کیا۔

پہلے کو زمین پر پڑا دیکھ کر دوسرا آنند فانند دائما کی طرف بڑھا۔

اور دائما نے پسٹل کا نچلا حصہ زور دار طریقے سے اُس کے سر پہ لگایا۔

وہ سر پر اِس خطرناک حملے کے بعد سر پکڑے نیچے بیٹھ گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلے والا دوبارہ کھڑا ہوا تو دائما نے اُس کے سر پر بھی پسٹل مارا۔

دونوں سر جھکائے بیٹھے تھے۔

دائما جانتی تھی اُن کا سر گھوم چُکا ہو گا اور اب وہ دوبارہ وار کرنے سے پہلے حواس کھو جائیں گے۔

اور ویسا ہی ہوا اُن کی آنکھیں بند ہونے لگی تھی۔

پسٹل کے نچلے حصے کی نوک بنائے اُس نے سیدھا اُن کے سروں پر ضربیں لگائی تھیں۔

اِس حملے کی تکلیف سے چند لمحوں کے لیے لوگ سوچنے سے قاصر ہو جاتے ہیں پھر آہستہ آہستہ بے ہوشی کی حالت میں چلے جاتے ہیں۔

دائما حیدر سے یہ وار بہت سے لوگوں نے کھایا تھا۔

دائما سامنے بند گلی سے گزرتی تیسرے کمرے کے دروازے کے سامنے رکی۔

باسل کے کہنے کے مطابق یہ کمرہ نزدیک بھی ہے اور یہاں لڑکیاں بھی زیادہ قید ہیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائمانے سر سے سیاہ پن اُتاری اور جائزائی نظر پن کی نوک پر ڈالنے لگی۔

وہ عام پنوں جیسی نہیں تھی۔

اُس کی خدوخال سے لگ رہا تھا خاص اسی کام کے لئے بنوائی گئی تھی۔

اُس کے سرے پر تین نوکیں بنی تھیں یقیناً ہول میں چابی کی شکل بنانے کے لئے بنایا گیا تھا۔

دائمانے پن ہول میں گھسائی مگر اُسے یہ عام دروازوں کے لاک سے مُشکل لگا۔

جو کام وہ ایک منٹ میں کر لیتی تھی وہ کام اُس کے دس منٹ ضائع کر گیا تھا۔

مگر بالآخر دروازہ کھل گیا تھا۔

اندر اندھیرا تھا۔

وہ اندھیرے میں دیواریں ٹٹول رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لائٹ کا بٹن ملنے پر ٹک کی آواز کے ساتھ کمرے میں روشنی پھیلی۔

لائٹ جلانے پر سامنے کے منظر نے اُسے حیران کر دیا تھا۔

بہت سی لڑکیاں اِدھر اُدھر لیٹی ہوئی تھیں۔

اگر وہ اُن کے بندھے ہونے کی توقع کر رہی تھی تو برخلافِ توقع وہاں سب آزاد بیٹھی تھیں۔

اور اُنہوں نے کسی غیض و غضب کا اظہار بھی نہیں کیا تھا۔

ورنہ اُسے توقع تھی کہ قید سے باہر نکلنے کے لیے وہ اُسے پچھاڑتی ہوئی باہر نکلیں گی۔

باسل بھائی کہاں ہیں؟

آج وہ کیوں نہیں آئے؟

آپ کون ہیں؟ یہاں کیسے آئیں؟

شیکھ کے ساتھ ملی ہوئی ہو؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل بھائی نے بھیجا ہے؟

مشترکہ ہونے والے سوالوں پر دائما نے دروازہ بند کر دیا تھا تاکہ آواز باہر نہ جائے۔

ہاں باسل نے بھیجا ہے تُم سب کو آزاد کروانے کے لئے تُم لوگوں کو یہاں سے نکالنے آئی ہوں۔

مگر دائما خود حیران تھی وہ سب صرف باسل کو ہی کیوں جانتی تھیں اور صرف اُسکا نام ہی کیوں اتنی عزت سے لے رہی تھیں۔

تو بھائی نے اپنا کیا وعدہ پورا کر ہی دیا ہمیں رہائی کا پروانہ دلوا ہی دیا۔

اُن کے چہروں پر خوشی اور جوش عیاں تھا۔

کیسا وعدہ؟

باسل بھائی نے ہمیں یہاں چھپا کر رکھا ہوا ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اِس کمرے کو زنگ زدہ تالا لگایا ہے اور وہ یہی محسوس کرواتے ہیں کہ یہ خالی ہے یہاں کسی کو بھٹکنے بھی نہیں دیتے۔

اور دائما کو سمجھ آیا کہ اُسے لاک کھولنے میں اتنی مُشکل کیوں ہوئی اُسے کھولنے میں اتنا وقت کیوں لگا۔

ہمیں شیکھ کے مظالم سے بچایا ہوا ہے۔

آپ نے سنا نہیں اولڈ پیلس میں لڑکیاں خودکشیاں بہت کرتی ہیں۔

وہ خودکشی نہیں کرتیں بھائی اُنہیں یہاں چھپا دیتے ہیں۔

میں پچھلے ایک سال سے اِس کمرے میں ہوں اور کُچھ لڑکیاں میرے سے بھی پہلے کی یہاں موجود ہیں۔

اتنے عرصے میں یہ ستر کے قریب لڑکیوں کی یہ پناہ گاہ بھائی نے بنائی ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ہم سب کے لئے اتنا کھانا لا دیتے ہیں اور اکثر نہ ملنے پر اپنے حصے کا لا دیتے ہیں کہ ہم زندہ رہیں۔

اور ہمیں روز آکر سمجھاتے ہیں ہمیں زِندہ رہنے کی ہمت دیتے ہیں ورنہ ہم لوگ اتنے عرصے میں مر چکی ہوتیں یا شیکھ کے ہوس کی بھینٹ چڑھ چُکی ہوتیں۔

مگر اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے فرشتہ بھیج دیا۔

اُس فرشتے کی وجہ اور اُس کی بہادری کی وجہ سے ہم سب کی سانسیں چل رہی ہیں۔

وہاں موجود ایک لڑکی نے بغیر رکے دائما کو تفصیل بتائی اور اُس کی آنکھوں پر پڑے بہت سے پردے ہٹائے۔

دائما جائزائی انداز میں کمرہ دیکھ رہی تھی یہ کمرہ وُسعت کے لحاظ سے باسل کے کمرے سے دوگنا بڑا تھا۔

جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ تھا جو واش روم کا ہی ہو سکتا تھا اور چار چھوٹی چھوٹی الماریاں کمرے کے چار کونوں میں بنی تھیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سب کچھ مد نظر رکھتے ہوئے باسل نے اس کمرے کا انتخاب کیا تھا۔

اُن الماریوں میں سے ایک کے آدھ کھلے منہ میں اُس نے جھانکا جہاں لڑکیوں کے استعمال کی تھوڑی بہت چیزیں موجود تھیں اور چند کپڑے بھی موجود تھے۔

اور حیرت کی بات تھی یہاں پر اُن کے استعمال کی چیزوں کا ہونا۔

دائما نے اپنے دو ہفتوں سے نہ بدلے گئے کپڑوں پر نظر ڈالی اور بُرا سا منہ بنا کر رہ گئی۔

اُس کمرے میں اُسی کلون کی مہک بھی تھی جو باسل لگاتا تھا۔

اور وہ یقیناً باسل نے اُنہیں دیا تھا۔

دائما کو اِس بات کا دکھ بھی ہوا کہ اُسے باسل نے کلون کا نام تک نہیں بتایا تھا۔

یہ سب کہاں سے آیا؟

دائما پوچھے بغیر نہیں رہ سکی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل بھائی جب بھی اولڈ پیلس سے باہر جائیں کُچھ نہ کُچھ ضرور لاتے ہیں۔

جو ہم لوگ باری باری سے رکھ لیتے ہیں۔

وہ ہمَیں بہنیں کہتے ہی نہیں سمجھتے بھی ہیں۔

ایک اور لڑکی کی چہکتی ہوئی آواز آئی۔

دائما کو اُس کی آواز سے لگا کہ یا تو اُسے باسل نے نئ نئ چیزیں لا کر دی ہے یا اُس کی آواز ہے ہی اتنی باریک جو کانوں کو بلکل بھلی نہیں لگتی۔

آپ دائما حیدر ہیں؟

کمرے میں ایک اور تجسس بھری آواز ابھری۔

ہاں آپ کیسے جانتی ہیں؟

دائما نے اپنے آس پاس نظر دوڑائی جہاں اُس کے اقرار پر اُسے پُر شوق نظروں سے دیکھ رہی تھیں۔

اِس ہجوم کی نظروں کا مرکز ہونا دائما کو عجیب سا لگ رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ نہ آتیں تو ہم لوگ یہاں سے بہت پہلے کے آزاد ہو چکے ہوتے پلین تو باسل بھائی نے بہت پہلے کا بنایا ہوا تھا اور اُسے کامیاب بنانے کے لیے

محنت بھی بہت کی تھی۔

مگر جب سے آپ آئیں روز کچھ نہ کچھ ہو جاتا تھا۔

تو ایسے میں پلین پر کیسے عمل ہوتا۔

بھائی دو دنوں سے آ نہیں رہے۔

ٹھیک ہیں نہ؟

ایک اور نازک نسوانی آواز آئی۔

ہاں ہم شیکھ کے کارندوں سے چھپے ہوئے تھے۔

دائما نے غور کیا تھا وہاں اتنی ساری لڑکیوں میں سے بیک وقت سب نہیں بولتی تھیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بلکہ صرف ایک ہی بولتی تھی۔

یہ باہر آواز نہ جانے کے لئے احتیاط تھی۔

اُنہیں تربیت دی گئی تھی۔

اور اُن کو دیکھ کر دائما کو اندازہ ہو رہا تھا کہ باسل بہت اچھا ٹرینر ہے۔

باسل بھائی ٹھیک کہتے تھے آپ پیاری ہیں مگر اُنہوں نے یہ نہیں بتایا کہ آپ کی آنکھیں اتنی پیاری ہیں۔

اُس لڑکی نے دائما کی گول لمبی پلکوں والی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے کہا۔

سب اُسے پیار بھری نظروں سے دیکھ رہی تھیں۔

دائما کے رخسار اُس کی تعریف پر بلش کیے۔

اگر باسل حسن یہاں موجود ہوتا تو کہتا دائما حیدر ایسی حرکتیں نہ کیا کرو تُم پہ پیار آجاتا ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما سوچتے ہی مُسکرا دی۔

دائما آپی اب ہمیں کیا کرنا ہے؟

سمین نے پُرجوش میں پوچھا۔

دائما نے اُس نازک نسوانی آواز والی کو دیکھا وہ معصوم سی انیس بیس سال کی اپنی آواز کی طرح نازک سی لڑکی تھی۔

اب ہمیں باہر نکلنا ہے۔

اور باقی سب لڑکیوں کو چھڑوانا ہے اور کوئی شیکھ کا کارندہ رستے میں آئے اُسے پچھاڑ دینا ہے۔

ٹھیک ہے لیکن وہ شیکھ کی قید میں ہیں اُن پر پہرے دار بھی ہونگے۔

دائما کو باسل کے پہلے یہ دروازہ کھولنے کی ہدایت کی وجہ سمجھ آگئی تھی۔

یہ اُس کے سپاہی تھے جس نے حملہ کر کے باقیوں کو بھی آزادی دلوانی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل حسن کے اِس پلین میں دائما کو دم لگ رہا تھا۔

کمرے کا دروازہ کھلا اور سب آنے والے کی طرف متوجہ ہوئے۔

ہائے عبداللہ آئے ہیں۔۔

سمین نے جوش سے اپنے ہاتھ ہوا میں لہراتے ہوئے عبداللہ کی آمد کی خوشی منائی۔۔

عبداللہ نے بھی شرما کر سر جھکا لیا۔

دائما نے آنکھیں سیکڑے دونوں کی حرکتیں باغور دیکھیں۔

عبداللہ کیوں یہ بھی باسل کی طرح بھائی ہے عبداللہ بھائی کہو۔

ہائے اللہ توبہ بھائی کیوں بھئی۔۔

سمین فوراً بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آگئی ہے مُجھے سمجھ کیوں اللہ توبہ ہوئی ہے۔۔

دائما نے آنکھ دباتے کہا۔

اور اجتماعی قہقہ بلند ہوا۔

چلو یہاں سے نکل کر تُم لوگوں کی شادی کے بارے میں بھی سوچتے ہیں۔

دائما آپی آپ تو باسل بھائی سے بھی اچھی ہیں۔

عبداللہ اپنی شادی کی بات پر خوش ہوتے بولا اور وہ بھی اپنی پسند کی لڑکی سے۔۔۔

نہیں باسل حسن کا اپنا ہی لیول ہے۔

دائما شرارتی آنکھیں کیے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چلو اب باقی سب کو بھی آزاد کروائیں۔

سمین آگے چلنے لگی تھی اُس میں تو الگ ہی جوش بھر گیا تھا۔

پہلا، دوسرا، تیسرا کمرہ وہ لوگ با آسانی سب کو آزاد کرواتے جا رہے تھے۔

دائما صرف دروازہ کھولنے کا کام کرتی تھی اندر جا کر اُنہیں رسیوں سے آزاد کروانا سمجھانا اور حوصلہ دینے کا کام باسل کے سپاہی باخوبی کر رہے تھے کیونکہ وہ خود اِس سب سے گزر چکے تھے۔

پہرے داروں پر کیا وہ تو رستے میں نظر آنے والے شکھ کے ہر کارندے کی دُرگت بنا رہی تھیں۔

وہ لوگ تعداد اور جوش دونوں میں زیادہ تھے۔

دائما مسکراہٹ کے ساتھ باسل فورس کو دیکھ رہی تھی اور باسل کی کمی محسوس کر رہی تھی۔

~~~~~~~~

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

ڈین پانی میں مُکمل بھیگ چُکا تھا۔

اُس نے سامان کھولا جو مُکمل بھیگ چُکا تھا اور اب کسی کام نہیں آ سکتا تھا دھماکا خیز مواد تیز بارش کے پانی میں گھل کر بہہ گیا تھا اور جو بچا تھا وہ اولڈ پیلس کی تباہی کے کیا کام آنا تھا وہ تو خود تباہ ہو چکا تھا۔

اِن مسلمانوں کو اِن فضول ہتھیاروں کے سوا اور کُچھ نہیں ملتا جو ذرا سی بارش تک نہیں سہہ سکتے۔

وہ بھاؤ کھاتا اندر گیا۔

اب دھماکہ خیز مواد ضائع ہو چکا تھا اُسے اولڈ پیلس کے آس پاس وہ دھماکہ خیز مواد نصب کرنا تھا۔

مگر اب وہ چُپ کر کے اندر ہی جا سکتا تھا۔

آگے کیا کرنا تھا یہ اُسے بھی نہیں معلوم تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر وہ واپس بھی نہیں جا سکتا تھا۔

واپس جا کے وہ متھاشر سے قتل ہونے کا ارادہ نہیں رکھتا تھا۔

مصنوعی مسکراہٹ چہرے پر سجائے اولڈ پیلس میں داخل ہوا۔

دروازے کے سینسر پر ہاتھ رکھتے ہی دروازہ کھولتا گیا۔

اِدھر اُدھر دیکھے بغیر وہ سیدھا شیکھ کے کمرے کی طرف بڑھا اُسے متھاشر نے وہیں جانے کی ہدایت دی تھی۔

متھاشر نے آنے سے پہلے اُسے ہدایات کا انبار سونپا تھا۔

ڈین چند لمحوں کو دروازے کے سامنے رکا سانس بحال کی اور اندر داخل ہوا۔

شیکھ خلافِ توقع اُسے وہاں دیکھ کر حیران ہوا۔

ڈین تُم آج کیسے اور بھیگے کیوں ہوئے ہو؟

وہ میری گاڑی راستے میں خراب ہو گئی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پیدل چل کر آیا ہوں تو بھیگ گیا۔

اُس نے راستے میں ہی یہ بہانہ سوچ لیا تھا۔

راشق چائے لاؤ خاص مہمان آئے ہیں۔

اور راشق ڈین کو دیکھتے آنکھ کا کونہ دباتا باہر نکلا۔

اور شیکھ نے سامنے پڑا سیگریٹ کا ڈبہ اور ایش ٹرے ڈین کے سامنے کسکھایا۔

مگر ڈین نے ہاتھ تک آگے نہیں بڑھایا۔

وہ یہاں سیگریٹ پھونکنے نہیں آیا تھا۔

دائما ٹھیک ہے؟

پتہ نہیں کچھ دِن پہلے ہمارے خاص بندوں کو ساتھ لے کر بھاگ گئی۔

ڈین کو خاص بندوں پر ہنسی آئی پر وہ دبا گیا مگر چہرے پر معدوم سی مسکراہٹ اُبھری۔

شیکھ نے آنکھیں سکیڑ کر دیکھا۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اِس سے پہلے وہ ڈین کو کُچھ کہتا راشق ہاتھ میں چائے تھامے کمرے میں داخل ہوا۔

اور معنی خیز مسکراہٹ کے ساتھ ڈین کو چائے پکڑائی۔

ڈین نے چائے کا کپ اُٹھایا اور پرچ پر لکھے حروف پڑھ کر ٹھٹھکا۔

"Done"

ڈین گھونٹ گھونٹ چائے کے پینے لگا۔

چائے ختم کرتے ڈین نے کپ پرچ پر رکھا ہی تھا کہ کمرے میں آواز گونجی۔

سب جو اپنی ہی دھن میں بیٹھے تھے اچانک آنے والی آواز سے ہڑبڑا گئے۔

آواز کمرے میں موجود کسی شخص کی نہیں تھی۔

آواز کسی سپیکر سے آرہی تھی اور آواز صرف اِس کمرے میں نہیں آرہی تھی معلوم ہوتا تھا

پورے اولڈ پیلس میں یہ آواز گونج رہی ہے۔

مگر کیسے ؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پورے اولڈ پیلس تک آواز جانے کا انتظام اور اولڈ پیلس کے باسی اُس سے بے خبر تھے۔

The Old Palace is under siege. All attempts to escape are futile.

Surrender or there will be war. In which you will surely lose.

اولڈ پیلس کا محاصرہ ہو چکا ہے۔)

بھاگنے کی سب کوششیں بے کار ہیں۔

ہتھیار ڈال دو ورنہ جنگ ہو گی۔

جِس میں یقیناً تُم ہار جاؤ گے۔)

آواز با آسانی پہنچائی جا رہی تھی۔

وہاں موجود سب جان گئے تھے کہ یہ آواز کس کی تھی۔

وہی نرم لہجہ دھیمی آواز۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسی شائستہ پن کی وجہ سے باسل حسن اولڈ پیلس میں جانا جاتا تھا۔

شیکھ بت بنے اُس کے الفاظ سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا وہ جانتا تھا باسل حسن نے اُسے دھوکہ دیا ہے اور اُسے اِس کا ڈر بھی تھا مگر اتنا بڑا دھوکہ اتنی بڑی چال دو سالوں سے اُس اِنسان نے اُسے بیوقوف بنایا اور وہ بھی اِس حد تک بیوقوف۔۔

اُس کے لیے یہ سب ناقابلِ یقین تھا جو شخص اُسے اُس کی سچائی کی وجہ سے پسند آیا تھا۔ جِس نے اُس کے دِل میں ایک مقام بنالیا تھا اُس نے آج تک اُس سے کبھی سچ کہا ہی نہیں سب دھوکہ تھا۔

اور وہ اُس شخص سے بہت آسانی سے اتنے عرصے سے دھوکہ کھا رہا تھا۔

دو سال میں وہ شخص اُس کی جڑوں تک پہنچ گیا تھا اور کبھی بھی اُسے اُکھاڑ کر پھینکنے کی صلاحیت رکھتا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما جو لڑکی کے بازوں کے گرد لپیٹی رسی کھول رہی تھی اچانک سپیکر پر آنی والی باسل کی آواز پر چونکی۔

وہ حیرت سے چاروں اطراف سے آتی باسل کی آواز سن رہی تھی۔

پورا اولڈ پیلس اُس کی آواز سے گونج رہا تھا آج اُس بہادر کی آواز نے اولڈ پیلس پر غلبہ پالیا تھا۔

باسل نے راتوں کو رسک لے کر اولڈ پیلس کی ہر دیوار پر اسپیکر نصب کیے تھے جن کا کنٹرول صرف اُس کے پاس تھا۔

دائما کو باسل کی بات کی بلکل سمجھ نہیں آرہی تھی کہ باسل کی بات کا کیا مقصد تھا وہ کیا کرنا چاہ رہا تھا۔

I am saying this for the last time.

Yes or no?

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اِس بار باسل کی گرج دار آواز آئی۔

باسل کے اِس دھمکی آمیز انداز پر شیکھ کا دِل بیٹھ گیا تھا کُچھ سمجھ نہیں آرہا تھا کیا کہے دونوں طرف موت قریب نظر آرہی تھی۔

جسم پسینے سے تر ہو رہا تھا گھبراہٹ میں اُسے پسینہ آتا تھا۔

وہ جلد خوف زدہ ہونے والا شخص تھا۔

غلط چلنے والا ہر شخص جلد خوف زدہ ہوتا ہے۔

My voice is reaching you, and your voice is reaching me. Every single thing in your old palace will follow my lead. All control is in my hands. Your yes will hurt you less.And your refusal will start a war here.

The decision is in your hands.

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں یہ آخری بار کہہ رہا ہوں۔ ہاں یا نہیں میری آواز آپ تک پہنچ رہی ہے ، اور)
آپ کی آواز مجھ تک پہنچ رہی ہے۔ آپ کے پرانے محل کی ہر ایک چیز میری
قیادت کی پیروی کرے گی۔ تمام کنٹرول میرے ہاتھ میں ہے۔ آپ کی ہاں آپ کو
کم تکلیف دے گی۔ اور آپکے انکار کرنے سے یہاں جنگ شرو ہو جائے گی۔

(فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔

باسل نے تنبیہہ انداز میں کہا۔

کہیں سے بھی نہیں لگ رہا تھا کہ وہ صرف دھمکی دے رہا ہے۔

جیسے سارا اولڈ پیلس اُس کی آواز سننے پر مجبور تھا لگ رہا تھا کہ سارا اولڈ پیلس اُس کے کنٹرول میں
ہے۔

مگر شیکھ ہار ماننے والوں میں سے نہیں تھا۔

وہ صرف ایک آواز سے خوف زدہ ہو کر گھٹنے نہیں ٹیک سکتا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اپنے پانچ سو کارندوں کے سامنے بزدلی کی مثال نہیں بن سکتا تھا۔

اور اکیلا باسل حسن اُس کا کر ہی کیا سکتا تھا۔وہ کون سے محاصرے کی بات کر رہا تھا جس میں صرف ایک شخص تھا۔

وہ اُس کے پانچ سو کارندوں کا کہاں مقابلہ کر سکتا تھا۔

No, not at all. I will not give up.

نہیں، بالکل نہیں۔

میں ہار نہیں مانوں گا۔

شیکھ اپنا فیصلہ سنا چُکا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

Okay fine. You have proved yourself to be a fool. Soldiers, the war has begun. Win or die but don't give up.

اچھا ٹھیک ہے۔

آپ نے خود کو احمق ثابت کیا۔

سپاہیوں جنگ شروع ہو گئی ہے۔

جیت جانا یا مر جانا مگر ہار نہیں ماننا۔

باسل کی اِس بار جوش سے بھرپور آواز گونجی۔

شیکھ سپاہیوں کے نام پر بوکھلایا۔

ًراشق کو اشارہ کیا لیکن راشق نے باہر جانے کی بجائے دروازہ بند کر دیا۔

یہ کیا دروازہ کھولو راشق مُجھے مدد کے لیے مزید لوگ منگوانے دو ورنہ ہم ہار جائیں گے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُم جیت سکتے بھی نہیں۔

باطل کا انجام صرف ہار ہے۔

ویسے بھی میرے خیال سے تمھارے چار سو طاقتور کارندے دو سو لڑکیوں اور ایک سو مسلمان ساتھیوں کا مقابلہ کر ہی لیں گے۔

ڈین اِس پر پستول چلاؤ۔۔

شیکھ نے ڈین کے ہاتھ میں پستول دیکھ کر اُس کو حکم دیا۔

اور ڈین نے پستول اُسی پر تان دی۔

شیکھ کے اب صحیح اوسان خطا ہوئے تھے۔

ہر شخص اُس کے خلاف نکل رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور یہ لو جن سے مدد مانگنا چاہتے ہو مانگ لو۔

راشق نے موبائل شیکھ کی طرف بڑھایا۔

مگر ایک بات یاد رکھنا وہ سب خود اس وقت مدد کے متلاشی ہونگے۔

سر چھوٹے موٹے گینگز کا ویسے ہی صفایا کر چُکے ہیں۔

شیکھ نے پہرے داروں کو اشارہ کیا جو خود ہونکوؤں کی طرح دیکھ رہے تھے اور سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے کہ یہ سب ہو کیا رہا ہے۔

اُنہوں نے اپنی پستولیں نکالی اور راشق پر چاروں اطراف سے تان دیں۔

اگر تُم لوگ مُجھے ڈرانے کی کوشش کر رہے ہو تو فضول ہے ہم لوگ اس میدان میں آتے ہی قربانی دینے کے لئے ہیں۔

ہمیں بچپن سے ایسی موت کا شوقِ ہوتا ہے اور تُم نوجوانوں کو ڈراؤ گے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں تمھارے "سر" کی کھوپڑی اُڑادوں گا۔

وہ ہار جائے گا پھر میرے ہاتھوں سے مرے گا۔

راشق ایک گول چکر گھوما اور آس پاس کھڑے پہریداروں کے جبڑوں پر پستول سے وار کیا۔

گھومنے کی وجہ سے ایک ہی باری میں سب کے سب چیت ہوئے تھے۔

پھر اپنے دائیں بائیں کھڑے شیکھ کے دو پہرے داروں کو دیکھا جو اپنے جبڑے پکڑے کھڑے تھے۔

راشق نے کے سینوں میں ایک ایک گولی پیوست کی۔

ایک لمحے کو وہاں موت سے پہلے کی سی خاموشی چاہ گئی۔

خبر دار باسل سر کے خلاف ایک لفظ تمھارے منھ سے نہ نکلے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ابھی بھی اِس میں چار گولیاں باقی ہیں اور میرے خیال سے تُمہیں اِس دُنیا سے بھیجنے کے لئے اتنی کافی ہو نگی۔

شیکھ آنکھیں پھاڑے خود پر تنی پستول دیکھ رہا تھا کہ کسی نے راشق کے سر پر وار کیا اور وہ کراہتا ہوا نیچے جھکا۔

شیکھ کے چہرے پر مسکراہٹ پھیلی۔

دائما حیرت سے باہر بھاگتی لڑکیوں کو دیکھ رہی تھی۔

اُنہیں اِس طرح باہر بھاگتا دیکھ کر دائما کو وہ واقعی سپاہی لگی تھیں۔

یقیناً اُنہیں اِس دن کے لئے تیار کیا گیا تھا۔

وہ اِس جنگ کے لیے ذہنی طور پر تیار تھیں۔

یا انہوں نے زِندگی کا اتنا عرصہ اسی جنگ کو لڑنے کے انتظار میں گزارا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما اب بھی نا سمجھی کے عالم میں سب ہوتا دیکھ رہی تھی وہ بہت سی باتوں سے لاعلم تھی جو آہستہ آہستہ اُس پر آشکار ہو رہی تھیں۔

باسل حسن مُجھے لگتا ہے تُم جس دن میری سمجھ میں آؤ گے میرا اپنی کم علمی پر ماتم کرنے کو دِل چاہے گا۔

دائما لمبے لمبے ڈگ بھرتی کمرے سے باہر صحن کی جانب نکلی۔

اولڈ پیلس کے بلکل بیچ میں صحن تھا وہ گولائی میں بنایا گیا اپنے زمانے کا خوبصورت محل تھا۔

محل کے اوپر دائیں جانب ایک مینار بھی بنا تھا جو محل کی شان و شوکت بڑھانے کے لئے بنایا گیا تھا۔

گولائی میں بنے صحن کے چاروں جانب گول شکل میں کمرے بنے تھے مگر اُنکی راہداریاں زیادہ خوبصورت لگتی تھیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صحن میں موجود پتھر کا فرش میں بھی اب ویسی چمک دمک نہیں رہی تھی۔

محل کا بہت سا حصہ رنگ سے عاری تھا۔

جو محل کے باسیوں کی اُسے پرانا ظاہر کرنے کی کوشش تھی۔

مگر اندر سے کمرے آرائشیوں سے بھرپور تھے۔

اُس کی بیرونی خوبصورتی کو تو ختم کر دیا گیا تھا۔

جھاڑیاں جگہ جگہ بڑے بڑے پتھر رکھے گئے تھے۔

جو وہاں پر انڈر گراؤنڈ اڈے بنانے کے لئے ضروری تھا۔

مگر اندر سے صحن کے درمیان میں کھڑا ہو کر محل کو دیکھا جائے تو خوبصورت منظر پیش کرتا تھا۔

جو بھی تھا وہ مقفل ہوتا محل اب بھی حسین لگتا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر سامنے کا منظر اُس کو محل لگنے نہیں دے رہا تھا وہ جنگ کا میدان لگ رہا تھا۔

اندر سے مضبوط لڑکیوں کی باہر سے مضبوط مردوں سے جھڑپ ہو رہی تھیں۔

دو سو لڑکیوں کی پانچ سو مردوں سے لڑائی جیتنا ممکن تو نہیں لگتا تھا مگر یہاں پر اُن کے عزائم دیکھ کر لگ رہا تھا یہ بازی وہی جیتیں گی۔

اُنہیں دیکھ کے صاف لگ رہا تھا وہ لڑنے کی مشق کرتی رہی ہیں۔

جو یقیناً باسل نے کروائی تھیں۔

شیکھ کے کارندے اِس اچانک آفت پر باہر نکل آئے تھے وہ اِس طرح کسی جنگ کی توقع نہیں کر رہے تھے مگر باسل کے الفاظ نے اُنہیں نکلنے پر مجبور کیا اور باہر سپاہی تو پہلے ہی اُن سے دو دو ہاتھ کرنے کے لئے تیار کھڑے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہاں لاتوں گھسوں کا آزادانہ استعمال ہو رہا تھا۔

یہ لڑکیوں کی خوش قسمتی تھی کہ وہ لوگ ابھی تک ہتھیار نہیں لائے تھے۔

انن فانن آنے کی وجہ سے ہتھیار لانا تو سب بھول گئے تھے مگر وہ زیادہ دیر بھول نہیں سکتے تھے۔

تھوڑی دیر میں انکا ساتھی پُشت پر بندوقوں سے بھرا بیگ کندھے پر ڈالے صحن میں بر آمد ہوا۔

دائما نے اُسے آتا دیکھ لیا تھا اور بلند آواز میں سب کو چوکنا کیا۔

مگر دائما کی دوسری نظر صحن میں آتے باسل پر پڑی۔

ہاتھ میں پستول پکڑے بارُعب انداز میں چلتا ہوا آیا۔

دائما اُس کے جانب بڑھنے لگی تو عبداللہ نے اُس کو بازو سے پکڑ کر پیچھے کیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما آپی وہاں خطرہ ہے۔

تو وہ بھی خطرے میں ہی ہے۔

اُنہیں عادت ہے وہ خطروں کے کھلاڑی ہیں اُنہوں نے یہ کام خود چُنا ہے۔

اب گولیاں چل رہی تھی ہاتھوں پاؤں کے استعمال کرنے والے سپاہیوں کا وہاں کُچھ نہیں بن سکتا تھا۔

لڑکیاں گولیوں سے بچتی ستونوں کے پیچھے چھپ رہی تھیں۔

مگر بہترین نشانے بازوں سے بچنا اتنا آسان نہیں تھا۔

زخم لگ رہے تھے مگر ہمتیں پست نہیں ہو رہی تھیں۔

جینے کی چاہ کم نہیں ہو رہی مقابلہ کرنا تھا جان پر کھیل کر بہادری ثابت کرنی تھی۔

آج ہار جانے کا دِن نہیں تھا آج موت شکست نہیں سمجھی جانی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میدانِ جنگ میں جب مسلمان زِندگی ہار بیٹھے تو وہ ہار نہیں ہوتی وہ تو ابدی حیات ہوتی ہے اُس کا مقصدِ حیات پورا ہو جاتا ہے۔

اپنی زندگی اللہ کی خاطر گنوا کر وہ اللہ کو پالیتا ہے اُس کی خوشنودی پالیتا ہے۔

اپنی آخرت کے لئے سرخرو ہو جاتا ہے۔

دائما ستون کے پیچھے خون ادھر اُدھر بکھرا دیکھ رہی تھی۔

اُس ہل چل زدہ ماحول میں سمجھ نہیں آرہا تھا کہ کس نے زخم کھایا ہے اور کس نے زخم لگایا ہے۔

دائما نے اپنا سفید ریوالور نکالا اور ایک ستون سے نکلتی دوسرے ستون کے پیچھے کھڑی ہوتی بی بی ایم پر نشانہ باندھا۔

اِس وقت سب سے بڑا خطرہ وہی لگ رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نشانہ عین دِل پر بندھا تھا گولی چلانے میں دائما کے ہاتھوں میں لرزش ہوئی تھی مگر گولی نشانے پر لگی تھی۔

بی بی ایم دِل پر ہاتھ رکھتا نیچے بیٹھا اور دوسری گولی دماغ پر لگی۔

دائما جانتی تھی ایک گولی سے وہ مرنے والا نہیں تھا۔

اُس کا بھاری بھرکم وجود سُرخ رنگ میں ڈھنپ گیا تھا۔

دائما آنکھوں پر ہاتھ رکھتی ستون کے ساتھ کھڑی گہری سانسیں لینے لگی اُس نے پہلی بار کسی انسان کو مارا تھا جو کہ اُس کی مجبوری تھی۔

باسل دائما کا ناک دباتے ساتھ والے ستون کے پیچھے چھپا۔

دائما نے ہڑبڑا کر آنکھیں کھولیں۔

"Nice shoot"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما اپنے سامنے باسل کو یوں مسکراتا دیکھ کر خود بھی مُسکرا پڑی۔

مُجھے پتہ تھا اتنا کمال کا نشانہ دائما حیدر کا ہی ہو سکتا ہے اور واقعی تُم ہی وہ نشانے باز نکلی جس نے اپنی طاقت پر ناز کرنے والے شخص کو منٹوں میں ایک لاش بنا دیا۔

باسل کی اِس تعریف پر دائما کے تنے اعصاب ڈھیلے پڑے۔

یہ جنگ کب ختم ہو گی؟

دائما نے صحن کی طرف بغیر دیکھے اشارہ کیا وہ منظر دیکھنے والا تھا بھی نہیں۔

بس مزید دس منٹ

پھر کیا ہو گا؟

پھر سب کُچھ ٹھیک ہو جائے گا۔

تُم کیسے کہہ سکتے ہو؟

قسمت تو کُچھ بھی کر سکتی ہیں قسمت کب دیکھتی ہے کہ ہم کیا سوچ رہے ہیں۔

اُمید سے قسمت کا کیا تعلق؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل مسکراتے ہوئے بولا۔

باسل حسن آپ کی مسکراہٹ خوبصورت ہے اِس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ چہرے پر ہنوز مسکراہٹ لیے مُجھے تکتے ہی رہیں۔

باسل دائما کی بات پر قہقہ لگانے لگا تھا لیکن صحن میں موجود نظر کو دیکھ کر اُس جانب دوڑا۔

باسل۔۔۔

دائما نے پکارا مگر وہ رکنے والا کہاں تھا۔

سامنے سمین کو گولی لگی تھی خون بہہ رہا تھا اور عبداللہ اُس کے سینے پر سر رکھے رو رہا تھا۔

اور شیکھ کا کارندہ عبداللہ پر بندوق تانے کھڑا تھا۔

عبداللہ پیچھے ہٹو۔۔۔

گولی بندوق سے نکلی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر اُن دوسروں کے لیے جان تک قربان کرنے والے جانبازوں کے سامنے گولی کہاں اصل نشانے پر لگ سکتی تھی۔

گولی باسل کی گردن پر لگی تھی کیونکہ وہ آگے آگیا تھا۔

تکلیف سے آواز تک نہ نکلی۔

گولی لگانے والے نے بندوق نیچے پھینک دی تھی وہ باسل پر گولی نہیں چلانا چاہتا تھا۔

دوسالوں میں وہ باسل سے جتنا متاثر تھا وہ اپنے ہاتھوں سے اُسے نہیں مار سکتا تھا۔

وہ اپنے ہاتھوں کو خوف زدہ سا ہو کر دیکھ رہا تھا۔

مگر اُس سے زیادہ خوف زدہ پیچھے کھڑی دائما تھی۔

اُسے لگ رہا تھا گردن پر گولی باسل کے نہیں اُس کے لگی ہے۔

خوف موت کے خوف سے آنکھیں پوری کھولی تھیں۔

وہ قدم قدم چلتی باسل کے زمین پر گرے وجود کی طرف بڑھ رہی تھی اِس بات سے لاعلم کے اُسے دیکھتے کسی کی تلاش ختم ہو گئی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سنیہا کے چہرے پر مسکراہٹ پھیلی۔

تو دائما حیدر آج تُم مُجھے کمزور حالت میں مل ہی گئی بہت اِنتظار کیا تُمہیں باسل کے بغیر دیکھنے کا بہت اِنتظار کیا اِس کے بغیر تُمہیں اکیلا پڑتا دیکھنے کا مگر آج میری خواہش پوری ہو گئی۔

بہت خواہش تھی تُم پر پستول تانوں اور تُم خوف زدہ ہو جاؤ۔

آج تمھارے اوپر پستول تانے کھڑی ہوں اور تمھارے چہرے پر خوف ہی خوف ہے۔

مگر اُس کے چہرے پر کسی اور چیز کا خوف تھا وہ سنیہا کی طرف متوجہ تھی ہی نہیں وہ بس آنکھوں میں نمی لیے باسل کو دیکھ رہی تھی۔

جو تکلیف سے کراہ رہا تھا۔

دائما دیکھ کر۔۔

دائما باسل کی آواز پر ہوش میں آئی اور سامنے آتی گولی سے بچ کر پیچھے ہوئی۔

خود موت سے لڑتے اُس شخص نے ایک بار پھر اُسے بچایا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر سنیہا نے اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی تھی۔

وہ آج نازک حسینہ نہیں لگ رہی تھی۔

دائما بچنے کی کوشش میں آگے پیچھے ہو رہی تھی بہت سی گولیاں اُس کے آگے پیچھے سے گزر گئی تھیں مگر سنیہا کی متواتر آنے والی دو گولیاں اُس کے سر میں پیوست ہوئی تھیں۔

باسل کا دِل چاہا تھا کہ وہ حلق کے بل چلائے مگر گلے نے ساتھ نہیں دیا تھا وہ اُس کا نام بھی نہیں پکار پایا تھا۔

وہ باسل سے تھوڑا دور گری تھی مگر باسل کمر کے بل خود کو گھسیٹتے ہوئے اُس تک لے آیا تھا۔

سنیہا فاتحانہ نظروں سے اُسے دیکھ رہی تھی آخری بار دائما حیدر کو فاتحانہ نظروں سے دیکھ رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چلو تُم سے کر لوں گا غُصہ کرنے کی کیا ضرورت ہے۔

لینیی جواب پڑھتے موبائل چھوڑ کر خلیق کی طرف لپکی۔

متھاشر اُسے اُٹھتا دیکھ کر عینک لگائے اخبار آگے کیے مہذب بن کر بیٹھ گیا۔

خلیق کُرسی سے اچھلتے ہوئے اُٹھا اور دوڑ لگا دی۔

میں نے کچھ نہیں کیا سر نے کہا تھا مُجھے۔۔

لینیی نے متھاشر کی طرف دیکھا جس نے شانے اچکاتے لاعلمی کا مظاہرہ کیا۔

لینیی دوبارہ خلیق کے پیچھے بھاگی جو لان تک پُہنچ چُکا تھا۔

ہنہہ۔۔میں نے کب کہا تھا سیدھا پرپوز کر دے اب بھگتے۔

متھاشر دوبارہ اخبار کی طرف متوجہ ہو گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....

باسل گردن کو اکڑائے دروازہ کھلنے کا انتظار کر رہا تھا اُس سے مزید انتظار نہیں ہو رہا تھا گردن میں درد ہونے لگا تھا مگر مطلوبہ انسان دروازے پر آنے کی زحمت نہیں کر رہا تھا۔

باسل نے دوبارہ بیل بجائی۔

دروازہ کھٹاک سے کھلا۔

کیا مصیبت ہے یہ ماما پاپا پتہ نہیں بغیر بتائے کہا چلے گئے ہیں مطلب میں اب دروازہ کھولنے کے لئے رہ گیا ہوں۔

گھر بیٹھوں کی بھی واقعی کوئی عزت نہیں رہتی۔

اُس نے بڑبڑاتے ہوئے دروازہ کھولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا میں اندر آسکتا ہوں؟

اور سامنے کھڑے شخص کی حیرت اس آنکھیں پھیلی۔

باسل تُم۔۔

وہ چیخا۔۔

ہاں میں اب اندر آنے دوگے مزید کھڑا نہیں ہوا جارہا باسل نے گردن پہ ہاتھ رکھتے کہا۔

مسیحا کے لئے دروازے ہمیشہ کھلے رہتے ہیں۔

کھڑا نہیں ہوا جارہا تو اُٹھا کر لے جاؤ؟

اور باسل نے سنی کی کمر میں مُکا جڑا۔

چھچھورا اِنسان۔۔

اتنا بھی نہیں ہوں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سنی نے شانے اچکائے۔

زبور کیسی ہے؟

دائما کے پاس گئی ہے۔

وہ ہمارا سپرائز ختم کر کے دم لے گی۔

باسل نے منہ بناتے کہا۔

کہہ رہی تھی دور سے دیکھے گی جب وہ سو رہی ہو گی آنٹی نے کال کر اُس کے سونے کا بتایا تو چلی گئی۔

میں بھی گیا تھا ایک بار۔

مطلب تُم دونوں بے صبرے ہو۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُم نہیں ملے ابھی تک؟

نہیں۔۔

باسل صاف مُکر گیا تھا۔

کیوں نہیں ملے؟

جہاں ملنے کا کہا تھا وہیں ملوں گا۔

کہاں؟

ٹریبیون بے۔۔

ایک کم تھی لٹل ہوائی کی دیوانی اب تُم بھی شروع ہو گئے ہو۔

پسندیدہ شخص سے اُس کی پسندیدہ جگہ پر ملنے کا الگ ہی مزہ ہے۔

مُجھے تو پتہ ہی نہیں زبور کو کون سی جگہ پسند ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شادی کب کر رہے ہو تم دونوں؟

کامل پاکستان سے آجائے پھر کرتے ہیں۔

وہ اپنی منکوحہ سے مل کر پتہ نہیں کب آئے گا۔

میکرو کیمرے کی ریکارڈنگ دیکھا کرو وہ تو مشہور ہو گیا ہے ہر چینل کی زینت بن گیا ہے سب اُسے شو میں بلوانے کے لئے ترستے ہیں۔

اب تو میرا حال بھی نہیں پوچھتا۔

اتنے الزام نہ لگاؤ اس پر منکوحہ سے کیوں سب سے ملنے گیا ہے۔

ہاں تُم نے تو اُس کی سائڈ لینی ہی ہے۔

کامل کے لئے جان بھی حاضر ہے۔

رہنے دو جان حاضر کرنے کو پہلے اتنی مُشکل سے تُم لوگوں کو اُس نے بچایا ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

واقعی کامل گریٹ ہے کیسا چکما دیا اولڈ پیلس والوں کو وہ ابھی تک یہی سمجھتے ہونگے کہ ہماری قبریں بھی وہیں اولڈ پیلس کے ساتھ اُڑادی گئی ہونگی۔

ذرال ٹھیک کہتی تھی اُس کا شوہر بہت ذہین ہے۔

ذہین کم چالاک زیادہ وہ با آسانی چالاک لوگوں کا سردار بن سکتا ہے۔

سنی بھی کامل کی بے عزتی مکس تعریف کرنے لگا۔

بہت چالاک ہو تُم لوگ کیا ایکٹنگ کرتے ہو مرنے کی دائما بیچاری تو تُم لوگوں کی جھوٹی قبروں پر ماتم کرتی رہ گئی۔

میں نے سنا ہے تم نے بھی میرے مرنے پر بڑے ٹسوے بہائے ہیں۔

سنی نے شرارت سے کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مُجھے کیا پتہ تھا کے کامل نے جھوٹ بولا ہے وہ تو عبد اللہ نے ویڈیو دیکھائی ڈاکٹر آفندی تُم لوگوں کا علاج کر رہے تھے پہلے تو مجھے یقین نہیں آیا پھر اس نے بتایا کہ کامل نے تُم لوگوں کو مرا ہوا ثابت کیا اور نقلی قبریں کھدوائیں اور کامل نے تُم لوگوں کی زمہ داری ڈاکٹر آفندی کو سونپ دی۔

سنی سن لائٹ نے مرنے کا کیا ڈرامہ کیا ہے آدھا گھنٹہ سانس روکے رکھنا آسان کام تھوڑی تھا۔

ویسے بھی کامل نے شیکھ کے بندوں کو ہمارے نزدیک نہیں آنے دیا تھا ورنہ زِندہ اور مُردہ میں با آسانی فرق کیا جا سکتا ہے۔

یہ تُم نام کے ساتھ سن لائٹ کیوں کہتے ہو؟

کیونکہ میں سن لائٹ کی طرح چمکتا ہوں اپنی چمک سے اپنے ہونے کا احساس دلاتا ہوں۔

سن لائٹ اِنسان کو کالا بھی کر دیتی ہے۔

تُم جیسوں کو کر دیتی ہو گی اور باسل نے اپنی بے عزتی پر منھ بنایا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ویسے وہ ڈاکٹر آفندی ہے بہت کمال کا اِنسان اتنا تو کوئی اپنا بھی خیال نہیں رکھتا جتنا شیکھ کے ڈاکٹر نے ہمارا رکھا۔

وہ اپنا تھا اسی لئے اُس نے رکھا۔

کیا مطلب؟

کامل نے متھاشر کو کال کر دی تھی شیکھ کا ڈاکٹر تو رستے میں اٹھوا لیا تھا ڈاکٹر آفندی ہماری سیکیورٹی فورسز کا حصہ ہیں اُن کا یہی کام ہے جو اُنہوں نے انجام دیا۔

ویسے اُن قبروں میں کون ہے؟

باسل کے ذہن میں نئی بات آئی۔

کامل کفن کے لئے کہہ کر کمرے میں لے گیا تھا اور باہر کھڑے شیکھ کے کارندوں کو اُس نے مار کر کپڑا اڈال کر دفن کر دیا اور راشق نے ہمیں ڈاکٹر آفندی تک پُہنچا دیا تھا اور یہاں تک پہنچانے میں بھی مدد کی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور اُن لوگوں کی قبروں پر ہم جتنا روئے تھے اور فاتحہ پڑھی تھی وہ لوگ اب تک جنت میں جا چُکے ہونگے۔

دونوں کا قہقہ کمرے گونجا۔

سنی تُم پاگل ہو گئے ہو اکیلے بیٹھے ہنس رہے ہو۔

زبور جو اپنی دھن میں بولتی آ رہی تھی باسل کو دیکھ کر ٹھٹھکی۔

باسل سر آپ؟

اُس کے چہرے پر خوشی عیاں تھی۔

کتنے عرصے بعد دیکھا ہے آپکو۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس تُم لوگوں کو چھپانا بھی مجبوری تھی اگر تُم لوگوں کو تب وہاں سے کامل نہ نکالتا اور نہ چھپاتا تو تُم تینوں مارے جاتے تُم لوگوں کو ویسے بھی اپنے ساتھ نہیں رکھا جا سکتا تھا ہم سب خود با مُشکل بچے ہیں۔

ویسے بھی متھاشر نے تُم لوگوں کے مرنے کی افواہ پھیلا کر سارے برٹش کو لمبیا کو شیکھ کی گینگ کے خلاف کر دیا تھا جو اب اُن کو زیادہ سخت سزا دلوانے میں کام آئے گا۔

عبداللہ اور راشق کہاں ہیں؟

اپنے اپنے گھر گئے سیکیورٹی فورسز والوں کو کیس ختم ہونے کے بعد ہی تو چند چھٹیاں ملتی ہیں۔

تو آپ نے پاکستان نہیں جانا۔

دائما سے ملنے کے بعد جاؤں گا۔

تو کب مل رہے ہو؟

سنی نے آنکھ کا کونہ دباتے پوچھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کل۔۔

اچھا ہے دائما بھی جلد ٹھیک ہو جائے۔

کیسی تھی؟

باسل کے سوال پر زبور کے چہرے پر مسکراہٹ دوڑی۔

ویسے باسل سر میں سوچ رہی تھی آپ پوچھیں گے کسی ہو مگر آپ پوچھ رہے ہیں کیسی تھی۔

تُم کیسی ہو اور وہ کیسی تھی؟

دوبارہ پوچھے جانے والے سوال پر زبور کی مسکراہٹ مزید گہری ہوئی۔

میں ٹھیک ہوں اور وہ بھی ٹھیک تھی۔

آنٹی کہہ رہی تھیں آج زیادہ بہتر تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہونا بھی چاہیے۔

باسل نے کہتے چائے کا کپ لبوں سے لگالیا۔

اور دوسرا کپ فوراً سے زبور نے اُٹھالیا۔

سنی نے اپنا کپ زبور کو اُٹھاتے دیکھ کر اُسے گھورا۔

جو وہ خاطر میں نہیں لائی۔

سنی ویسے تُم صرف ایک کام اچھا کرتے ہو۔

کون سا؟

سنی نے "صرف ایک" لفظ سن کر بے دلی سے پوچھا۔

چائے اچھی بنانے والا۔۔

اور وہ دونوں ہنس پڑے۔

مگر سنی نہیں ہنسا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اتنا بھی خوش مزاج نہیں تھا کہ اپنی بے عزتی پر ہنستا۔

دائما کندھے پر چھوٹا سا بیگ لٹکائے سفید جوگرز کے تسمے باندھنے کی کوشش کر رہی تھی جب متھاشر لان کی کیاریاں پھلانگتا ہوا اُس تک آیا اور کمر پر ہاتھ باندھے اُسے دیکھنے لگا۔

اِس سے کم وقت میں تو تُم دروازے کا لاک کھول لیتی ہو۔

متھاشر اُس کو پانچ منٹ جدوجہد کرتے دیکھنے کے بعد بولا۔

لاک کھولنا تسمے بند کرنے سے آسان ہے۔

تُم بند کر دو۔

دائما پاؤں اُس کے آگے کرتے بولی۔

متھاشر نے اُس کی بات پر بائیں ابرو اُٹھائی۔

میں تمھارا نوکر ہوں؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دوست تو ہو نہ۔۔

متھاشر نے جُھک کر چند سیکنڈز میں تسمے باندھ دیے تھے۔

دوست کہا ہے اِس لئے باندھ دیے۔

مگر انداز اُس کا ابھی بھی احسان جتانے والا ہی تھا۔

کہاں جا رہی ہو؟

برٹش کولمبیا کی خوبصورتی کا گڑھ دیکھنے۔۔

مطلب وکٹوریا؟

بلکل۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیسے جاؤ گی؟

گاڑی پہ۔۔

کس کی؟

متھاشر نے اِس بار مسکراہٹ دباتے پوچھا اُسے دائما کی گاڑی کی حالت یاد آگئی تھی۔

تمھاری۔۔

کیا مطلب میری گاڑی پر میں تُمہیں ہر گز اپنی گاڑی نہیں دوں گا۔

میں نے اپنی چھ ماہ کی تنخواہ سے لی ہے۔

فکر نہیں کرو تمھاری طرح کسی کے دروازے میں نہیں ماروں گی۔

میں نے ایسا کُچھ نہیں کیا۔

جھوٹ مت بولو متھاشر زریی تمھارے علاوہ میری کسی سے دشمنی نہیں ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

برٹش کولمبیا میں موجود سو سے زائد تمھارے دشمنوں کو تو میں جانتا ہوں اور تھوڑی دیر پہلے تک تُم مُجھے دوست کہہ رہی تھی بہت احسان فراموش لڑکی ہو۔

متھاشر بھرپور لاعلمی کا مظاہرہ کر رہا تھا۔

تُم جو مرضی کہہ لو مگر تُم نے ہی میری گاڑی لگائی ہے میں تُم پر کیس کروں گی تُم سے اپنی گاڑی کی رقم بھی وصول کروں گی اور تب تک تمھاری گاڑی بھی میرے استعمال میں رہی گی۔ دائمانے متھاشر کے ہاتھ سے گاڑی کی چابی لی اور ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ گئی۔

متھاشر فوراً ساتھ والی سیٹ پر بیٹھا وہ اپنی گاڑی ہر گز اِس سر پھری لڑکی کے حوالے نہیں کر سکتا تھا۔

اور دائمانے گاڑی کی سپیڈ فل کر دی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما حیدر صبر نام کی چیز ہے تُم میں اتنی جلدی کس بات کی ہے وہاں کون سا تمھارے لیے شاہی خاندان استقبال کے لیے کھڑا ہے۔

ویسے وکٹوریا جانے کا خیال کیسے آیا؟

فضول چیزیں دیکھ کر بیزار آگئی تھی دائما نے متھاشر کی طرف دیکھ کر کہا۔

تو وہاں کون سا باسل حسن جیسی خوبصورت چیزیں ہو نگی۔

باسل حسن چیز نہیں ہے۔

پھر میں بھی کوئی فضول چیز نہیں ہوں۔

میں نے ایسا نہیں کہا۔

دائما نے شانے اچکائے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

معصوم بننے کا ڈھونگ نہ کیا کرو اور آہستہ چلاؤ گاڑی ورنہ تم پر سیکیورٹی ایجنٹ پر قتل کی کوشش کا مقدمہ تمھارے خلاف چلایا جائے گا۔

میں تمہیں مار کر ٹھکانے لگادوں گی وکٹوریا پُل پہ نیچے بہتے پانی میں گرادوں گی۔

متھاشر نے آنکھیں کھولے ساتھ بیٹھی فراٹے لڑکی کو دیکھا جو اُسے مارنے کے بعد ٹھکانے لگانے کا بھی پلین بنا چُکی تھی۔

متھاشر ہچکولے کھاتی گاڑی میں بامُشکل میسیج لکھ پا رہا تھا۔

باسل کے بچے اُٹھ جا ساری زندگی سوتے نہیں گزارنی پھول اور چاکلیٹ خرید اور "وکٹوریا بیکن ہل پارک پہنچ"

وہ ایک ہی میسیج بیس بار بھیج چکا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل دھڑا دھڑ کسی آفت کی طرح آنے والے میسجز پہ بوکھلا گیا تھا۔

کیوں کوئی لڑکی پسند آگئی ہے تو اپنے پیسوں سے خرید کر دو اور تُمہیں پسند آگئی کافی ہے مُجھے یقین ہے تُم نے اپنے لیے اچھی لڑکی پسند ہی کی ہو گی۔

اور متھاشر نے جواب پڑھنے کے بعد اپنے ساتھ گاڑی بھگاتی لڑکی پر نظر ڈالی۔

خاک اچھی پسند کی تھی۔۔

متھاشر نے منہ بسوراوہ پہلے اُس کے ساتھ بیٹھ کر پچھتا رہا تھا۔

تمھاری کی بات کر رہا ہوں کب تک چھپے رہنے کا ارادہ ہے؟

باسل جو اوندھے منہ لیٹا ہوا تھا میسیج پڑھتے اُٹھ بیٹھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

متھاشر زرپی کام کی بات پہلے بتایا کرو گھوما پھرا کر بات نہ کیا کرو۔

جواب پڑھتے متھاشر کے چہرے پر ناگواری کے تاثرات اُبھرے جنہیں دائمانے بھی دیکھا تھا اور سپیڈ آہستہ کر دی تھی۔

ایک تواِن کے سین سیٹ کرواؤ اوپر سے باتیں بھی سنو۔۔۔وہ سوچ کر رہ گیا۔

بیکن ہل پارک گاڑی روکنا۔۔

کیوں مُجھے تو ایمپریس ہوٹل جانا ہے۔

تُم لوگ محلوں سے نکلتے کیوں نہیں ہو۔

متھاشر نے باقاعدہ سر پیٹا۔

وہ ہوٹل ہے بس لگتا کوئی خوبصورت سا پیلس ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جانتا ہوں پیلس لگتا ہے اسی لیے دیکھنے جا رہی ہو ویسے تمہیں کسی شہزادے سے شادی کرنی چاہیے۔

پر شہزادے بھی چڑیلوں سے تھوڑی شادی کرتے ہیں متھاشر نے خود ہی اپنی بات کی تردید کی۔

دائما نے غصے سے پھر گاڑی کی سپیڈ بڑھا دی۔

دائما حیدر تُم گاڑی تیز چلانے کے علاوہ میرا اور کچھ بگاڑ بھی نہیں سکتی۔

متھاشر گاڑی کی سیٹ سے ٹیک لگاتے بولا۔

میں یہ گاڑی کہیں لگا بھی سکتی ہوں۔

مگر میں جانتا ہوں تُم ایسا کُچھ نہیں کرو گی کیونکہ ایسے حادثات میں سب سے زیادہ زخمی ڈرائیور ہوتا ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما نے رُخ موڑ کر کہر آلود نظر متھاشر پر ڈالی جس نے اُس کی طرف متوجہ ہونا ضروری نہیں سمجھا۔

دائما نے بیکن ہل پارک کے سامنے گاڑی کو زور دار طریقے سے بریک لگائی کہ متھاشر جھٹکے سے آگے کو جُھکا اور سر ڈیش بورڈ سے لگتے لگتے بچا۔

متھاشر نے گاڑی سے نکل کر غصے میں زور سے دروازہ بند کیا۔

دھیان سے بند کرنا تھا تمھاری ہی گاڑی ہے۔

اُس نے بے نیازی سے کہہ کر آگے چلتی دائما کو دیکھا وہ مزید تپا تھا۔

سامنے مختلف رنگوں کے پھولوں سے بھرا پارک دیکھ کر اُس کا غُصہ کم پڑا۔

پھولوں کے ساتھ وہاں پودے اور درخت بھی مختلف رنگوں میں موجود تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پارک کے بیچ موجود پُل کے پاس آبشار بنی تھی جو دور سے چھوٹی سی جھیل کا منظر پیش کرتی تھی۔

لکڑی کی اوپر کو ہلکی سی اُبھری ہوئی پُل بھی بنی تھی جس پر دائما کھڑی پیچھے موجود آبشار کے پانی کو ہتھیلیوں میں بھر کے اُچھال رہی تھی۔

چھینٹے اُس کے چہرے پر پڑ رہے تھے چہرے پر مدھم سی مسکراہٹ خوبصورت لگ رہی تھی۔

متھاشر نے آنکھیں بند کر کے رُخ پھیر اوہ اُس کے بارے میں مزید کوئی جذبات نہیں رکھنا چاہتا تھا۔

دائما نے اِدھر اُدھر نظر دوڑائی مگر ساتھ آنے والا شخص ہوا کی طرح غائب ہوا تھا۔

دائما اُسے ڈھونڈنے کے لئے پارکنگ کی طرف بڑھی اُسے ڈر تھا اگر وہ گاڑی لے کر چلا گیا تو وہ واپس کیسے جائے گی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور ڈر حقیقت بن گیا سامنے گاڑی موجود نہیں تھی دائمانے غصے سے زمین پر پیر پٹخا اور اُسے پاؤں سے آواز آئی۔

اُس نے جھک کر دیکھا تو جو گرز کی نوک سے تھوڑا اوپر کی جانب کوئی کاغذ کا ٹکڑا لگا ہوا تھا۔

اُس نے اُتارا اور لکھی تحریر پڑھی۔

"اب اِس بات پر بھی کیس کروانا میں نوٹیس پیپرز کا اِنتظار کروں گا۔

MZ"

دائمانے غصے سے مٹھیاں بھینچیں۔

وہ تیز تیز قدم چلتی پارک کے اندر گئی سارا موڈ غارت ہو چُکا تھا۔

اور وہ سامنے کھڑے جیکٹ کی ٹوپی اُڑھے شخص کے بیچ میں جا لگی زور سے لگنے کی وجہ سے سامنے والے شخص کی ٹوپی اُتر گئی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُسے دیکھ کر دائما کے چہرے پر مسکراہٹ پھیلی۔

باسل حسن غلط جگہ اور غلط وقت پر پکڑے گئے ہو۔

مگر صحیح شخص کے ساتھ اور اُس نے گھٹنوں کے بل بیٹھ کر پھولوں کا گلدستہ دائما کی طرف بڑھایا جسے اُس نے مسکراہٹ کے ساتھ وصول کیا۔

متھاشر اُن کی عقبی جانب گاڑی پر بازو ٹکائے محوت سے سامنے کا منظر دیکھ رہا تھا۔

دائما باسل کی دی گئی چاکلیٹ کھولے کھا رہی تھی دونوں نے پُل کی طرف قدم بڑھائے۔

متھاشر گاڑی میں بیٹھنے لگا جب باسل نے مڑ کر تین اُنگلیاں ماتھے پر رکھ کر اُس کی جانب کیں۔

وہ اُس کا شکریہ ادا کر رہا تھا جو بنتا بھی تھا دوستیاں نبھانے والوں کا شُکریہ ہی ادا کیا جاتا ہے اُن کا احسان مند ہی ہوا جاتا ہے اور ان کا احسان بھولا بھی نہیں جاتا۔

وہ دونوں آبشار کے پاس کھڑے پانی کو دیکھنے لگے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُمہیں اِس قدر پانی کیوں پسند ہے؟

کیونکہ یہ ایک جگہ ٹھہرتا نہیں ہے چلتا رہتا ہے بغیر کسی منزل کا تعین کیے سفر میں رہتا ہے۔

تُم وکٹوریا کیوں آئی؟

متھاشر کو دیا گیا جواب وہ باسل حسن کو نہیں دے سکتی تھی۔

ایمپریس ہوٹل جانا تھا۔

دوپہر کی چائے پینے؟

تُمہیں کیسے پتہ؟

سب جانتے ہیں ایمپریس ہوٹل آنے والے اسی فیصد لوگ وہاں دوپہر کی چائے پینے ہی آتے ہیں۔

مگر صبح کے وقت دوپہر کی چائے پینے کیوں آئی؟

پارلیمنٹ بھی جانا تھا نہ۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چلو پھر۔۔

دائما تیز تیز قدم چل رہی تھی مگر باسل ذرا سست رفتاری سے چل رہا تھا۔

کیونکہ وہ جلد بازی میں سلیپرز پہنے ہی نکل پڑا تھا اب گھاس پر موجود شبنم کی بوندیں اس کے پاؤں پر پڑ رہی تھیں۔

تازگی کا احساس اندر تک اُتر رہا تھا۔

دائما نے جو گرز پہنے تھے جو شبنم کے قطرے جذب کر رہے تھے۔

دائما نے مڑ کر دیکھا وہ پاؤں کی طرف دیکھتا ٹہلتا ہوا چل رہا تھا اُس نے بھی اپنی رفتار کم کی مگر پھر بھی وہ اُس سے آگے نکل جاتی تھی۔

جو بھی تھا وہ پھرتیلی لڑکی تھی چاہ کر بھی سستی نہیں دیکھا سکتی تھی۔

دونوں ایمپریس ہوٹل کی خوبصورت عمارت کے سامنے کھڑے اُسے دیکھنے لگے محل کی طرز کا بنا وہ ہوٹل وکٹوریا کی خوبصورت جگہوں میں صف اول میں آتا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل نے دائما کا ہاتھ تھاما اور سامنے نیچے کی جانب بنے تالاب کی طرف بڑھا۔

سیڑھیاں اُترتے سامنے سڑک کے پار پانی میں موٹرز کشتیاں لائن میں کھڑی تھیں جب کہ ایک دو پانی میں چل رہی تھیں۔

دائما نے نظر اُٹھا کر دیکھا مگر تالاب اتنا نیچے بنایا گیا تھا کہ اوپر فاصلے پر بنا ایمپریس ہوٹل نظر نہیں آ رہا تھا۔

پوسٹرز اور فوٹو گراف کی گئی خوبصورت تصاویر کے سٹالز لگے تھے۔

وہ دیکھو پارلیمنٹ باسل نے سامنے نظر آتی اونچی پارلیمنٹ کی بنی عمارت کی طرف اشارہ کیا۔

دائما پاؤں اوپر کی جانب اُٹھا کر دیکھنے لگی۔

گہرے اور ہلکے سبز کے امتزاج سے بنی شاہانہ طرز کی عمارت اوپر سے گنبد نُما شکل میں ڈھلی ہوئی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ محل لگتا ہے۔

لگتا نہیں ہے سمجھا بھی جاتا ہے

باسل مسکراتے ہوئے بولا۔

دائما بھی مُسکرادی۔

وکٹوریا کی خوبصورت ترین جگہیں اتنی قریب قریب نہیں بنانی چاہیے تھیں۔

کیوں؟

اِنہیں دیکھ کر سیاحوں کو باقی وکٹوریا دیکھنے کی ضرورت ہی نہیں رہے گی۔

سیاح ساری جگہیں گھومنے آتے ہیں مگر ہمارے جیسے محلوں کو پسند کرنے والوں کے لیے یہاں تک آنا بھی کافی ہے۔

اور باسل جھٹکے سے اُس کا ہاتھ پکڑ کر سامنے سٹیچو کی طرح بنے شخص کے آگے کرتا ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مکمل سفید رنگ میں ڈھنپا شخص ٹوپی اُتار کر دائما کے سامنے جھکتا ہے پھر دائما اُس سے ہاتھ ملاتی ہے۔

یہ تمھارا آئیڈیل ہے۔

نہیں تو۔۔

ہاں تو تُمہیں سفید رنگ نہیں پسند کیا اِس سے سفید مرد تُمہیں کہیں نہیں ملے گا۔

دائما نے منہ بسورا۔۔

باسل اُس کے انداز ہنسا۔

دائما حیدر ایسی حرکتیں نہ کیا کرو تم پہ پیار آجاتا ہے۔

دائما کے لبوں پر مسکراہٹ دوڑی۔

شیپنگ کرو گی؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پانی یہاں سے بھی خوبصورت لگ رہا ہے۔

نہیں اندر سے زیادہ لگتا ہے ایسے لگتا ہے جیسے پانی نے اپنے حصار میں لے لیا ہو۔

دونوں وہاں قطار میں موجود ایک کشتی پر بیٹھے جو تھوڑی دیر میں پانی کے اندر تیر رہی تھی۔

دائما محوت سے پانی کے اندر تیرتی چھوٹی رنگ برنگی مچھلیوں کو دیکھ رہی تھی۔

کتنی دیر وہ سر جھکائے اُنہیں دیکھتی رہی اور باسل اُس کے چہرے پر موجود ہلکی سی مسکراہٹ دیکھتا رہا۔

بارہ بج گئے ہیں شہزادی محل میں دوپہر کی چائے پینے کا وقت ہو گیا ہے۔

دائما نے قہقہہ لگایا۔

ایسے ڈرامے کرنے سے نہ میں شہزادی بنو گی نہ تُم کسی محل کے مالک۔۔

باسل حسن شہزادوں سے کم نہیں ہے اُس نے شانے اوپر کی جانب اٹھاتے کہا۔۔

خوابوں کے۔۔۔ حقیقت میں نہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خوابوں کے شہزادے زیادہ حسین ہوتے ہیں کیونکہ اُنہیں پرفیکٹ شکل میں سوچا اور دیکھا جاتا ہے۔

باسل نے ایمپریس ہوٹل کے سامنے ذرا جھک کر ہاتھ آگے کر کے اُسے اندر جانے کی دعوت دی۔

اندر دوپہر کی چائے پینے کے لئے لوگ آرہے تھے۔

دائما کے کُرسی پر بیٹھتے ہی باسل نے سفید رنگ کی ڈبیا اُس کے آگے بڑھائی۔

دائما نے ابرو اُٹھا کر دیکھا۔

"Will you marry me?"

کرلوں گی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایمپریس ہوٹل میں باسل کا قہقہہ گونجا۔

وہاں موجود بہت سے لوگ اُن کی جانب متوجہ ہوئے۔

یہ قہقہہ اُس کے ہاں کرنے پر نہیں بلکہ احسان جتانے والے انداز پہ ہوئی تھی

تُم مُجھ سے شادی کر کے مُجھ پہ احسان کرو گی؟

بلکل۔۔

چلو کوئی بات نہیں میرے بھی تُم پر احسان ہیں ایک احسان تمھارا بھی سہی۔

باسل نے ڈبی دائما کو تھمائی۔

تالیوں کی آواز گونجی اور اُن دونوں نے ہڑبڑا کر دیکھا سب لوگ اُن کی طرف متوجہ تھے۔

ڈبیا کھولنے پر دائما کے ساتھ ساتھ اُس کی طرف متوجہ لوگوں کے چہروں پر سے بھی مسکراہٹ غائب ہوئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائمانے نظر اٹھا کر باسل کو حیرت سے دیکھا۔

مُجھے لگا یہ تمھاری پسندیدہ انگوٹھی ہو گی وہ مسکراہٹ دباتے بولا۔

دائمانے اُس چاکلیٹ کے کیوب کی بنی انگوٹھی کو دیکھا پھر منھ میں ڈال کر کھا گئی۔

مگر کھاتے وقت کیوب کے نیچے سے اُسے کسی چھوٹے سے موتی کے ہونے کا احساس ہوا۔

چھوٹے سے سفید موتی والی انگوٹھی جس کا موتی چمک رہا تھا۔

باسل نے انگوٹھی پکڑ کر دائما کی مخروطی انگلی میں پہنائی۔

سیٹیوں اور تالیوں کی آوازیں ایمپریس ہوٹل میں گونج رہی تھیں سب چائے پینا بھول کر اُن کی طرف متوجہ تھے کیونکہ وہاں موجود بہت سے لوگوں کے لیے وہ دوشناسا چہرے تھے۔

کینیڈا کے ہر چینلز پر دائما حیدر اور باسل حسن کی بہادری کے قصے ہر کسی نے سُن رکھے تھے۔

سب کی نظروں میں اُن کے لیے عزت اور پیار تھا۔

بہت سے لوگ اُن کی ویڈیو بنا چکے تھے جو کچھ کی وقت میں سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں خوش ہوں کیونکہ اتنے عرصے بعد آزادی کے ماحول میں وقت گزار رہی ہوں۔

میں خوش ہوں کیونکہ میں اپنے پسندیدہ شخص کے ساتھ وقت گزار رہا ہوں۔

چلو باسل نے مسکراتے ہوئے اُس کی جانب ہاتھ بڑھایا۔

کہاں؟

اولڈ پیلس۔۔

وہ تو تباہ ہو چُکا ہے۔

نیا بھی بن سکتا ہے۔

بلکل پہلے جیسا؟

پہلے جیسا ہوا تو نیا کیسے کہیں گے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما حیدر محل وہ ہوتا ہے جہاں آزادی ہو ورنہ وہ قید خانہ ہوتا ہے۔

اور جس اولڈ پیلس میں ہم جا رہے ہیں وہ بنایا ہی آزادی کی بنیاد پر گیا ہے۔

دائما اُس کا ہاتھ تھامتے ہوئی ساتھ چل پڑی۔

~~~~~~~~~~

دائما گاڑی کے دروازے پر شیشے سے چہرہ اور دونوں بازو نکالے گاڑی چلنے کی وجہ سے سڑک پر بنتی دھاریں دیکھ رہی تھی۔

دائما احتیاط سے سامنے سے کوئی چیز آسکتی ہے۔

باسل فکر مند ہوا۔

باسل تُم وکٹوریا کیسے پُہنچے؟

دائما اب شیشے سے بازو ہٹا کر اُس کی طرف مڑ کر پوچھ رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

متھاشر نے پُہنچے کا کہا تھا۔

کیا کہا تھا اس نے؟

یہی کہ تمھارے والی وکٹوریا میں ہے کب تک چھپے رہو گے پھول اور چاکلیٹس پکڑو اور وکٹوریا پُہنچو۔

اگر وہ جھوٹ بول رہا ہوتا؟

وہ مجھ سے جھوٹ نہیں بول سکتا۔

اُس نے مجھ سے جھوٹ بولا تھا کہ تُم مر گئے ہو۔

اُس نے وہ بولا تھا جو میں نے کہا تھا۔

دائما کا اُس کی بات پر منھ کھل گیا۔

تُم نے اپنے مرے ہونے کا کیوں کہنا چاہا؟

ورنہ سٹیفن اوبرائن اور اُس کے ساتھ ملے بہت سے رئیس تُمہیں اور مُجھے مار چُکے ہوتے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب وہ ہمیں کُچھ نہیں کہیں گے ؟

نہیں کیونکہ کہ وہ ایسا کریں گے تو متھاشر زریِ اُنہیں سکون سے جینے نہیں دے گا اُن کے سامنے وہ وہ مصیبتیں کھڑی کرے گا جو وہ سوچ بھی نہیں سکتے۔

متھاشر کو کب سے جانتے ہو؟

دس سال سے۔۔

دائما کو ایک اور حیرت کا جھٹکا لگا۔

میرا بہترین دوست ہے کالج سے ساتھ ہیں۔

تُم تو بلوچی قبیلے کے نمائندے بن کر نہیں آئے تھے؟

میں بلوچی قبیلے کا نمائندہ بن کر ہی آیا تھا مگر صرف شیکھ کے سامنے قبیلے والوں کو ایک سیکرٹ ایجنٹ سے بہتر کوئی نہیں مل سکتا تھا جو اِن کو جڑوں سے تباہ کر دے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تعلیم مکمل کرنے کے بعد مُجھے ایک اچھی نوکری چھوڑ تھی مگر دو سال کی محنت کے بعد بھی میرے مطابق کی نہ مل سکی۔

متھاشر کے ماموں کینیڈا رہتے تھے وہ کالج کے بعد یہی سیٹل ہو گیا وہ سی ایس ایس ای میں سیکرٹ ایجنٹ تھے اُن کے بچے نہیں تھے لیٹائر منٹ کے بعد اپنی جگہ اُنہیں کسی کو لگوانا تھا تو متھاشر کو اپنی جگہ لگوا دیا۔

اُس نے بہت جلد سی ایس ایس ای اپنا مقام بنالیا تھا۔

سی ایس ایس ای والوں کو متھاشر جیسے کسی قابل اور جافشاں ایجنٹ کی ضرورت تھی۔

کیونکہ میرا ایکڈمک ریکارڈ ہمیشہ سے اچھا رہا ہے اور یہ بات متھاشر جانتا تھا اس نے مجھے آفر کی اور اتنی اچھی آفر کوئی بھی نہیں ٹھکرا سکتا تھا۔

ہم نے پانچ سالوں میں ہر کیس ساتھ کیا ہے مگر اِس کیس میں مُجھے زیادہ دلچسپی تھی کیونکہ اس میں میرے بلوچی قبیلے بھی بھینٹ چڑھ رہے تھے یہ کیس میرے حوالے کر دیا گیا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے ہر مُمکن کوشش کی کہ میں اِس کیس کو حل کرنے میں کہیں کوئی کسک نہ رہ جائے میری سب سے زیادہ محنت اِس کیس کو حل کرنے میں لگی۔

صرف اولڈ پیلس کا نہیں بلکہ جہاں تک اُن کی رسائی تھی مُجھے وہاں سے آگے تک رسائی رکھنی پڑی۔

مُجھے اور قبیلے والوں کو بہت سی قربانیاں دینی پڑیں۔

یہ اولڈ پیلس بنانے اور اسے چلانے کے لئے میں نے اپنے پاس موجود سب کُچھ خرچ کر ڈالا اسے چلانے کی خاطر قبیلے والوں اور میرے دوستوں نے بھی بہت محنت کی خاص طور پر متھاشر نے۔۔

گاڑی ایک نئی تعمیر شدہ عمارت کے سامنے رکی۔

عمارت کے اوپر نمایاں حروف میں اولڈ پیلس کشیدہ کروایا گیا تھا۔

یہ عمارت خوبصورت تھی مگر اتنی نہیں کہ اِس کے لئے پیلس کا لفظ استعمال ہوتا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جانتا ہوں کہ تُم سوچ رہی ہو کہ یہ تو کہیں سے بھی پیلس نہیں لگتا۔

اندر آؤ یہ یہاں موجود لوگوں کے لئے پیلس ہی ہے یہاں آزادی ہے ہر سہولت ہے اسے وہ اپنا گھر کہہ سکتے ہیں۔

اور اندر گھر سا ماحول تھا۔

پیلس میں بہت سے کمرے تھے دروازے کے ساتھ دروازہ جُڑا ہوا تھا۔

پچس کمرے؟

دائما حیرت سے بڑبڑائی۔۔۔

اوپر اور بھی ہیں۔

میری کوشش تھی ہر کمرے میں دو تین لڑکیوں سے زیادہ نہ رہیں۔

یہ اولڈ پیلس والی لڑکیاں ہیں۔

اِن میں سے پانچ سو لڑکیوں کو اُن کے گھروں تک رسائی دے کر بھیجا جا چُکا ہے۔

یہ ایک سو کے قریب وہ لڑکیاں ہیں جن کو اُن کے گھر والوں نے قبول نہیں کیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگر اِن کو یہ پناہ گاہ نہ ملتی تو یہ خود کشی کر کے حرام موت کو گلے لگا چکی ہوتیں۔

جب شیکھ لڑکیاں بیچتا تھا تو میں پارٹیز ڈال کر خرید لیتا تھا اور قبیلے والے جتنے میں لڑکیاں بیچتے تھے مزید رقم ڈال کر ہم شیکھ سے خرید لیتے تھے اور اُنہیں اپنے اولڈ پیلس لاتا تھا مگر اُس میں اور اس میں نام کے علاوہ کُچھ بھی مشترک نہیں۔

وہاں عزتیں اُتاری جاتی ہیں یہاں عصمتیں اڑھائی جاتی ہے۔

وہاں رہ کر موت کی خواہش پیدا ہوتی ہے اور یہاں رہ کر زِندہ رہنا سیکھا جاتا ہے۔

اِن میں ابہت سی لڑکیاں اولڈ پیلس میں رہتی رہی ہیں اِن کی وہاں حفاظت کرنا سب سے مُشکل کام تھا۔

میں نے راتیں ان کی رکھوالی میں جاگتے گزاری ہیں تا کہ یہ پھر سے اُسی عذاب میں نہ ڈل جائیں جس سے انہیں بچا رہا تھا ان میں زِندہ رہنے کی خواہش بیدار رکھنے میں بہت محنت کی گئی تھی۔

جو لڑکیاں یہاں نئی خرید کر لائی جاتی تھیں اُنہیں تب ہی اُن کے والدین تک پُہنچا دیا جاتا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر یہ اولڈ پیلس میں اتنا عرصہ رہنے کے بعد اب اپنے گھر والوں کے لیے بھی قابلِ قبول نہیں ہیں۔

مگر یہ یہاں اپنی نارمل زندگی گزار سکتی ہیں پڑھ سکتی ہیں چاہے تو جاب کر سکتی ہیں ایک دوسرے کے سہارے رہ سکتی ہیں۔

اِنہیں یہاں اِس سے بہتر پناہ گاہ میسر نہیں آسکتی تھی۔

باسل تُم بہت اچھے انسان ہو۔

اِنسانیت کو بہت کم لوگ سمجھتے ہیں اور قائم رکھتے ہیں۔

لوگ پیسے کو جمع کرنے کے ہوس میں اِنسانیت کو بہت پیچھے چھوڑ دیتے ہیں مگر وہ چاہیں تو وہ پیسہ انسانیت کو قائم رکھنے کی خاطر بھی استعمال ہو سکتا ہے اور وہی اُس کا صحیح استعمال ہے۔

دائماِنسان جتنا ہی مثبت کیوں نہ ہو اگر اُس کے آس پاس کے لوگ منفی سوچ رکھتے ہونگے تو وہ بھی کسی نہ کسی مقام پر جا کر اُن کی طرح منفی سوچوں میں گھیر ہی جائے گا۔

منفی سوچ والے دوسروں کو بھی منفی پہلو دیکھاتے ہیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر میری زندگی میں مثبت لوگ آئے ہیں جنہوں نے مجھے سراہا ہے اُنہوں نے مُجھے اچھے کیے جانے والے کام کے منفی پہلو یا نقصانات نہیں دیکھائے بلکہ وہ میرے ساتھ کھڑے ہوئے۔

ان سب کا میں اکیلا سرپرست نہیں ہوں میرے ساتھ کھڑا ہونے والا ہر شخص ہے۔

لڑکیاں آہستہ آہستہ اپنے کمروں سے نکل کر اُن کے گرد گھیرا بنا رہی تھیں مگر باسل کو بولتا دیکھ کر اُنہوں نے مداخلت نہیں کی تھی۔

باسل نے اُن کے اکھٹا ہونے پر دائما کا تعارف کروایا۔

وہ جتنی عزت باسل کو دے رہی تھیں اُس سے زیادہ دائما کو دے رہی تھیں۔

دائما اُن کے دائرے کے بیچ میں بیٹھ گئی تھی وہ سب اپنے قصے سنا رہی تھیں اور وہ بلا کسی اکتاہٹ کے سن رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل مسکراہٹ کے ساتھ وہ منظر دیکھ رہا تھا وہ جانتا تھا دائما حیدر ہی وہ لڑکی ہو سکتی تھی جو اُس کو اِس معاملے میں سراہا سکتی تھی۔

جو خود کسی مذہب یا مُلک کو بالائے طاق رکھ کر لوگوں کی مدد کے لیے اپنی جان تک دینے کا جذبہ رکھتے ھوں وہ ہی لوگوں کی فلاح کے لیے ہونے والے کاموں اور ان کاموں کے کرنے والوں کو سراہ سکتے ہیں۔

باسل نے سب کے لئے کھانا بنایا تھا وہ جب یہاں آتا تھا سب کو اپنے ہاتھوں سے بنا کھانا کھیلاتا تھا۔

دائما سب کے بیچ بیٹھی کھانا کھا رہی تھی وہ سب کے چہروں پر موجود اطمینان اور خوشی باخوبی دیکھ سکتی تھی۔

اُن کی آنکھوں میں واقعی زندگی کو جینے کی چمک تھی بلکہ وہ جی رہی تھیں اُنہیں جینا سیکھایا گیا تھا جس پر یقیناً محنت ہوئی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کسی اِنسان کی سوچ بدلنا سب سے زیادہ محنت طلب کام ہے خاص طور پر تب جب وہ جینے کی چاہ ختم کر چُکا ہو۔

ذہنی طور پر موت کے قریب موجود اِنسان کو زندگی کی کے قریب لانے کے لئے زِندگی کا ہر اچھا پہلو اُن کے سامنے رکھنا پڑتا ہے۔

بہت سی لڑکیاں ایسے کیسز میں خودکشی سے بہتر کوئی آپشن نہیں سمجھتیں۔

کیونکہ اُن کے آس پاس والے اسے صرف وہی آپشن دیکھا رہے ہوتے ہیں اپنے رویوں سے جلی کٹی باتوں سے ایسی لڑکیوں میں لحاظ سے اچھا سوچنے کی صلاحیت ختم کر دی جاتی ہے پھر وہ بُرا سوچتی ہیں اور بری سوچوں کا مدار حرام موت پر ختم ہوتا ہے۔

وہ بے قصور ہوتی ہیں بس دوسری لڑکیوں کی طرح خوش قسمت نہیں ہوتیں کیونکہ اُن کی طرح اُن کی عزتیں محفوظ نہیں بچی ہوتیں۔

مگر اِس کا یہ مطلب نہیں کہ اُن کی زندگی کے ساتھ ساتھ اُن کی آخرت بھی تباہ کی جائے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور کوئی آپکے رویے سے موت کی طرف بڑھتا ہے تو قصوروار آپ ہیں اور اِس کا خمیازہ آپکو بھگتنا پڑے گا۔

دائما سب سوچ رہی تھی جب باسل کی چٹکی کی آواز پر سامنے موجود دُنیا میں واپس آئی۔

چلیں؟

اور دائما کُچھ بولے بنا چلنے لگی۔

دائما کیا سوچ رہی ہو؟

وہ گاڑی میں بھی خاموش سوچ میں گُم تھی۔

باسل تُم اچھا کام کر رہے ہو ہم اسے مزید بڑھا سکتے ہیں۔

کیسے؟

صرف اولڈ پیلس کی نہیں اور بھی بہت سی لڑکیاں جو ایسے مظالم کا شکار ہوتی ہیں جنہیں ایسی محفوظ پناہ گاہوں کی تلاش ہوتی ہے مگر اُنہیں مل نہیں پاتیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہمیں اسے ایک ادارے کی شکل دینی چاہیے تاکہ ایسی لڑکیاں خود پناہ لینے آئیں اُنہیں جینے کا کوئی رستہ نظر آئے۔

ادارے بنانا آسان نہیں وسائل چاہیے ہوتے ہیں۔

اُس کے لیے میرے پاس ترکیب ہے۔

کون سی؟

جیسے ہم امیر گھروں سے تعلق رکھتے ہیں ہم اپنی تنخواہ اس ٹرسٹ پر لگا دیں تو ہمیں کھانے کے لالے تو نہیں پڑیں گے نہ بس آسائشیں تھوڑی کم کرنی پڑیں گی جو میں تو کر سکتی ہوں تُم بھی کر سکتے ہو بلکہ کر رہے ہو میرے پاس اچھی خاصی سیوینگز بھی ہیں میں ٹرسٹس میں رقم دیتی رہی ہوں مگر اپنے سامنے استعمال ہوتا دیکھ کر مزید اطمینان ہوتا ہے۔

ہم دونوں چلا سکیں گے؟

میں اپنے ساتھ کام کرنے والے بہت سے لوگوں کو جانتی ہوں جو صرف شوق کی وجہ سے جاب کر رہے ہیں پیسہ ان کا مسئلہ نہیں ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہم شروع کریں گے تو خود ہی لوگ شامل ہوتے رہیں گے۔

تو تُم اتنی دیر سے یہ سوچ رہی تھی ویسے تُم ذہین ہو۔

تُمہیں اب اندازہ ہوا ہے؟

تُم نے ظاہر ہی اب کیا ہے۔

پھر ہم ٹرسٹ شروع کر رہے ہیں نہ؟

دائما نے ہتھیلی باسل کے سامنے کی جس پر اس نے اپنا ہاتھ رکھ دیا۔

اِن شاء اللہ بہت جلد۔۔

مُجھے یقین تھا تُم میرا ساتھ دو گی مگر یہ نہیں معلوم تھا کہ تُم آگے بڑھانے کا بھی سوچو گی۔

تُم اچھی سوچ کی مالک لڑکی ہو اور ایسے لوگ نہ خود ہارتے ہیں نہ دوسروں کو ہارنے دیتے ہیں۔

اور باسل نے دائما کے ولٹل وائٹ پیلس کے سامنے گاڑی کو بریک لگائی۔

دائما ہاتھ ہلاتی اندر چلی گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل اُسے چھوڑ کر متھاشر کے گھر بڑھا وہ اُن دونوں کا مشترکہ گھر تھا۔

گھر والوں کے بغیر اُنہوں نے اپنی فیملی بنا رکھی تھی۔

باسل گھر میں داخل ہوتے اپنے کمرے کی طرف بڑھ رہا تھا جب کسی کے اونچی آواز میں دھاڑنے پر رکا۔

آواز اوپر سے آرہی تھی۔

وہ سیڑھیوں پر تھا جب خلیق اُسے آتا دیکھ کر اُس کی جانب لپکا۔

باسل متھاشر سر دروازہ نہیں کھول رہے اُن کے چیخنے کی آوازیں آرہی ہیں دروازہ کھولنے کا کہو تو غُصہ ہوتے ہیں۔

باسل نے سر جھکا کر گہرا سانس لیا۔

تُم میرے کمرے سے اِس کے کمرے کی چابی لے کر آؤ۔

جی۔۔وہ کہتا جلدی سے سیڑھیاں پھلانگتا باسل کے کمرے کی طرف گیا۔

باسل نے چابی آنے پر دروازہ کھولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ گھٹنوں میں سر دیئے تیز تیز سانس لے رہا تھا شاید غُصہ ضبط کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔

متھاشر تُم ٹھیک ہو؟

کوئی جواب نہیں آیا۔

باسل نے آس پاس کا جائزہ لیا وہاں ساری چیزیں اپنے ٹھکانے پر ہی موجود تھیں۔

بس ایک گلاس زمین پر ٹوٹا پڑا تھا اور متھاشر کا ہاتھ بھی زخمی تھا اور ساتھ موبائل پڑا تھا۔

اُس نے لمحے کو سوچا کہ شاید موبائل میں کُچھ ایسا دیکھا ہو جو اسے اتنا غُصہ آیا ہو۔

باسل نے موبائل پکڑنے کے لئے ہاتھ بڑھایا مگر متھاشر نے اُس کے بازو کو پوری قوت سے پکڑ کر پیچھے کیا۔

باسل کو اُس کی آنکھوں میں خون اُترا نظر آرہا تھا۔

کیوں آئے ہو تُم لوگ جاؤ۔۔

وہ شیر کی طرح دھاڑا تھا۔

باسل ایک نظر اُس پر ڈالتا خلیق کو لے کر کمرے سے باہر آگیا اور دروازہ بند کر دیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ جانتا تھا اس وقت اِس سے بات کرنا بے کار ہے۔

متھاشر نے اُنہیں جاتا دیکھا پھر ہاتھ میں پکڑے موبائل کی سکرین سیدھی کی۔

دائما ہاتھ میں موجود انگوٹھی کو مسکراہٹ کے ساتھ دیکھ رہی تھی۔

اور بھی بہت سی تصویریں اور ویڈیوز اُسے وصول ہوئی تھیں۔

دوسروں کو اندر سے چیر دینے والی بارُعب آنکھوں میں سے دو موٹے موٹے قطرے آنسوؤں کے سکرین پر گرے۔

وہ اپنے احساسات نہیں سمجھ پا رہا تھا۔

جذبات دبا دبا کر بھی تھک گیا تھا مگر وہ کسی کو دیکھا بھی نہیں سکتا تھا۔

وہ گہرا اِنسان تھا اور سب کچھ انہیں گہرائیوں میں دفن کرنا تھا۔

آنکھوں میں غُصہ تھا مگر نہ باسل کے لئے اور نہ دائما کے لئے وہ دونوں اُسے خود سے بھی زیادہ عزیز تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر غُصہ خود پر بھی نہیں بنتا تھا وہ لڑکی خود اُس کے حواسوں پہ سوار ہوئی تھی۔

غُصہ تھا تو پیچھے ہٹ جانے پر اُس نے پیچھے ہٹنا کبھی نہیں سیکھا تھا اُس نے کسی مقام پر بزدلی نہیں دیکھائی تھی مگر اِس بار معاملہ باسل حسن کا تھا وہ خود کے ساتھ بُرا کر سکتا مگر اُس کے ساتھ نہیں۔

مگر وہ غصے میں لحاظ بھول جانے والا اِنسان تھا غصے میں اُسے نظر نہیں آتا کہ سامنے کون کھڑا ہے اور یہ بات باسل اچھی طرح جانتا تھا۔

وہ ناشتے کی میز پر خاموش سنجیدہ بیٹھا تھا۔

نکال لی بھڑاس؟

ہاں۔۔اُس نے باسل کی بات کا یک لفظی جواب دیا۔

متھاشر تمھارے غصے کی نوعیت بڑھتی نہیں جا رہی؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیونکہ غصے کی وجوہات بھی بھڑتی جارہی ہیں۔

مثلاً کیسی وجوہات؟

لینیی جوس دو۔

متھاشر نے بات نظر انداز کر دی۔

باسل نے اُس کی چھوٹ اور بہت سی باتوں کے متعلق پوچھا مگر اُس نے دوبارہ کُچھ بھی نہ بولنے کی قسم کھالی اگر بول رہا تھا تو صرف لینیی سے۔۔

یہ ہم دونوں کو کیوں نہیں بولا رہے صرف اسے کیوں بولا رہے ہیں؟

کیونکہ ہم دونوں کل اسے چھیڑنے کی غلطی کر چُکے ہیں جو غصے میں اسے بلاتا ہے یہ بعد میں اُسے نہیں بلاتا۔

اور لینیی نے ہمارے والا گناہ نہیں کیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُم نے پہلی اِسکا ایسا غُصہ نہیں دیکھا نہ سمجھ جاؤ گے اسے ویسے یہ کسی کی سمجھ میں آتا تو نہیں کیونکہ یہ اپنے متعلق کسی کو ٹھیک سے کچھ بتاتا ہی نہیں۔

ویسے متھاشر زریی یہ غصے کا کون سا

طریقہ ہے جس میں خود پر ہی چیخا چلایا جاتا ہے۔

کیونکہ قصوروار بھی خود کو سمجھا جاتا ہے۔۔وہ سوچ کر رہ گیا مگر بولا نہیں چہرے پر سنجیدگی تھی

اپنے جذبات وہ رات کو مار چُکا تھا اور دوبارہ مڑ کر دیکھنے کا وہ عادی نہیں تھا۔

~~~~~~~~~~~

باسل دائما کے کمرے کے باہر کھڑا اُس کے تیار ہونے کا انتظار کر رہا تھا۔

اور وہ پانچ منٹ بعد اُس کے سامنے کھڑی تھی۔

وہ ارغوانی رنگ کے جوڑے میں خوبصورت لگ رہی تھی مگر مسئلہ اُس کے تیار ہونے کا تھا جو اس سے ہوا نہیں جا رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~~

دائما مُجھے بلکل اندازہ نہیں تھا کہ تُم میک اپ کے معاملے میں اتنی پھوووڈ ہو وہ میک اپ میں صرف لپ اسٹک لگا کر آگئی تھی وہ بھی ایسی کہ نہ لگاتی تو بہتر تھا۔

کیونکہ میری خوبصورتی کو میک اپ کی ضرورت ہی نہیں۔

دائما کندھوں سے بال پیچھے اچھالتے بولی۔

لیکن تُم لاک کھولنے کے علاوہ اور کچھ بھی سیکھ لیتی تو اچھا تھا۔

میں میک اپ کے علاوہ سب کچھ کر سکتی ہوں۔

میری کون سا شادی ہے میں بغیر میک اپ کے بھی جا سکتی ہوں۔

لیکن جا تو ہم شادی پہ ہی رہے ہیں نہ۔۔

باسل نے زبان کاٹی اُسے سرپرائز رکھنے نہیں آتے تھے۔

لیکن تُم نے تو کہا تھا ہم لنچ پہ جا رہے ہیں۔۔

ہاں تو وہاں لنچ بھی ہو گا۔

دائما نے آنکھیں سکیڑ کر اُسے دیکھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایسی مشکوک نظروں سے نہ دیکھو۔۔

تُم ہو ہی مشکوک انسان۔۔

باسل نے مسکراتے ہوئے شانے اچکائے۔

چلو دیر ہو جائے گی گاڑی میں بیٹھو ہمیں تو ٹائم پہ جانا چاہیے۔

کیوں؟

باسل پھر بات کر کے پھنس گیا تھا۔

کیونکہ ہمارے دوستوں کی شادی ہے۔

لیکن میرے تو سنی اور زبور کے علاوہ اور کوئی دوست نہیں۔

تو اُنہی کی شادی ہے۔

باسل حسن تُم مذاق کرتے بلکل اچھے نہیں لگتے۔

کیونکہ میں مذاق کر بھی نہیں رہا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں کیونکہ تُم جھوٹ بول رہے ہو۔

باسل نے رُخ موڑ کر اُسے دیکھا جو اُس کے انتہائی سنجیدگی سے کہے گئے سچ کو جھوٹ اور مذاق کہہ رہی تھی۔

اِنسان کو ہر چیز کے لئے تیار رہنا چاہیے کبھی کبھی خلافِ توقع کام بھی ہو جاتے ہیں۔

باسل حسن تُم واحد شخص ہو جِس کی مجھے سمجھ نہیں آتی۔

اور تُم وہ واحد لڑکی ہو جو مُجھے سمجھنے کی کوشش نہیں کرتی۔

تُم نہ۔۔۔

دائما مزید کُچھ بولنے لگی تھی کہ اس کی نظر ڈیش بورڈ پر پڑی پرچی پر پڑی۔

"Hurry up"

اب یہ تُم نے کیوں لکھا ہے؟

میں نے نہیں متھاشر نے لکھا ہو گا اور میرے لئے ہی لکھا ہو گا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تُم لوگ یہ پرچیاں کیوں لکھتے ہو؟

متھاشر لکھتا ہے میں نے بھی اُس سے سیکھا ہے۔

اُس کا کہنا ہے کہ اس طرح لوگ زیادہ متجسس ہو کر آپ کی بات سنتے ہیں اور کئی بار آپ کی لکھی بات پڑھتے ہیں اور اس پر غور کرتے ہیں ویسے اِنسان دوسری باری کسی کی بات سننے کو تیار نہیں ہوتا۔

اور واقعی دائما اتنی دیر میں تقریباً دس بار وہ پڑھ چُکی تھی۔

باسل نے گاڑی روکی۔

اب یہاں کیوں گاڑی روکی؟

یہ سامنے سیلون ہے جاؤ اور تیار ہو کر آؤ۔

میں سیلون نہیں جاؤ گی۔

دائما بعد میں اپنی ضد دیکھا لینا فلحال اِس اُجڑی حالت میں تُمہیں وہاں نہیں لے جا سکتا۔

کیا ہم عبداللہ اور راشق کی شادی پر جا رہے ہیں؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں۔۔

اب وہ اُسے کیا بتاتا کہ وہ دونوں پہلے ہی شادی کر چُکے ہیں۔

وہ جھوٹ بولتا نہیں تھا مگر اُس کو راضی کرنے کے لئے بولنا پڑ گیا تھا۔

میں ابھی تیار ہو کر آئی۔

دائما چہکتے ہوئے انداز میں بولی۔

کیا مطلب ابھی آئی؟

پہلے کی طرح پانچ منٹ میں چڑیل بن کر نہ آ جانا۔

ہر معاملے میں پھرتی اچھی نہیں ہوتی۔

ہنہہ۔۔۔بڑا آیا سمجھانے والا وہ بڑبڑاتی ہوئی گاڑی سے اُتری۔

باسل نے سکون کا سانس لیا اُسے اُمید تھی وہ اس بار پہلے سے بہتر تیار ہو کر آئے گی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل نے گاڑی کو لاک کیا اور سیٹ کی پُشت پر سر ٹکا کر آنکھیں بند کر لیں۔

اُسے اندازہ تھا دائما تیار ہونے میں وقت لگائے گی لڑکیاں تیار ہونے میں وقت لگاتی ہیں۔

مگر وہ یہ بھول رہا تھا کہ دائما لڑکی ضرور ہے مگر پھرتیلی لڑکی ہے۔

دس منٹ بعد دائما گاڑی کا دروازہ کھٹکھٹا رہی تھی۔

باسل نے ہڑبڑا کر آنکھیں کھولیں۔

دائما گھونگھٹ نکالے گاڑی کا دروازہ متواتر کھٹکھٹا رہی تھی۔

باسل نے دائما کو اُس کے کپڑوں کے رنگ سے پہنچانا ورنہ اُسے دائما سے ہرگز ایسی حرکت کی اُمید نہیں تھی۔

یا اللہ یہ پھر سے چڑیل نہ بن آئی ہو۔

باسل نے بڑبڑاتے ہوئے گاڑی کا لاک کھولا۔

اور دائما گاڑی کا دروازہ کھول کر اندر بیٹھی۔

اس نے بیٹھتے ہی جھٹکے سے دوپٹہ پیچھے کیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اتنی بے حیائی سے گھونگھٹ اُتارنا تھا تو کیا ہی کیوں تھا۔

کیوں تُم نے اتارنا تھا؟

میں بھی کبھی اُتاروں گا ہی۔۔۔

باسل نے آنکھوں میں شرارت بھرے کہا۔

چہچہورا۔۔

اور باسل نے قہقہ لگایا۔

ویسے اب تُم اچھی لگ رہی ہو۔

بال اب سیدھے کیے ہوئے تھے میک اپ سے رنگت مزید نکھر گئی تھی چہرے کے نقوش نمایاں ہو رہے تھے جو خوبصورتی سے بنے تھے۔

تو میں کون سا اب پلاسٹک سرجری کروا آئی ہوں۔

ویسے دائما تُم اتنی جلدی تیار کیسے ہو گئی؟

وہ کہہ رہی تھی کہ اپا ائنٹمنٹ نہیں کروائی دو گھنٹے بعد میک اپ کرے گی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے کہا بھی میں اتنی مشہور ہوسٹ ہوں کہتی ہماری رولز ہیں۔

پھر کیسے کر دیا؟

تُم نے مجھے پسٹل دی تھی نہ۔۔۔

اور وہ تُم نے اس کے سر پہ رکھ دی؟

ظاہری بات ہے اور اُس سے یہ پوچھنا تھا کہ بتاؤ بہن کیسی ہے۔

مجھے اندازہ تھا کہ تُم فراٹے لڑکی ہو مگر اتنی ہو یہ آج پتہ چلا وہ ہنستے ہوئے بامشکل بول پا رہا تھا۔

ویسے پسٹل دیکھ کر اُس نے مجھ سے بھی زیادہ پھرتی دیکھائی اور پیسے بھی نہیں لے رہی تھی۔

پھر میں نے بھی نہیں دیئے۔

اور دونوں کا قہقہ گاڑی میں گونجا۔

باسل کے موبائل کی بیپ بجی۔

"Muthashir sir"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سکرین پر نام جگمگایا۔

تُم اسے سر کیوں کہتے ہو؟

کیونکہ یہ مُجھ سے تین سال سینئر ہے۔

تُم تو کہتے ہو یہ تمھارا بہترین دوست ہے۔

دوستی میں کام اور کام میں دوستی کو آگے رکھنے لگ پڑو تو اِنسان دونوں سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے۔

اگر میں کہوں کہ اس کی کال نہ اُٹھاؤ تو۔۔؟

تو میں میں تمھیں اُٹھا کر گاڑی سے باہر کھڑا کر دوں گا۔

اِس کے لئے کُچھ بھی کر سکتے ہو؟

ہاں کُچھ بھی مگر یہ کسی سے کُچھ بھی کرواتا نہیں ہے۔

اگر یہ تُم سے کُچھ بہت قیمتی مانگے تو دے دو گے؟

دوستی سے قیمتی کیا ہو سکتا ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگر مُجھے مانگے تو دے دو گے ؟

مُجھے نہیں لگتا کہ متھاشر تُمہیں مانگنے والی بات کر سکتا ہے اگر کی تو ہاں دے دوں گا۔

اتنی محبت ہے اُس سے۔۔۔؟

اتنی کے تُم سوچ نہیں سکتی اور میں بتا نہیں سکتا۔

دائمالا جواب ہو گئی تھی اِس آخری لائن پہ سارے سوال ختم ہو گئے تھے۔

اِس بار باسل نے اُسے کال کی۔

کہاں پر ہو؟

راستے میں ہیں بس پُہنچے والے ہیں۔

اور دائما کو سمجھا کر لانا یہ نہ ہو وہیں خوشی سے ڈھیر ہو جائے۔

میں نے کوشش کی تھی مگر۔۔

مگر کیا؟؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ناکام۔۔

دوبارہ کوشش کرو تمھاری پہلی کوشش ناکام ہی ہوتی ہے بلکہ میری بات کرواو۔

باسل نے موبائل دائما کی طرف بڑھایا۔

دائما کا دِل چاہا انکار کر دے اُس کا گاڑی والا غُصہ ابھی تک اُترا نہیں تھا۔

مگر وہ ساتھ بیٹھے شخص کی جان کا ٹکڑا تھا۔

محبت میں محبوب کے محبوب کا بھی احترام کرنا پڑتا ہے۔

دائما حیدر وہاں بیہوش ہونے والا کام مت کرنا ہم نے ایمبولینس کا انتظام نہیں کیا اور کال کاٹ دی گئی۔

یہ کیا چیز ہے؟

دائما حیرت سے موبائل کی سکرین دیکھ رہی تھی۔

یہ متھاشر زریں نامی چیز ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل مسکراتے ہوئے بولا۔

تھوڑی دیر بعد اُس نے گاڑی ایک ہال کے سامنے روکی۔

ہال میں داخل ہوتے درمیانی رستے پر کارپٹ بچھا تھا اور دونوں جانب پھولوں کے بڑے بڑے گلدان رکھے ہوئے تھے۔

اندر سٹیج قدرے اونچا بنایا گیا تھا جس پر پھولوں سے خوبصورت سجاوٹ کی گئی تھی۔

مگر سٹیج پر دائما کو دولہا دلہن نظر نہیں آئے تھے کیونکہ ان کے سامنے بہت سے لوگ کھڑے تھے۔

دائما نے آس پاس نظر دوڑائی بہت سے شناسا چہرے اولڈ پیلس والی لڑکیاں، سی ٹی وی کے اینکرز ،رپورٹرز اُس کے ممی بابا جن کے وہاں ہونے کی اُسے اُمید بھی نہیں تھی۔

سب نے تالیوں سے اُن کا استقبال کیا تھا۔

دائما حیران ہو رہی تھی۔

ایک لڑکی اُس کے پاس آئی اُس کے گلے لگی اور اُسے اپنے ساتھ کھینچتے ہوئے لے گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امی بابا یہ دائما ہے۔

اور وہاں موجود عورت نے پہلے اُس کے ہاتھ چومے پھر ماتھا چوما۔

ساتھ کھڑے شخص نے بھی انتہائی شفقت سے اُس کے سر پر ہاتھ رکھا۔

وہ اُسے اس لڑکی کے ماں باپ لگے تھے۔

دائما یہ زرال ہے تُمہیں بتایا تھا نہ اور یہ امی اور یہ بابا۔۔

دائما کے چہرے پر مسکراہٹ پھیلی۔

مگر اگلے ہی لمحے عبداللہ اور راشق کو اپنی طرف آتا دیکھ کر معدوم ہوئی۔

اگر یہ یہاں تھے تو سٹیج پر کون تھا۔

اور سٹیج پر موجود جوڑی دیکھ کر وہ منجمد ہو گئی تھی۔

سنی اور زبور نے اُسے اپنی طرف متوجہ دیکھ کر ہاتھ ہلایا۔

کیا دیکھ رہی ہو جن بھوت نہیں ہیں یہ زندہ ہیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور میں نے تمہیں کہا تھا یہاں آ کر بیہوش نہیں ہونا ہم نے ایمبولینس کا انتظام نہیں کیا۔

کُچھ نہیں ہو گا ابھی سنبھل جائے گی میری بہو بہت بہادر ہے۔

اور دائمانے باسل کی امی کو حیرت سے دیکھا آج اُسے سب حیران ہی کر رہے تھے۔

باسل میرا دماغ گھوم رہا ہے۔

کیوں؟

کیونکہ تُم سب نے مل کر مُجھے چکر دیا ہے۔

مُجھے بھی شروع میں چکر دیا تھا۔

تُم تو مجھے بتا سکتے تھے نہ۔۔

سرپرائز نامی چیز بھی ہوتی ہے۔

تُمہیں تو خوش ہونا چاہیے یہ زندہ ہیں بلکل ٹھیک ہیں۔

میں خوش ہوں بہت زیادہ۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چلو پھر اُن سے ملنے چلتے ہیں۔

متھاشر نے ٹانگ اڑانہ ضروری سمجھا تھا۔

تُم بھی پہلے ان سے نہیں ملے؟

نہیں یہ میرا ہی پلین تھا۔

متھاشر نے فخریہ انداز میں کہا۔

اور دائما اُسے گھورتی ہوئی سٹیج کی طرف بڑھی

وہ وہیں موجود کُرسی پر بیٹھ گیا۔

زبور دائما کے سٹیج پر چڑھتے ہی اُس کے گلے لگ گئی تھی اور اس کے کہنے کے باوجود بھی نہیں چھوڑ رہی تھی۔

اگر تُم دونوں کا رومانس ختم ہو گیا ہو تو مجھے بھی پوچھ لو۔

سنی مظلوم منہ بنائے بولا۔

دائما نے زور دار تھپڑ اُس کے بازو پر مارا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اتنا ظلم کیوں؟

تُم نے مجھے بہت رُلایا ہے۔

دائما کی آنکھیں پھر سے نم ہو رہی تھیں۔

باسل نے ادھر اُدھر متلاشی نظروں سے دیکھا پھر ایک ویٹر کے پیچھے لپکا اور ٹشو لا کر دائما کو تھمایا۔

دائما یہ غلطی مت کرنا ہمیں پھر کسی کی کنپٹی پر پسٹل رکھ کر میک اپ کروانا پڑے گا۔

دائما نے مسکراتے ہوئے آنسو صاف کیے دوبارہ میک اپ کروانا واقعی جنگ کے مترادف تھا۔

دائما اُن کے ساتھ بیٹھ کر باتیں کرنے لگی تھی بہت کُچھ تھا کہنے اور سننے کو۔۔

متھاشر سنجیدگی سے سامنے کا منظر دیکھ رہا تھا۔

سب کے چہروں پر مسکراہٹ تھی اور ایک دوسرے کے ساتھ خوش گپیوں میں مصروف تھے۔

متھاشر مُجھے آپ سے کُچھ کہنا ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لینیی اُس کے ساتھ آکر بیٹھی تھی۔

متھاشر نے حیرت سے اُسے دیکھا۔

یہ پہلا موقع تھا جب اس نے بغیر سر کے اُس کا نام پکارا تھا۔

تُم شاید سر کہنا بھول گئی ہو۔

نہیں میں نے خود نہیں کہا۔

کیوں؟

میں سر کہہ کہہ کر بور ہو گئی ہوں۔

پھر کیا کہنا ہے؟

ہبی۔۔

اور اُس کے جواب پر متھاشر کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔

کیا مطلب اِس بات کا؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں آپ سے شادی کرنا چاہتی ہوں۔

وہ حیران ہو رہا تھا کہ کوئی لڑکی اُسے اتنی دیدہ دلیری سے پرپوز کر رہی تھی۔

متھاشر نے اُس کی آنکھوں میں دیکھا جہاں شرم اُسے کہیں نظر نہیں آئی۔

اتنی بڑی بات اُس نے اتنی سادگی سے کہہ دی تھی۔

متھاشر نے باغور اُس کا چہرہ دیکھا جہاں معصومیت تھی مگر وہ جانتا تھا یہ لڑکی ایک ہی وقت میں بہت سے لڑکوں اور لڑکیوں کو پچھاڑ سکتی ہے۔

اُس کو ٹیم میں شامل کرتے وقت بھی وہ اس کی معصوم شکل پر نہیں گیا تھا کیونکہ وہ اپنی شکل کی طرح معصوم نہیں تھی۔

اور اگر میں نہ کر دوں تو۔۔

اب اُس کے چہرے پر قدرے اُداسی تھی۔

ایسی کیا برائی ہے مُجھ میں۔۔؟؟

متھاشر اُس کا چہرہ دیکھ کر نرم پڑا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں غصے میں نہیں دیکھتا کہ سامنے کون ہے بلکل لحاظ نہیں کرتا۔

جانتی ہوں۔

میں زیادہ تر سنجیدہ رہتا ہوں۔

جانتی ہوں۔

میں فیملی اور دوستوں سے زیادہ اہمیت کسی کو نہیں دے سکتا۔

جانتی ہوں۔

اور ایک اہم بات میں دائما۔۔

جانتی ہوں یہاں اُس کا نام نہ لیں۔

پھر بھی۔۔؟

محبت میں خامیاں نہیں دیکھی جاتیں۔

متھاشر کے چہرے پر مسکراہٹ پھیلی اگر اُسے آگے بڑھنا ہی تھا تو اس کے ساتھ کیوں نہیں جو ہر حال میں اُس سے محبت کرتی ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے کہا تھا نہ یہ آپکو گھورتی ہے مگر آپ نے میری نہیں سنی۔

خلیق اُن دونوں کی کرسیوں کے بیچ میں سے چہرہ نکال کر بولا۔

تُم کب سے یہاں بیٹھے ہو؟

جب سے پرپوزر والا سین شروع ہوا ہے۔

خلیق بڑے مزے سے بولا۔

چلو تمھارا کوئی راز میرے ہاتھ بھی لگا۔

خلیق کے ساتھ بیٹھا ڈین بولا۔

میری ٹیم کے ممبرز ہونے کے ناطے بوس کے راز رکھنا تُم لوگوں کا فرض ہے۔

ہاں میں ایسا کر لوں گا مگر پہلے تُمہیں مُجھے سیگریٹ کا ڈبہ گفٹ کرنا ہو گا۔

ڈین بھی اُسے بخشنے والا نہیں تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈین تُمہیں اِس لئے ساتھ رکھ کر احسان نہیں کیا کہ تُم میری جیب خالی کرنے کے پیچھے پڑ جاؤ۔

تُم مجھے ہر چیز سے تو خالی کر چکے ہو اتنی اچھی نوکری تھی میری اب بھگتو مُجھے اور میری سیگریٹوں کو بھی۔۔۔

ڈین تُم سدھر گئے ہو ہمارے ٹیم کے ان آفیشل ممبر بھی بنا دیئے گے ہو مگر اب بھی تمھاری سیگریٹ پینے والی عادت مجرموں جیسی ہے۔

میں کوئی جرم نہیں میں نے شیکھ کا ساتھ دینے کے علاوہ اور کوئی ایسا کام نہیں کیا تُم تحقیق بھی کر چُکے ہو اور میں اُس کا خمیازہ بھی میں نے بہت بھگتا ہے۔

میری نوکری گئی گھر گیا تُم نے مُجھ پہ اتنے ظُلم توڑے۔

اور یہاں سیگریٹ پینا عام بات ہے۔

تُم اِس سب کے مستحق تھے کیونکہ تُم نے ظالموں کا ساتھ دیا تھا۔

مجھے تو جواب دیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لینیی اب قدرے اونچی آواز میں بولی۔

سر پہلے شرط رکھیں۔

کیسی شرط؟؟

بھول گئے آپ نے کہا تھا آپ جس سے شادی کریں گے اس کی چھوٹی بہن سے میری شادی کروائیں گے اور مجھے تو پینی پسند بھی ہے۔

ہاں تو لینیی تُم اِس کی شادی کروا سکتی ہو؟

زبردستی نہیں کر سکتی اپنی بہن پر وہ کھڑی ہے تُم اُسے متاثر کر سکتے ہو تو کر لو۔

پہلے کیوں نہیں بتایا کہ وہ بھی آئی ہوئی ہے۔

مُجھے بہادر لڑکیاں پسند ہیں اور تُم بھی پسند ہو کیونکہ تُم مُجھ سے محبت بھی کرتی ہو تو میں تُمہیں مایوس نہیں کروں گا۔

یاہوو۔۔۔اب میری باری

خلیق نے چیخ لگائی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور کرسیاں پھلانگتا پینی تک پُہنچا۔

ایک لمحے کو سب کا دھیان اس کی طرف ہوا مگر اگلے لمحے سب کا دھیان نکاح خواں کی طرف گیا۔

نکاح ہونے لگا ہے چلو سٹیج پر چلتے ہیں۔

متھاشر لینیی کا ہاتھ تھامے سٹیج کی طرف بڑھا۔

لینیی نے اپنے ہاتھ کو دیکھا جو متھاشر کی مضبوط گرفت میں تھا۔

من چاہے شخص کے پائے جانے کا الگ ہی احساس ہوتا ہے۔

اُس کی سب سے بڑی خواہش پوری ہوئی تھی آج

متھاشر زریي نے اُس کا ہاتھ تھام لیا تھا۔

نکاح کے وقت سب خاموش تھے سوائے سنی کے وہ نکاح خواں سے پہلے اگلا لفظ خود بولتا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نکاح خواں نے کئی بار اُسے گھورا مگر اُس نے ہمیشہ خر گوشی دانت دیکھا کر دوبارہ نہ بولنے کی تسلی دی۔

نکاح ختم ہوتے نکاح خواں نے سکون کا سانس لیا اور ایک کہر آلود نظر دولہے پر ڈالی ایسا دولہا اُس نے کہیں نہیں دیکھا تھا شاید دیکھنا بھی نہیں تھا۔

مگر وہ اب سب کے گلے مل کر مبارک باد وصول کر رہا تھا اُس کا نکاح خواں سے مطلب پورا ہو چُکا تھا۔

باسل لگے ہاتھوں تُم لوگ بھی منگنی کر لو۔

باسل کے والد نے اُسے انگوٹھی تھمائی۔

یہ یقیناً اِن کی ایمپریس ہوٹل والی منگنی سے بے خبر ہیں متھاشر سوچ کر رہ گیا۔

متھاشر تُم بھی کر لو بوڑھے ہو رہے ہو۔

متھاشر نے ایک اچٹتی نظر دائما پر ڈالی۔

جسے وہ نظر انداز کر گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما حیدر آپ کی یہ بات بھی مان لیتے ہیں۔

متھاشر نے ادھر اُدھر متلاشی نظروں سے دیکھا پھر اپنے پیچھے کھڑی لینیی کو آگے کیا۔

ایک لمحے کو وہ شرم سے سُرخ ہوئی۔

واؤ۔۔۔باسل نے تالیوں کا آغاز کیا پھر پورے ہال میں تالیاں گونجنے لگیں۔

متھاشر میں تُمہیں ہر بات بتاتا ہوں اور تُم نے مُجھے بھابھی کی بھنک نہیں ہونے دی۔

مُجھے خود ابھی پتہ چلا۔

کس بات کا؟

کہ تمھارا کوئی بھائی بھی ہے اور بھابھی بھی ہے اور مُجھے اُن کا پتہ بھی ہے اور تُمہیں بھی اُن کے بارے میں بتانا تھا۔

شٹ اپ۔۔

باسل منھ بنا کر رہ گیا ہو ہی نہیں سکتا تھا کہ متھاشر خود پر بات آنے دے بات کو چکر دے کر اُسی شخص کو قصوروار ٹھہرا دیتا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر ایک مسئلہ ہے۔

کیا؟

باسل مُجھے تُم سے کُچھ مانگنا ہے۔

باسل نے حیرت سے اُسے دیکھا اتنے سالوں میں یہ پہلا موقع تھا جب متھاشر نے اُس سے کُچھ مانگا تھا اور انکار کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔

جو چاہیے بغیر پوچھے لے سکتے ہو۔

اور اُسے باسل سے اسی کھلی آفر کی اُمید تھی۔

متھاشر نے شرارت سے دائما کو دیکھا۔

ایک لمحے کو اُسے لگا اُس کا سانس بند ہو گیا ہو ایسے کیسے اتنے آرام سے باسل نے بغیر پوچھے دینے کی اجازت دے دی۔

مُجھے دائما ایک لمحے کو وہ روکا سب کے تاثرات دیکھ کر لطف اندوز ہونا چاہتا تھا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سب کے چہروں سے اُس کے ایک لفظ نے رنگ نچوڑ لیے تھے ہر چہرے پر حیرت، پریشانی کے تاثرات تھے۔

مُجھے دائما کی اُنگلی میں پہنی یہ انگوٹھی چاہیے اِس کے بغیر منگنی نہیں ہوتی اور فلحال میرے پاس کوئی انگوٹھی نہیں سب جلدی میں ہوا۔

اٹکے سانس بحال ہوئے تھے۔

ایک باسل تھا جو اُس صورتِ حال میں بھی پُر سکون کھڑا تھا اُسے یقین تھا متھاشر اُس سے کبھی وہ چیز نہیں مانگ سکتا جو وہ دے نہ سکے۔

باسل نے آرام سے دائما کی اُنگلی سے انگوٹھی نکال کر متھاشر کو تھما دی۔

دائما نے شکوہ آمیز نظروں سے باسل کو دیکھا۔

یہ مُجھے بہت پسند تھی۔

ایسی اور لے دوں گا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور متھاشر نے ہاتھ میں پکڑی انگوٹھی کو معنی خیز مسکراہٹ سے دیکھا اِس انگوٹھی نے اُسے بہت رُلایا تھا تڑپایا تھا ساری وہ رات خود کی بزدلی پر چیخا کہ صبح اس کے گلے سے الفاظ بھی نہیں نکل رہے تھے۔

اُس نے ٹھان لی تھے کہ وہ یہ انگوٹھی دائما کے ہاتھوں میں نہیں رہنے دے گا۔

متھاشر زریی اپنے حساب برابر کرنا جانتا تھا۔

متھاشر نے خوبصورت مسکراہٹ کے ساتھ لینیی کے نازک سفید اُنگلی میں انگوٹھی پہنائی۔

یہاں زیادہ اچھی لگ رہی ہے متھاشر نے پہنّانے کے بعد اُس کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں تھامتے ہوئے کہا۔

دائما کا پارا مزید ہائی ہوا مگر اِس شخص پر اُسکا بس بھی تو نہیں چلتا تھا۔

تالیاں اور سیٹیاں بجیں اور سیٹیوں کا ماہر سنی تھا۔

وہ اپنی حرکتوں سے دولہا نہیں معلوم ہوتا تھا۔

میں نے بھی منگنی کرنی ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خلیق ضدی بچوں کی طرح با قاعدہ زمین پر بیٹھ گیا تھا۔

لڑکی تو منالو۔

لڑکی تُم مُجھ سے منگنی کرو گی؟

ویسے مجھے پتہ ہے میں بہت ہینڈسم ہوں قابل ہوں خوش مزاج ہوں اور تمھارے آگے پیچھے بھی ہو رہا ہوں لڑکیوں کو یہی سب چاہیے ہوتا ہے۔

مُحبت بھی چاہیے ہوتی ہے۔

لینیی کے بولنے پر خلیق نے اُسے گھورا۔

ویسے تمھاری بہن کے ساتھ میری کبھی نہیں بنی مستقبل میں شاید متھا شر سر اسے سیدھا کر دیں اور یہ میری عزت کرنے لگ جائے پر میں تمھارے ساتھ بنا کر رکھوں گا۔

اور محبت اب ایک دِن میں تھوڑی ہو سکتی ہے۔

پینی حیرت سے اُس شخص کو دیکھ رہی تھی جو اُسے متاثر کر چُکا تھا مگر اب بچگانہ حرکتیں کر رہا تھا یہ تھوڑی دیر پہلے اپنی کامیابیوں کے قصے سنانے والا خلیق نہیں لگ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُس کے ارد گرد موجود سب لوگوں کی نظریں اُسی پر جمی تھیں۔

اُس نے نیچے بیٹھے خلیق کو دیکھا وہ ویسا ہی تھا جیسے لڑکے کی اُسے تلاش تھی مگر اتنی جلدی میں سب ہونے کی توقع نہیں تھی۔

ٹھیک ہے۔۔

واقعی؟؟

خلیق کو حیرت ہوئی اُسے اتنی جلدی بات بننے کی امید نہیں تھی۔

ہاں واقعی تُم بُرے نہیں ہو۔

تو یہ تو مُجھے بھی پتہ ہے۔

خلیق نے اتنی معمولی تعریف پر منہ بسورا۔۔

تُم کہو میں اچھا ہوں۔

تُم بہت اچھے ہو۔

اور خلیق اِس زبردستی کی تعریف پر پھولے نہیں سما رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر یہی مسئلہ میرے ساتھ بھی ہے اور خلیق نے دائما کے ہاتھ میں ابھی ابھی پہنائی جانے والی انگوٹھی پر نظر گاڑھ لی۔

دائمانے باسل کی طرف دیکھ کر نفی میں سر کو جنبش دی۔

باسل نے ہاتھ بڑھائے تھے کہ کسی نے اُس کے ہاتھ پر زور دار تھپڑ مارا۔

خبر دار جو تُم نے میری بہو کی انگوٹھی لی۔

اور دائمانے سکون کا سانس لیا واقعی اچھے ساس سسر بھی نعمت سے کم نہیں ہوتے۔

لیکن امی آپ نئ لے دیجئے گا۔۔

نئ بھی لے دیں گے تُمہیں کیا مسئلہ ہے مگر اِس کو ہاتھ نہیں لگاؤ گے تُم اتنے شوق سے میں پاکستان سے بنوا کر لائی ہوں دیکھو اُس کے ہاتھوں میں اتنی اچھی لگ رہی ہے۔

باسل نے دیکھا واقعی اسے پہنی اچھی لگ رہی تھی وہ خاموش ہو گیا۔

دائمانے فخریہ انداز میں کندھے اُٹھائے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ کیا بات ہوئی دوسروں کی شادیوں میں سماج ظالم ہوتا ہے اور میری میں آنٹی ظالم ہو گئی ہیں۔

زرال نے اپنی انگوٹھی اُتاری۔

خبردار یہ میں نے منھ دیکھائی میں دی تھی اتنے سال سے سنبھال کر رکھی پھر تُمہیں منھ دیکھائی میں دی تُم کسی اور کو دے رہی ہو۔

کامل نے دوبارہ انگوٹھی اُسے پہنادی زرال

جواب میں مُسکرادی وہ اُس کی ہر چیز کے بارے میں ایسے ہی حساس ہوتا تھا۔

سمین یار تُم اتار دو۔

نہیں میری بھی منھ دیکھائی کی ہے یہ آپ کا دیا گیا پہلا تحفہ ہے۔

عبداللہ بھی خاموش ہو گیا اولڈ پیلس سے رہائی کے بعد وہ اُسے اپنے ساتھ لے گیا تھا اور وہیں شادی کرلی تھی اور اسے یہ پہلا تحفہ دیا تھا۔

سب نے راشق کی طرف دیکھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں تو اپنی بیوی ہی نہیں لایا انگوٹھی کہاں سے لاؤں۔۔۔اُس نے شانے اچکاتے کہا۔

یہ کیا بات ہوئی میری منگنی کی باری انگوٹھیوں کی ہی کمی ہو گئی ہے۔

متھاشر نے جیب سے ایک انگوٹھی نکال کر اسے دی۔

دائما مزید تپی اگر اِس کے پاس انگوٹھی تھی تو میری کیوں لی۔

یہ پرانی ہے۔

جیسی بھی ہے فلحال اسی پر گزارا کرو۔

اور خلیق نے جھٹ سے پہنا دی۔

تالیاں بجیں۔

لیکن دائما نے آگے جھک کر انگوٹھی دیکھی اور جھٹکے سے پیچھے ہوئی یہ انگوٹھی بھی اُس کی تھی اس کے پاس کہاں سے آئی اُسے یاد نہیں آیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور متھاشر نے اپنے پاس موجود اُس کی واحد انگوٹھی بھی نہیں رکھی تھی ورنہ ہاسپٹل میں اُس کے ہاتھ سے اُتارنے کے بعد رات دیر تک وہ اسے دیکھتا تھا۔

مگر اب وہ دائما حیدر سے متعلق سب کُچھ دفنا دینا چاہتا تھا۔

اُس نے نظر اُٹھا کر دیکھا دائما اُسے غصے سے دیکھ رہی تھی مگر وہ اُس کا غُصہ کبھی بھی خاطر میں نہیں لا سکتا تھا۔

اُس نے رُخ پھیر لیا۔

باسل میں سوچ رہا ہوں یہاں سب موجود ہیں سارا انتظام ہے نکاح خواں بھی موجود ہیں تُم دونوں نکاح کر لو۔

متھاشر کی بات پر دائما کا منہ کھل گیا تھا۔

یہ انسان آج اس سے پتہ نہیں کون کون سے بدلے لے رہا ہے۔

باسل کے بابا نے اُس کی طرف دیکھا اور بیٹھنے کا اشارہ کیا باسل سنی کو پیچھے کر کے فوراً سج کر بیٹھ گیا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما بیٹھ جاؤ جتنی تُم پھرتیلی لڑکی ہو تمھاری شادی بھی اُتنی ہی پھرتی سے ہونی ہے۔

صحیح کہہ رہا ہے حسینہ بیگم نے اُسے باسل کے ساتھ بیٹھا دیا۔

اُن سے بہتر دائما کی پھرتیوں کے بارے میں کون جا سکتا تھا۔

نکاح خواں اِس بار خوش تھا کیوں کہ باسل سنی جیسی حرکتیں نہیں کر رہا تھا۔

کیونکہ سنی ایک واحد پیس ہی تھا۔

ہال میں خوشی کا سما تھا۔

وہ ایک شادی کے لیے مدعو ہوئے تھے یہاں دو ہو گئی تھیں۔

اولڈ پیلس کی لڑکیوں نے شور مچا رکھا تھا۔

اُن کے مسیحا کی شادی تھی جو اُن کا بھائیوں سے بڑھ کر ہر معاملے میں ساتھ دیتا تھا۔

سٹیج پر سب اب ڈانس کر رہے تھے جن میں سرِ فہرست خلیق تھا۔

سنی نے بہت بار اٹھنے کی کوشش کی مگر زبور اُسے ہمیشہ بیٹھا دیتی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زبور میرا ڈانس کرنے کو دِل کر رہا ہے۔

تُم دولہے ہو اور دولہے آرام سے بیٹھتے ہیں جو تُم سے بیٹھا نہیں جا رہا۔

دیکھو باسل بھی تو آرام سے بیٹھا ہے۔

اوکے بیگم۔۔

سنی بے بسی سے بولا۔

دائما سٹیج سے اٹھ کر نیچے کھڑے متھاشر کے پاس آئی۔

متھاشر مُجھے تُم سے بات کرنی ہے۔

بولو۔۔

اُس نے موبائل کی سکرین سے چہرہ اٹھا کر اُسے دیکھا۔

مُجھے بابا نے کہا تھا تُم میرا پرپوزر لائے تھے۔

دائما حیدر میں نے تمہیں پہلے بھی کہا تھا خوش فہم ہونا اچھا ہوتا ہے مگر اِس حد تک نہیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انکل نے تُمہیں کیا کہا تھا؟

کہ تُم میرا پرپوزر لائے تھے۔

یہ نہیں بتایا تھا کس کے لئے لایا تھا؟

اور وہ خاموش ہو گئی تھی اُس نے پوری بات تو سنی ہی نہیں تھی۔

باسل کے لئے لایا تھا اُن کی بات سن لیتی تو تمہیں باسل کے زندہ ہونے کا بھی تبھی پتہ چل جاتا۔

مُجھے تُم سے شادی کرنی ہوتی تو آج سٹیج پر میرے ساتھ بیٹھی ہوتی۔

انگوٹھی کہاں سے لی میری؟

ہاسپٹل میں گر گئی تھی تُمہیں واپس کرنے کے لئے ہی لایا تھا۔

اور متھاشر نے ایک بار پھر ساری بات سامنے والے پر ڈال دی تھی۔

سوری میں نے تمہیں غلط سمجھا۔

بس سمجھنے میں جلد بازی نہ کیا کرو۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور باسل نے دائما کے پاس آ کر جھٹکے سے اُس کا ہاتھ پکڑ کر کھینچا۔

کہاں لے کر جا رہے ہو؟

دائما نے ہاتھ چُھڑوانے کی کوشش کی مگر گرفت مضبوط تھی۔

اُس نے پھر مزاحمت نہیں کی اور خاموشی سے اُس کے پیچھے چلنے لگی۔

~~~~~~~~~

دائما اُس کے پیچھے سر جھکائے چل رہی تھی۔

باسل نے گاڑی کے سامنے رک کر مڑ کر اُسے دیکھا۔

بڑی سعادت مند ہو گئی ہو؟

تُم بھی تو مجازی خُدا ہو گئے ہو۔

اور باسل کے ہونٹوں پر مسکراہٹ بکھری۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

چلو گاڑی میں بیٹھو وقت پہ پُہنچنا ہے۔

وہ بغیر سوال کیے بیٹھ گئی۔

انکل آنٹی کب آئے؟

کل ہی آئے ہیں۔

تُم نے مجھے نہیں بتایا؟

سرپرائز دینا تھا۔

پہلے کم سرپرائز تھے؟

اتنے زیادہ بھی نہیں تھے۔

وہ مسکراہٹ دباتے بولا کیونکہ دائما سنجیدہ لگ رہی تھی۔

کب تک رہیں گے؟

ہمیشہ کے لیے۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

واقعی؟

وہ چہکی۔۔

ہاں میں بہت عرصے سے سوچ رہا تھا اُنہیں بلانے کا مگر اولڈ پیلس میں جانے کے بعد اُنہیں بلانے کا فائدہ نہیں تھا کیونکہ اُن کے پاس رہ تو سکتا نہیں تھا۔

اور پاکستان ہم دونوں اپنی جابز کی وجہ سے نہیں جاسکتے اُنہیں اکیلا نہیں چھوڑ سکتا تھا۔زارال بھی یہاں آگئی تو پاکستان رہنے کی تو کوئی وجہ باقی نہیں رہی۔

دائمانے مسکراتے ہوئے سر ہلایا۔

تُم عبداللہ اور کامل کی شادی پہ نہیں گئے؟

اجازت نہیں ملی سیکرٹ ایجنٹ اپنی مرضی سے کہیں نہیں جاسکتا تب خطرہ تھا اور میں ٹریول کرنے کی حالت میں بھی نہیں تھا سیکیورٹی فورسز والے اپنے ایجنٹس کو صحت کے معاملے میں رسک نہیں لینے دیتے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا سوچ رہی ہو؟

باسل نے دائما کو پُر سوچ نظروں سے گاڑی سے باہر دیکھنے پر پوچھا۔

وہ جو سمجھ نہیں آرہا۔

کیا سمجھ نہیں آرہا؟

یہ بھی سمجھ نہیں آرہا۔

تُم اِس طرح کر کے یہ تو نہیں اُگلوانا چاہتی کہ ہم کہاں جا رہے ہیں؟

نہیں۔۔

اُس کے یک لفظی جواب پر باسل حیران ہوا۔

چلو میں پھر بھی بتا دیتا ہوں کہ ہم کہاں جا رہے ہیں۔

ہمارا اِنتظار ختم ہونے والا ہے۔

ہم جن مجرموں کی سزا کے منتظر تھے وہ آج اپنے انجام کو پہنچے گے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما نے رُخ بدل کر باسل کی طرف دیکھا آنکھوں میں حیرت در آئی تھی۔

بغیر کسی کیس کے اُن کو سزا کیسے مل گئی؟

متھاشر نے کیس کیا ہوا تھا اور جو ثبوت ہر ٹی وی چینلز پر دیکھائے تھے اور عدالت میں بھی پیش کیے تھے۔

اُس ریکارڈنگ میں شیکھ خود اُس گینگ کا سربراہ ہونے کا اعتراف کر رہا تھا۔

ریکارڈنگ میں ہر بات اُس کے خلاف تھی۔

اور اُس ویڈیو کی تصدیق کے لئے چیکنگ بھی کروائی گئی مگر ویڈیو کے ٹھیک تھی اور اُسے دُرست ہی ثابت ہونا تھا۔

تُم نے بہت اچھا کام کیا اگر ہمارے پاس ثبوت نہ ہوتے تو شاید اُنہیں چھوٹ مل جاتی اور مُجھے کبھی مائیکرو کیمرے کا خیال ہی نہیں آیا تھا۔

شیکھ کے خلاف کڑی سے کڑی سزا کی اپیل کی گئی تھی جو منظور ہو گئی اور اس کو پھانسی ہو گی۔

واقعی؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما نے جوش سے پوچھا..

باسل نے اثبات میں سر کو جنبش دی۔

مطلب میرا اولڈ پیلس میں جانا رائیگاں نہیں گیا میری محنت میرے ثبوت اُس کو انجام تک پہنچانے میں سب کام آیا۔

راہِ حق کے لئے کی جانے والی محنت کبھی بے سود نہیں جاتی۔

باسل نے پولیس اسٹیشن کے باہر گاڑی روکی راستے میں سب اہلکاروں نے اُسے دیکھتے سر جھکایا۔

وہ سلاخوں کے پیچھے کھڑے اپنے مجرموں کو دیکھ رہے تھے۔

جن میں اب کوئی دم نظر نہیں آتا تھا۔

میلے کپڑے، بکھرے بال اُجڑی حالت۔۔

وہ دونوں خاموشی سے سامنے بے بسی کا مجموعہ بنے اُن مجرموں کو دیکھ رہے تھے۔

جُرم کا انجام ایسا ہی ہوتا ہے۔

سر یہاں سائن کر دیں پھر ہمیں اِنہیں لے کر جانا ہے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل نے ایک نظر اُس کے پھانسی کے پرمٹ پر اور دوسری نظر اُس شخص پر ڈالی جس کی آنکھوں میں رحم کی اپیل تھی آنکھوں میں آنسو تھے۔

باسل تُم میرے ساتھ ایسا نہیں کر سکتے باسل تُم تو بہت رحم دل ہو تُم تو میری ہر بات مانتے تھے۔

سر اگر آپ لوگ اِن کے بارے میں رایت چاہتے ہیں تو ہم کر سکتے ہیں۔

ہم سوچ۔۔۔

نہیں ہمیں اِن کا انجام دیکھنا ہے بس۔۔

دائما فوراً باسل کی بات کاٹتے ہوئے بولی۔

باسل خاموش ہو گیا وہ اُسے معاف کر سکتا تھا مگر وہ صرف اُس کا مجرم نہیں تھا۔

دائما ایسے نہ کرو مُجھے مرنے سے بہت ڈر لگتا ہے۔

یہی تو فرق ہے مسلمان اور غیر مسلم میں اُنہیں اللہ تعالیٰ سے رحم کی اُمید ہوتی ہے معافی کی بخشش کی اُمید ہوتی ہے مگر غیر مسلم کو خوف ہوتا ہے اپنے گناہوں کے انجام کو دیکھنے کا شاید اُنہیں اپنے خُدا سے رحم کی اُمید نہیں ہوتی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انہیں باہر نکالو۔

وہ انتہائی سنجیدگی سے اُس کا چہرہ دیکھ رہی تھی اندازہ لگانا مُشکل تھا کہ اُسے اُس پر رحم آرہا تھا یا نہیں۔

تو شیکر وشاس کیا تُم مانتے ہو تُم نے آج تک جو کام کیا وہ انتہائی گھٹیا کام تھا؟

مانتا ہوں۔

شیکھ نے فوراً سے جواب دیا۔

اُسے اُمید بندھی کہ دائما اسے معاف کر دے گی۔

دائما باسل کو اشارہ کر چکی تھی وہ اُس کے اقرار کی ویڈیو بنا رہا تھا۔

اب تک کتنی لڑکیوں کو بیچ چُکے ہو؟

تین ہزار سے زائد۔۔

اور دائما نے سر تھام لیا۔

اور تُمہیں لگتا ہے اُن میں سے کتنی تُمہیں معاف کر سکتی ہیں؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خاموشی لمبی خاموشی جواب تھا ہی نہیں اور اگر تھا تو اتنا تلخ کے وہ ہضم بھی نہیں کر سکتا تھا۔

مُجھے لگتا ہے شاید کبھی کوئی تُمہیں معاف کر دے لیکن اتنی جلدی نہیں تب جب اُن کی زندگیوں میں دوبارہ خوشیاں آجائیں اور وہ تمھارے دیئے زخم بھول جائیں۔

مگر تمھیں اندازہ ہے اُن کا کیا حشر ہوتا ہے اُن کے اپنے اُنہیں چھوڑ دیتے ہیں اُن کے لئے زندہ رہنا محال ہو جاتا ہے۔

کسی لڑکی کی عزت نہ رہے تو کوئی عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھتا۔

بغیر کسی قصور کے وہی قصوروار سمجھی جاتی ہے۔

تُمہیں لگتا ہے وہ تُمہیں معاف کر دیں گی؟

تُم معافی کے قابل ہو؟

ہزاروں لڑکیوں کی زندگیاں اجاڑنے کے بعد تُم معافی کی توقع کیسے کر سکتے ہو؟

تُم ہزاروں لڑکیوں کے آنسو کی وجہ ہو۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمھیں اپنے وجود سے گھن نہیں آتی تُمہیں تو اب تک اپنا آپ خود ختم کر لینا چاہیے تھا اور تُم زندگی کی بھیک مانگ رہے ہو۔

شیکر وشاس تُم نے تو مجھے حیران کر دیا۔

اور وہ خاموش ہو گیا تھا جو وہ کہہ رہی تھی حقیقت تھا وہ بھی حیران ہوا تھا یہ سوچ کر کہ یہاں سے چھوٹ جانے کی چاہ میں وہ یہ سب کیوں نہیں سوچ پایا۔

پیپر زدیں۔

پیپر پکڑائے گئے اور دائما نے اُس شخص کی موت کے پروانے پر دستخط کر دیئے۔

دائما حیدر نے تُمہیں معاف کیا۔

شیکھ نے حیرت سے اُسے دیکھا آنکھوں میں اب کی بار نہ خوشی تھی نہ ہی کوئی امید۔۔

مگر وہ سب لڑکیاں تمہیں معاف نہیں کریں گی اور میں یہاں پر اُن کی نمائندہ ہوں وہ تمھارا یہی انجام چاہتی تھیں اور تمھارا یہی انجام ہو گا۔

کیا اب ہم انہیں لے جا سکتے ہیں؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہم بھی ساتھ چلیں گے۔

دائما ہم وہاں کیا کریں گے ؟

انکا انجام دیکھیں گے تُم زیادہ رحم دل نہ بنا کرو۔

بنتا نہیں ہوں میں رحمدل ہوں۔

دائما نے کندھے اچکائے (شاید ہو)۔

اُسے دونوں بازوؤں سے پکڑ کر اُسے پھانسی کے تختے تک لے کر گئے۔

کوئی مزاحمت نہیں کی گئی شاید سامنے موت نظر آ رہی تھی۔

سیاہ کپڑا چہرے پر چڑھایا گیا۔

گلے میں رسی ڈالی گئی۔

چہرے پر کپڑا ہونے کی وجہ سے اُس کے چہرے کے تاثرات دیکھنا ممکن نہیں تھا۔

دائما حیدر تُم کیا سارا منظر دیکھ کر جاؤ گی؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل سر نیچے کیے کہہ رہا تھا وہ ایسا منظر دیکھنے کا بلکل خواہش مند نہیں تھا۔

دائما نے باسل سے دھیان ہٹا کر سامنے دیکھا تو ایک لمحے کو سانس رکا لیور کھینچ دیا گیا تھا۔

جسم میں خوف کی لہر دوڑتی محسوس ہوئی۔

موت سے ہر انسان ڈر جاتا خاص طور پر تب جب اپنے سامنے کسی کو مرتا ہوا دیکھے۔

وہ اپنی طرف سے خود کو خُدا سمجھ کر لوگوں کی زندگیوں کے فیصلے کرتا پھیرتا تھا ہوا میں جھول رہا تھا ٹانگیں متواتر ہل رہی تھیں جان نکل رہی تھی اُس تکلیف اور اذیت کا مداوا ہو رہا جو اُس نے ہزاروں بے قصور معصوم لڑکیوں کو دی تھیں جُرم انجام کو پُہنچ رہا تھا۔

اور وہ اگلے دس منٹ بغیر پلکیں جھپکے سامنے کا منظر دیکھ رہی تھی کسی کی روح کا جسم سے الگ ہونا کتنا دردناک ہوتا ہے اُسے اب معلوم ہو رہا تھا۔

دائما کیا وہ مر گیا؟

باسل آنکھوں پر ہاتھ رکھے پوچھ رہا تھا۔

دائما نے شیکھ کے ساکت وجود سے نظریں ہٹا کر اسے دیکھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُسے وہ بچوں جیسا لگا جو کسی چیز سے خوف زدہ ہو کر چہرہ چھپا لیتے ہیں۔

باسل حسن تُم ڈرپوک ہو۔

نہیں میں رحمدل ہوں۔

وہ مر گیا؟

ہاں مر گیا۔

اور اس کی قبر اولڈ پیلس کے ملبے پہ بنوائی جائے گی۔

اور باسل نے چہرے سے ہاتھ ہٹائے۔

تُم نے اتنی سفاکی سے اُسے مرتے دیکھا ہے۔

باسل اگر میرے جگہ وہ لڑکیاں ہوتیں تو ایسے ہی اِس کو مرتے دیکھتیں۔

اُنہوں نے اِس کے ایسے ہی مرنے کی دعائیں کی ہونگی۔

میں نے خود کو حورین اور ان ہزاروں لڑکیوں کی جگہ رکھ کے یہ منظر دیکھا ہے اُنہیں بھی آج ایسی ہی تسکین ملی ہو گی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آج ظُلم کا ایک باب ختم ہوا اور اگر یہ کبھی کھولا جائے گا تو صرف عبرت کے طور پر کھولا جائے گا۔

اب چلیں؟؟

کہاں؟

محبت کی داستان کا ایک باب ختم کرنے۔۔

اور دائما کے چہرے پر مسکراہٹ پھیلی وہ جانتی تھی اُنہیں کہاں جانا تھا۔

باسل ابھی ایک کام باقی ہے۔

اور وہ خواتین کے لاک اپ کی طرف بڑھی اور متلاشی نظروں سے دیکھنے لگی۔

اور تھوڑی دیر میں اُسے کونے میں سر گھٹنوں میں دیئے بیٹھی لڑکی نظر آئی۔

نازک حسینہ وہ زیرِ لب بڑبڑائی۔۔

سنیہا الال کو باہر بلوائیں۔

اور وہ تو باسل کو دیکھ کر دیوانی ہو گئی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل تُم آ گئے مُجھے پتہ تھا تُم مُجھے یہاں سے نکلوانے آؤ گے تمھیں اندازہ بھی ہے میں نے تمہارا کتنا اِنتظار کیا۔

وہ باسل کے بازو سے چپکے شکوے کرنے لگی۔

سنیہا بازو چھوڑو۔

نہیں تُم مُجھے چھوڑ کے چلے جاؤ گے۔

اور اس کی نظر ساتھ کھڑی دائما پر پڑی اور آنکھوں میں سُرخی دوڑی۔

جو انتہائی بے زاری سے اسے دیکھ رہی تھی۔

تُم کیا کر رہی ہو یہاں کیا لینے آئی ہو۔

تمھارا انجام دیکھنے نازک حسینہ۔۔۔

اور دائما مسکراتے ہوئے بولی۔

اور سنیہا کو اُس کے مسکرانے پر آگ لگ گئی۔

اُس نے ہاتھ اُٹھایا جسے کسی نے اپنی مضبوط گرفت میں لے لیا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور زناٹے دار تھپڑ اُس کے چہرے کی نازک جِلد پہ لگا۔

خبر دار جو دوبارہ میری بیوی کو ہاتھ لگانے کا سوچا بھی اگلی سانس لینا تُم پہ حرام کر دوں گا۔

دائما اس سے خود بھی نپٹ سکتی تھی مگر آج اُس کا محافظ اُس کے ساتھ تھا۔

اور سنیہا پر صحیح معنوں بجلیاں گری تھیں

چلو دائما باسل دائما کا ہاتھ تھامے چل پڑا۔

سنیہا پیچھے لپکی اور اُس کا بازو پکڑا۔

تُم میرے ہو مُجھے چھوڑ کے نہیں جا سکتے۔

تُم جیسی لڑکیاں کسی کی نہیں ہوتیں پھر یہ توقع بھی نہ رکھا کریں کہ کوئی اُن کا ہو چکا گا۔

اور وہ جھٹکے سے بازو چھڑواتا آگے بڑھ گیا۔

وہ پیچھے بت بنی کھڑی رہی وہ اُسے اُس کی حقیقت بتا گیا تھا۔

اُسے گھسیٹ کر پھر سے اُسی قید خانے کے اندر ڈال دیا گیا جہاں اُسے مزید بیس سال رہنا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اے شخص سُن تو میری محبت کی داستان

جس میں تُجھ سے بچھڑ جانے کو ہم نے موت لکھا تھا

آنسو آنکھوں سے بہہ رہے تھے۔

جن لڑکیوں کو میٹھی باتیں کر کہ میں نے پھنسایا تھا اور ان کی زندگیاں خراب کی تھیں وہ مُجھ سے دھوکا کھا گئی تھیں۔

میں بھی باسل حسن تمھارے میٹھے لہجے سے متاثر ہو گئی تُم سے محبت کر بیٹھی یکطرفہ لاحاصل محبت اور میں تُم سے دھوکا کھا گئی تُم تو تلخ حقیقت کی طرح میرے گلے کا طوق بن گئے ہو جسے میں اُتار بھی نہیں سکتی کیونکہ تُم مُجھے بہت عزیز ہو۔

وہ خود کلامی کر رہی تھی خود کو کوس رہی تھی اور اُسے اب یہی سب کرنا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ شخص اچھا ہے

میرے سوا ہر شخص کے ساتھ

ہم کب تک پُہنچے گے؟

دائما بیزار سی بولی۔

اُس وقت جب ہم وہاں پہلی بار ملے تھے۔

دائما نے ڈوبتے سورج کو دیکھا جو اب نارنجی رنگ میں ڈھل چکا تھا۔

دائما نے آنکھیں موند لیں ابھی کافی سفر باقی تھا۔

دائما۔۔دائما

وہ اِس بار قدرے اونچی آواز میں بولا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما ہڑبڑا کر اٹھی۔

کیا آفت آگئی ہے؟

اُس کی میٹھی نیند کے مزے خراب ہوئے تھے غُصہ بنتا تھا۔

آفت نہیں آئی ٹریبیون بے آگئی ہے۔

دائما نے آنکھیں مسلتے ہوئے شیشے سے باہر دیکھا جہاں پانی کی لہریں ساحل پر آکر پیچھے جا رہی تھیں اور سفید ریت کو بھیگا رہی تھیں۔

دائما نے ہاتھ باسل کی طرف بڑھایا جیسے اُس نے تھام کر دائما کو باہر کھینچا۔

اور وہ سفید ریت پر بیٹھ کر اُسے مُٹھی میں بھرنے لگی پھر آہستہ سے اُسے مُٹھی سے گرانے لگی۔

ٹریبیون بے آکر یہ اُس کا کیا جانے والا پسندیدہ کام تھا۔

باسل تُمہیں پتہ یہ پسلتی ریت ہمیں کیا بتا رہی ہوتی ہے؟

اُس نے باسل کو بیٹھتا دیکھ کر پوچھا۔

اور باسل نے سوالیہ انداز میں دونوں ابرو اوپر کی جانب اُٹھائیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہی کہ اختتام جس کا بھی ہو وہ خالی ہاتھ رہ جاتا ہے۔

دائما نے خالی ہتھیلی اُس کے سامنے کرتے کہا سفید ریت اب چھوٹے سے ڈھیر کی شکل میں نیچے پڑی تھی۔

میں ابھی آیا۔۔

باسل کہتا گاڑی کی جانب بڑھا۔

اور جب وہ لوٹا تو اُس کے ہاتھ میں گٹار تھا۔

دائما کا چہرہ خوشی سے کھلا۔

باسل نے وہی دھن بجانا شروع کی جو اس نے دائما کو پہلی بار دیکھ کر بجائی تھی اب بھی چہرے پر ویسی مسکراہٹ تھی آنکھوں میں اطمینان تھا۔

دائما آج سفید ساحل سے شروع ہونے والی محبت سفید ساحل پر انجام تک پہنچی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باسل کی نظر اس کی کلائی میں پہنے سنہری موتیوں والے کڑے پر پڑی اور اُس نے نرمی سے دائما کی کلائی سے اُتارا۔

دائما نے حیرت سے اُسے دیکھا۔

اِس کا کام باسل حسن کو دائما حیدر کی طرف راغب کروانا تھا اور یہ اپنا کام کر چُکا ہے اب یہ کسی کام کا نہیں۔

دائما نے کوئی سوال نہیں کیا اور اپنا سر باسل کے کندھے پر رکھ دیا۔

استغفر اللہ۔۔۔۔استغفر اللہ

باسل اور دائما نے آنکھیں بھینچیں وہ دونوں آواز سے پہچان گئے تھے کہ کس آفت نے یہ منظر دیکھ لیا تھا۔

کیا حرکتیں کی جارہی ہیں؟

کُچھ بھی نہیں۔۔

سنی کی بات پر لاعلمی ظاہر کرتے باسل نے کڑا پانی میں پھینکا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور سنی نے کڑا پانی میں گرتا دیکھ کر دل تھاما۔

دائما کی بچی تُم نے میرے تحفے کی یہ قدر کی ہے؟

پرانا ہو گیا تھا میں نے سوچا یہ پھینکے گے تو نیا لے کر دو گے۔

مجھے دوبارہ اپنے پیسے ضائع نہیں کرنے۔

باسل کے جواب پر سنی نے منھ بناتے کہا۔

ایسے نہ منھ بناؤ تُم پر پیار آجاتا ہے۔

یہ چھچھورپن دائما کے ساتھ ہی کیا کرو۔

اور باسل نے اس کی بات پر قہقہہ لگایا۔

میں تُم لوگوں کی حرکتوں کے بارے میں حسیب کو بتاؤ گا۔

اب یہ حسیب کون ہے؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میرا بیٹا۔۔

اور بیٹی ہو گئی تو؟

تو حسیب کی جگہ حسیبہ کر لیں گے۔

اور سوائے زبور کے سب کے چہروں پر مسکراہٹ پھیلی۔

یہ بندہ کبھی سیریس نہیں ہو سکتا زبور تاسف سے سر جھٹکتی بولی۔

دائمانے ساتھ کھڑی زبور اور لینیی کو دیکھا۔

لینیی متھاشر کہاں ہے؟

دائمانے کسی خیال کے تحت پوچھا۔

اُن کے سر میں درد تھا آرام کرنے گھر چلے گئے۔

تھوڑی دیر پہلے تک تو بہت خوش تھا۔

کہہ رہے تھے تھک گئے ہیں وہ سادگی سے جھوٹ بول گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما کے سامنے متھاشر کا چہرہ لہرایا اُس نے پہلی بار متھاشر زریی کو نظریں نہ ملاپاتے دیکھا تھا۔

اُس کی زبان کی لرزش اور چہرے پر جھوٹ اُسے محسوس ہو گیا تھا۔

وہ اُنہیں حسیب کے نام کو بدلنے کی تجاویز پر بحث کرتا دیکھ کر کھڑی ہوئی اور اُن سے ذرا فاصلے پر پتھر سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئی۔

اور کُچھ سوچتے ہوئے موبائل نکال کر نمبر ملانے لگی۔

متھاشر جو سر تھام کر بیٹھا تھا فون کی بیپ پر سر اٹھایا۔

وہ موبائل اُٹھا کر پٹخنے لگا تھا جب فون کرنے والے کا نام دیکھ کر رکا۔

اور ہمیشہ کی طرح بے بس ہوتے اس نے دائما کی کال اٹھائی۔

تُم ٹھیک ہو؟

ہاں ٹھیک ہوں۔

بہت جھوٹ بولنے لگے ہو۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور دوسری جانب خاموشی چھا گئی۔

دائما نے اپنے سامنے پانی کی لہروں کو پاؤں پر پڑتا دیکھ کر خوش ہوتی لینیی کو دیکھا۔

متھاشر کبھی کسی کے آنسوؤں کا سبب نہ بننا خوشیاں دو گے جواب میں خوشیاں ملیں گی اور۔۔

متھاشر کا دِل چاہا سوال کرے کہ اور کون سا حکم اُس پر نافذ کرنا ہے۔

اور جو نہیں ملا اُس کے لیے اُداس نہ ہونا تُم بحث کرتے مقابلہ کرتے اچھے لگتے ہو نہ کہ کسی کونے میں چھپ کر بیٹھے۔

متھاشر نے گہرا سانس لیا۔

پہلی بار کسی نے اُس کا جھوٹ پکڑا تھا اُس کا وار پہلی بار اُس تک لوٹ کر آیا تھا۔

اور یہ صرف دائما ہی کر سکتی ہے یہی کیوں ہمیشہ پہلے نمبر پر ہوتی ہے وہ سوچ کر رہ گیا۔

متھاشر زریی اپنی بات سے کبھی نہیں پھرتا۔

مرد اگر اپنی بات پر ڈٹا نہ رہ سکے تو پھر اُسے خود میں مردانگی ہونے کا دعویٰ نہیں کرنا چاہیے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دائما کو اُس سے ایسے ہی جواب کی اُمید تھی وہ خود پر بات کیسے آنے دے سکتا تھا وہ متھاشر زریی تھا۔

لینیی کا خیال رکھنا بہت اچھی لڑکی ہے۔

وہ اب میری زمہ داری اور اور زمہ داریوں سے بھاگنے والے راہِ فرار اختیار کرنے والے مُجھے زہر لگتے ہیں۔

اور میں خود کو اپنے لیے ہی قابلِ نفرت تو نہیں بناؤں گا نہ۔۔۔

وہ آدمی ھے عام سا
اک قصہ نا تمام سا

لہجہ بے مثال ھے

بات میں کمال ھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ھے دیکھنے میں عام سا

اک اداس سی شام سا

نہ مہ جبینوں سے ربط ھے

نہ شہر توں کا خبط ھے

رانجھا ھے نا قیس ھے

نہ انشاء ھے نا فیض ھے

وہ پیکر اخلاص ھے

وفا، دعا اور آس ھے

وہ شخص خود شناس ھے

تم ہی کرو یہ فیصلہ

وہ آدمی ھے عام سا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یا پھر بہت ہی خاص ہے

کال کب کی کاٹ دی گئی تھی۔

وہ سامنے پانی پر پڑتی چاند کی روشنی دیکھ رہی تھی آج روشنی مدھم نہیں تھی۔

باسل اٹھ کر اُس کے پاس آیا۔

کیا سوچ رہی ہو؟

یہی کہ سب اپنے میرے پاس ہیں جن کی قدر اب پہلے سے زیادہ ہو گئی ہے۔

وہ سامنے موجود سنی اور زبور کو دیکھتے بولی تھی۔

" کبھی کبھار بچھڑ جانا ضروری ہوتا ہے تاکہ پانے کی چاہ مزید بڑھے۔"

.....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تصویریں اور ویڈیوز سکرین کے ایک کونے میں چل رہی تھیں جب کہ دوسرے کونے میں وہ سیاہ کوٹ پہنے سنجیدہ چہرہ لیے بول رہی تھی۔

لڑکیوں کی عزتیں اچھالنے والوں کی صرف ایک سزا ہوتی ہے اور وہ ہے پھانسی۔۔۔۔

جیسے یہ عورتوں کی عزتیں سرِ بازار پامال کرتے ہیں ویسے ہی اِن کی موت اِن کے انجام کے منظر دیکھانے چاہیئے تاکہ لوگ عبرت حاصل کر سکیں۔

ایسا کُچھ سوچنے سے پہلے لوگوں کی آنکھوں سے سامنے ایک لمحے کو ان کا چہرہ ضرور لہرائے گا ایک لمحے کو دِل ضرور دہلے گا اپنے ایسے انجام کے بارے میں سوچ کر شاید انہیں دیکھ کر بہت سے لوگوں یہ کام چھوڑنے کا ارادہ کر لیں شاید بہت سے لوگ یہ کام کرنے کا اِرادہ ترک کر دیں۔

یہ ریکارڈنگ آپ تک پہنچانے کا یہی مقصد تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سنی تُم پوپ کارن کیوں لائے ہو ہم کوئی فلم تو نہیں دیکھ رہے۔

زبور اُسے پوپ کارن لاتا دیکھ کر بولی۔

دائما حیدر خود اینیمیٹڈ فلم سے کم نہیں۔

سنی منہ میں پوپ کارن ڈالتے بولا نظریں ہنوز سکرین پر گڑھیں تھیں۔

سب لوگ اکھٹے ہو کر بڑے اہتمام سے دائما کا شو دیکھ رہے تھے۔

سب نے نظریں ایسے سکرین پر گاڑھیں ہوئی تھیں جیسے فلم کے کسی سین کے مس ہو جانے کا ڈر ہو۔

دائما بہت بہادر ہے۔

باسل نے ایک نظر اپنے باپ اور دوسری نظر سامنے سارے جہان کی سنجدگی لیے بولتی دائما پر ڈالی۔

فراٹے ہے فراٹے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muntazir E Saza | By Munaza Mirza (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور سب نے بامُشکل اپنی ہنسی کنٹرول کی۔

آھم۔۔۔آھم

اور باسل نے زبان کاٹی وہ بھول گیا تھا کہ وہ لائیو نہیں بلکہ ریکارڈڈ شو دیکھ رہا ہے۔

تو باسل حسن میں کیا ہوں؟

سر پھری فراٹے لڑکی۔۔۔

باسل نے تڑخ کر کہا۔

مُجھے بہادر لوگ پسند ہیں مگر صرف نام کے نہیں دائما باسل کی پیشانی پر آیا پسینہ صاف کرتے بولی۔۔

سب کا قہقہہ گونجا۔۔

~~~~~~~~

ختم شدہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ

کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel